رجسٹرڈ سی نمبر 12 قیمت 10 روپے
کوئٹہ، اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ A.B.C Certified
MEMBER OF APNS
روزنامہ عوام کوئٹہ
DAILY AWAM QUETTA
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 پیر 22 ربیع الثانی 1448ھ 05 اکتوبر 2026ء فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 شمارہ 83

آنے والی نسلوں کیلئے امید، علم اور ترقی کے نئے دروازے کھلے ہیں، بلوچستان کا مستقبل بندوق کر پہاڑوں میں چھپنے والے نہیں، کتاب تھامنے والے لکھیں گے، میر سرفراز

حکومت نے ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے تحت دنیا بھر کی 100 سے زائد ممتاز جامعات میں پی ایچ ڈی اسکالرشپس پروگرام کے لیے رواں سال امیدواروں سے درخواستیں طلب کرلی، اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کے مواقع فراہم کیے جائیں گے

باصلاحیت نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کے عالمی مواقع فراہم کرنا بلوچستان کے انسانی وسائل میں سرمایہ کاری ہے، جس کے ثمرات آنے والی نسلوں تک پہنچیں گے، علم و تحقیق کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کو لوہا منوانے والے نوجوان ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے تحت دنیا بھر کی 100 سے زائد ممتاز جامعات میں پی ایچ ڈی اسکالرشپس پروگرام کے لیے رواں سال امیدواروں سے درخواستیں طلب کرلی ہیں۔ پروگرام کے تحت بلوچستان کے با (بقیہ نمبر 37 صفحہ 6 پر)

محمود اچکزئی اور سہیل آفریدی مذاکرات کی ناکامی کا سبب بنے، اندرونی کہانی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور اپوزیشن کے (بقیہ نمبر 41 صفحہ 6 پر)

وزیراعظم کی نواز شریف سے ملاقات، حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات پر گفتگو

شہباز شریف کی وزیر داخلہ سے ہونے والی ملاقات اور پی ٹی آئی لانگ مارچ کے حوالے سے بھی تفصیلی تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کی جاتی امرا میں صدر مسلم لیگ ن میاں محمد نواز شریف سے ملاقات ہوئی جس میں ملکی سیاسی صورتحال پر تفصیلی (بقیہ نمبر 40 صفحہ 6 پر)

نوجوانوں کیلئے مواقع میں اضافہ، تدریس کے شعبے کو مضبوط بنانا ناگزیر ہے، صدر، وزیراعظم

عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق اساتذہ کی تعلیم، پیشہ ورانہ ترقی اور معاون تدریسی ماحول میں مسلسل سرمایہ کاری جاری رکھنا ہوگی

استاد اور طالب علم کے درمیان بنیادی تعلق کو برقرار رکھتے ہوئے اساتذہ کو نئی ٹیکنالوجیز کے استعمال کے لیے معاونت فراہم کی جانی چاہیے، پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ معیاری تعلیم اور نوجوانوں کے لیے مواقع میں اضافے کے لیے شعبہ تدریس کو مضبوط بنانا ناگزیر ہے، عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق اساتذہ کی تعلیم، پیشہ ورانہ ترقی (بقیہ نمبر 39 صفحہ 6 پر)

7 شرائط پوری ہونے تک آبنائے ہرمز نہیں کھلے گی، قالیباف

امریکا کی جانب سے وقت ضائع کرنے اور یکطرفہ مطالبات مسلط کرنے کا دور ختم ہوچکا، اسپیکر پارلیمنٹ

تہران (این این آئی) ایران نے واضح کیا ہے کہ امریکا کے ساتھ طے پانے والے جون کے عبوری معاہدے کی سات شرائط پوری ہونے تک آبنائے ہرمز دوبارہ نہیں (بقیہ نمبر 38 صفحہ 6 پر)

لاہور: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ڈی آئی خان میں سیکورٹی فورسز کی کارروائی، 3 سرغنہ سمیت 8 دہشتگرد ہلاک

دہشتگردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاعات پر آپریشن کیا گیا، گولہ بارود برآمد، سیکورٹی ذرائع

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، وزیراعظم شہباز شریف

اسلام آباد/ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) ڈیرہ اسماعیل خان میں سیکورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی میں 8 دہشت گرد ہلاک کر دیئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت گردوں میں فتنۃ الخوارج کے 3 اہم سرغنہ بھی شامل ہیں۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق ڈی آئی خان میں دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاعات پر آپریشن کیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ کارروائی کے (بقیہ نمبر 42 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد: وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

اپوزیشن کمیٹی کے ساتھ اچھا معاہدہ تیار ہوا، وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ نے سبوتاژ کر دیا، مذاکرات کی ناکامی کے ذمہ دار سہیل آفریدی، 9 ہو نے ایک اور مئی نہیں دینگے، محسن نقوی

99 فیصد چیزوں پر اتفاق ہوچکا تھا، صدر سے ملاقات کے بعد واپس آیا تو ڈرافٹ میں بہت ساری تبدیلیاں بتائی گئیں، 4 بار ڈرافٹ تیار ہوا اور 4 بار ڈرافٹ تبدیل ہوا، صدر اور وزیراعظم کو مسلسل مذاکراتی صورتحال سے آگاہ کیا جاتا رہا، وفاقی وزیر داخلہ

صدر، وزیراعظم جو بھی فیصلہ کرینگے ملکی مفاد میں ہوگا، حکومت عملدرآمد کرے گی، بتا دیا تھا لانگ مارچ شروع ہوگا تو مذاکرات ختم ہوجائینگے، اقتدار بھی انجوائے کریں اور دھونس دھمکی بھی دیں یہ ممکن نہیں، اقتدار کے ساتھ دھونس اور دھمکی کی سیاست نہیں چل سکتی، پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اپوزیشن کی مذاکراتی کمیٹی نے خلوص نیت سے مذاکرات کیے، ایک بہت اچھا معاہدہ تیار ہوا مگر وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ سہیل آفریدی نے مذاکرات سبوتاژ کر دیئے، اپوزیشن مذاکراتی کمیٹی کے ارکان کا شکرگزار ہوں، بہت اچھا معاہدہ تیار ہوا تھا، صدر مملکت کو دکھانے کے لیے بھی گیا، وزیراعظم کو بھی تمام صورتحال سے آگاہ کیا، ایک دو چیزوں پر اختلاف تھا لیکن 99 فیصد چیزوں پر اتفاق ہوچکا تھا، جب میں صدر سے ملاقات کے بعد واپس آیا تو ڈرافٹ میں بہت ساری تبدیلیاں بتائی گئیں، 4 بار ڈرافٹ تیار ہوا اور 4 بار ڈرافٹ تبدیل ہوا، صدر اور وزیراعظم کو مسلسل مذاکراتی صورتحال سے آگاہ کیا جاتا رہا ہے، صدر اور وزیراعظم جو بھی فیصلہ کریں گے، ملکی مفاد میں ہوگا اور حکومت اس پر عملدرآمد کرے گی، ہم نے بتا دیا تھا جب آپ کا لانگ مارچ شروع ہوگا تو مذاکرات ختم ہوجائیں گے، اقتدار بھی انجوائے کریں اور دھونس و دھمکی بھی دیں یہ ممکن نہیں، اقتدار کے ساتھ دھونس اور دھمکی کی سیاست نہیں چل سکتی۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ سہیل آفریدی نے مذاکرات سبوتاژ کیے، ڈرافٹ تیار ہونے کے بعد سہیل آفریدی نے کہا کہ ہم نہیں مانتے، تمام فیصلے (بقیہ نمبر 44 صفحہ 6 پر)

دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی

دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، سردار ایاز صادق کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ڈی آئی خان میں کامیاب آپریشن پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ خارجی دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کا مظہر ہیں۔ اتوار کو قومی اسمبلی سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق سردار ایاز صادق نے 8 خارجی دہشت گردوں کو جہنم (بقیہ نمبر 43 صفحہ 6 پر)

پی ٹی آئی والے یوٹرن لینے کے ماہر ہیں، کسی ایک بات پر قائم نہیں رہتے، عطاء اللہ تارڑ

پی ٹی آئی کو اپنی پالیسی کے بارے میں واضح فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ پاکستان کے ساتھ یا افغانستان کے ساتھ کھڑی ہے

یہ لوگ اپنی دوغلی پالیسی ترک کرنے کو تیار نہیں، حکومت کسی کو بھی ملک میں امن وامان خراب کرنے کی اجازت نہیں دے گی، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی والے یوٹرن لینے کے ماہر ہیں، کسی ایک بات پر قائم نہیں رہتے، پی ٹی آئی کو اپنی پالیسی کے بارے میں واضح فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ پاکستان کے ساتھ یا افغانستان کے ساتھ کھڑی ہے، یہ لوگ اپنی دوغلی پالیسی ترک کرنے کو تیار نہیں، حکومت کسی کو بھی ملک میں امن وامان خراب کرنے کی اجازت نہیں دے گی۔ میڈیا سے گفتگو کے دوران (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر)

کینیا، متعدد گاڑیوں کے درمیان تصادم، 17 افراد ہلاک

نیروبی (این این آئی) کینیا میں متعدد گاڑیوں کے تصادم کے نتیجے میں 17 افراد ہلاک اور کئی زخمی ہو گئے۔ اماراتی نیوز ایجنسی نے کینیا کی نیشنل ٹرانسپورٹ اینڈ (بقیہ نمبر 45 صفحہ 6 پر)

لانگ مارچ کو اسلام آباد کی حدود میں داخل ہونے نہیں دیا جائے گا، رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ فی الحال مذاکرات کا کوئی وقت مقرر نہیں ہوا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر)

حکومت اور اپوزیشن کے درمیان جاری مذاکرات کسی نتیجے کے بغیر ختم، مذاکرات میں عمران خان سے ملاقات کا معاملہ حل نہیں ہوسکا، علامہ ناصر عباس

کے پی حکومت دہشت گردی کیخلاف آپریشن میں فورسز کا ساتھ دینے اور کردار ادا کرنے پر یقین دہانی سے انکاری ہے، رانا ثناء اللہ

ہم نے ان کے خدشات سنے ہیں، 4 مرتبہ ڈرافٹ تبدیل کیا گیا، دہشتگردی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرسکتے، شیری رحمٰن کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان جاری مذاکرات بغیر کسی نتیجے کے ختم ہوگئے جس کے بعد مذاکراتی کمیٹی کے ارکان اسپیکر چیمبر سے چلے گئے۔ مذاکرات کے بعد حکومتی وفد نے میڈیا سے گفتگو کی، مشیر وزیراعظم اور حکومتی مذاکراتی وفد میں شامل رانا ثنا اللہ نے کہا کہ صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کردار ادا کرنے کو تیار نہیں، صوبائی حکومت دہشتگردی کے حوالے سے اپنی آئینی ذمہ داری ادا کرے، کے پی حکومت دہشت گردی کیخلاف آپریشن میں فورسز کا ساتھ دینے اور کردار ادا کرنے پر یقین دہانی سے (بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر)

خیبر پختونخوا میں دہشتگردی بانی پی ٹی آئی کے کرائے، خواجہ آصف

جن معصوم شہدا کی بات کی جارہی ہے، ان کی ملکیت لینے سے بھی انکار کیا جارہا ہے

فوجی شہدا کی بات تو رہنے دیں، کیا کسی ایک سویلین شہید کے گھر بھی فاتحہ کے لیے گئے ہیں؟، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی بانی پی ٹی آئی نے کرائی اور وہ انہیں صوبے میں بسانے کے سب سے بڑے حامی تھے۔ ایک بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ جن معصوم شہدا کی بات کی جارہی ہے، ان کی ملکیت لینے سے بھی انکار کیا جارہا ہے، فوجی شہدا کی بات تو رہنے دیں، کیا کسی ایک سویلین شہید کے گھر بھی فاتحہ کے لیے گئے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں (بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم شہباز شریف کی محسن نقوی سے ملاقات، ماموں کے انتقال پر تعزیت، فاتحہ خوانی کی

ملاقات میں ملک کی مجموعی صورتحال، خیبر پختونخواہ میں امن وامان کیلئے سخت فیصلوں پر غور کیا گیا

لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کر کے ان کے ماموں کے انتقال پر اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی صورتحال سمیت خیبر پختونخواہ کی امن وامان اور سکیورٹی صورتحال (بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر)

چھوٹے یونٹس سے لوگ اپنی مرضی سے انتظامی سربراہ منتخب کرسکیں گے، مصطفی کمال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اور ایم کیو ایم کے رہنما مصطفی کمال نے کہا ہے کہ چھوٹے یونٹس سے لوگ اپنی مرضی سے انتظامی سربراہ منتخب کرسکیں گے۔ ایک بیان میں وفاقی وزیر مصطفی کمال نے کہا کہ چھوٹے صوبے بننے چاہئیں تاکہ اگر غلطی ہو جائے تو انتظامی سربراہ کو تبدیل کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام تک بنیادی سہولیات کی رسائی گڈ گورننس (بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر)



پشاور: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی سے ملاقات کر رہے ہیں

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن، معظم ظفر خان اور غزہ کے مفتی اعظم ڈاکٹر محمود یوسف فلسطینیوں کی نسل کشی کے تین سال مکمل ہونے پر اہل غزہ فلسطین سے اظہار یکجہتی کیلئے نکالے گئے "غزہ مارچ" کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

آزاد کشمیر، 8 افراد کا کالعدم جتھے سے لاتعلقی کا اعلان

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر حکومت کی جانب سے کالعدم قرار دی گئی جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی (جے اے اے سی) کے 8 فعال ارکان نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے مستقل طور پر تنظیم سے لاتعلقی کا اعلان کر دیا۔ پریس کلب بٹیاں بالا میں لاتعلقی کا اعلان کرنے والوں میں راجا عبدالقادر، وقار انجم یوسفزئی، وحید کیانی (بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر)

بلوچستان معدنیات سے مالا مال ہونے کے باوجود پسماندگی کا شکار ہے، سیاسی قائدین

صوبے میں امن وامان کی صورتحال اس قدر خراب ہیں کہ ایک ضلع سے دوسرے ضلع تک سفر کرنا بھی مشکل ہوگیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع، پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر ایریگیشن میر صادق عمرانی، مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، اے این پی کے رکن بلوچستان (بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر)

آئی ایم ایف وفد سے حکومت کی مذاکرات میں پیشرفت، حکومت نے کیسکو سمیت تھرڈ ڈسکوز کی نجکاری کا پلان شیئر کر دیا

پہلے مرحلے میں فیسکو، گیپکو اور آئیسکو کی نجکاری مارچ 2027 تک مکمل کرنے کا منصوبہ، نجی ٹی وی کی رپورٹ

فریقین میں اتفاق رائے نہ ہونے کی صورت میں اسٹاف لیول معاہدے کیلئے ورچوئل مذاکرات ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزہ مذاکرات میں پیش رفت ہوئی ہے، حکومت نے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کا پلان اور ٹائم لائن بھی آئی ایم ایف سے شیئر کردی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ پہلے مرحلے میں فیسکو، گیپکو اور آئیسکو کی نجکاری مارچ 2027 تک مکمل کرنے کا منصوبہ ہے، فیسکو کی نجکاری جنوری، گیپکو کی فروری اور آئیسکو کی (بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر)

دہشتگردی کیخلاف جنگ کے معاملات پر مذاکرات ناکام ہوئے، طلال چوہدری

کے پی حکومت دہشت گردی کی جنگ میں نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد نہیں کرنا چاہتی، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ دہشت گردی کیخلاف جنگ میں کے پی حکومت کی تعاون کی یقین دہانی کرانے میں ناکامی پر مذاکرات ناکام ہوئے۔ ایک انٹرویو میں طلال چوہدری نے کہا کہ کے پی حکومت دہشت گردی کی (بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر)

یمن کی مسلح افواج کی حوثیوں کے خلاف ٹارگٹڈ کارروائیاں، 700 دہشت گرد ہلاک

حوثی ملیشیا کے ٹھکانوں، نقل و حرکت اور عسکری صلاحیتوں کے خلاف 257 درست اہداف پر کارروائیاں کیں، ترجمان

ملیشیا کی جنگی صلاحیت پر براہ راست اثر پڑا اور شہریوں کے گھروں اور دیہاتوں پر حملے جاری رکھنے کی اس کی صلاحیت محدود ہوگئی

صنعا (این این آئی) یمنی مسلح افواج نے بتایا ہے کہ اس نے جنگی طیاروں، ڈرون طیاروں، توپ خانے، میزائلوں اور راکٹ لانچروں کا استعمال کرتے ہوئے حوثی ملیشیا کے ٹھکانوں، نقل و حرکت اور عسکری صلاحیتوں کے خلاف 257 درست اہداف پر کارروائیاں کی ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یمنی مسلح افواج کے سرکاری ترجمان کرنل رائل ماجد الزنیلی نے واضح کیا کہ ان کارروائیوں میں (بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت روڈز پراجیکٹس کا ڈیجیٹل افتتاح کر رہی ہیں

مذاکرات کو کامیاب ہونا چاہیے تھا، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہم چاہتے تھے کہ مذاکرات کو کامیاب ہونا چاہئے تھا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں یوم اساتذہ 5 اکتوبر کو منایا جائے گا

عالمی یوم اساتذہ منانے کا بنیادی مقصد اساتذہ کے کردار اور اہمیت کو اجاگر کرنا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم اساتذہ (ورلڈ ٹیچرز ڈے) (آج) 5 اکتوبر بروز پیر کو منایا جائے گا۔ اس موقع پر فیصل آباد سمیت ملک بھر میں خصوصی تقریبات، واکس، سیمینارز، کانفرنسز کا انعقاد کیا جائے گا جس کا مقصد اساتذہ کی خدمات کو (بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر)

چھوٹی چھوٹی چیزیں تھیں لیکن نتائج تک نہیں پہنچ سکے، علامہ ناصر عباس

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ چھوٹی چھوٹی چیزیں تھیں لیکن نتائج تک نہیں پہنچ سکے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر)

سیاسی اختلافات کا حل تصادم نہیں، سنجیدہ مذاکرات اور سیاسی مفاہمت ہے، محمد ہمایوں خان

خیبر پختونخوا کے عوام احتجاجی سیاست، سڑکوں کی بندش اور مسلسل سیاسی بے یقینی کے متحمل نہیں ہوسکتے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل محمد ہمایوں خان نے حکومت اور تحریک انصاف کے درمیان مذاکرات پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی اختلافات کا حل تصادم نہیں، سنجیدہ مذاکرات اور سیاسی مفاہمت ہے۔ (بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر)

ہمارا سب سے پہلا مطالبہ عمران خان سے ملاقات ہے، اسد قیصر

اور اس مطالبے پر حکومت کی طرف سے واضح یقین دہانی نہیں کروائی گئی، رہنما تحریک انصاف

صوابی (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما و سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے واضح کیا ہے کہ ہمارا سب سے پہلا مطالبہ عمران خان سے ملاقات ہے جس کے بارے میں حکومت کی طرف سے واضح یقین دہانی نہیں کروائی گئی۔ سوشل میڈیا پر جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر)

سہیل آفریدی حکومت کے ساتھ مذاکرات کا 7 نکاتی ڈرافٹ سامنے لے آئے

ڈرافٹ میں کوئی غیر آئینی یا غیر قانونی مطالبہ شامل نہیں تھا، سہیل آفریدی نے مسودہ جاری کر دیا

ہمارے ساتھ ریاست پر قابض لوگ سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی حکومت کے ساتھ مذاکرات کا سات نکاتی ڈرافٹ منظر عام پر لے آئے۔ سوشل میڈیا پر ڈرافٹ شیئر کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے لکھا کہ مذاکراتی کمیٹی کو میرا بھیجا گیا ڈرافٹ یہ ہے جسے میں اپنی قوم کے سامنے (بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر)

حکومت اور اپوزیشن مذاکرات کی ناکامی، وزیراعظم اور صدر کی آئندہ حکمت عملی پر مشاورت

رانا ثناء اللہ نے وزیراعظم شہباز شریف کو مذاکرات میں معاہدہ نہ ہونے کی وجوہات سے آگاہ کیا، محسن نقوی کی صدر آصف زرداری سے ملاقات، آئینی آپشنز پر بھی غور

حکومت موجودہ سیاسی صورتحال میں آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے آئندہ کا لائحہ عمل طے کرنے کے لیے مختلف آپشنز کا جائزہ لے رہی ہے، ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے رابطہ کر کے حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات میں معاہدہ نہ ہونے کی وجوہات سے آگاہ کیا ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے صدر مملکت آصف علی زرداری سے بھی ملاقات کی، جس میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کی ناکامی اور آئندہ کی حکمت عملی پر مشاورت کی گئی۔ (بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر)

قومی شاہراہ پر خوفناک حادثہ، ایک ہی خاندان کے 5 افراد جاں بحق

دوسری جانب پولیس نے ٹرک کو تحویل میں لے لیا جبکہ ڈرائیور کی تلاش شروع کر دی ہے

نوشہرو فیروز (این این آئی) قومی شاہراہ پر خوفناک ٹریفک حادثے میں کار میں سوار ایک ہی خاندان کے پانچ افراد جاں بحق ہو گئے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق حادثہ نوشہرو فیروز کے قریب قومی شاہراہ پر پیش آیا، جہاں تیز رفتار ٹرک نے سامنے سے آنے والی کار کو کچل (بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر)

پی ٹی آئی ہمیشہ بات کو سمجھنے میں دیر کر دیتی ہے، اختیار ولی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر اختیار ولی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی ہمیشہ بات کو سمجھنے میں دیر کر دیتی ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں وزیراعظم کے کو (بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر)

صرف پنجاب نہیں چاروں صوبوں میں چھوٹے یونٹس بننے چاہئیں، سعد رفیق

پی ٹی آئی دھرنا موخر کردے حکومت مذاکرات کے لیے مکمل اختیارات کے ساتھ بیٹھی تھی، گفتگو

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ صرف پنجاب نہیں چاروں صوبوں میں چھوٹے یونٹس بننے چاہئیں، پی ٹی آئی دھرنا موخر کردے حکومت مذاکرات کے لیے مکمل اختیارات کے ساتھ بیٹھی تھی۔ اپنے حلقے کے دورے کے دوران (بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر)

ایمرجنسی لگتی ہے تو پی ٹی آئی کیلئے میں اکیلا ہی کافی ہوں، گورنر کے پی

جب صوبے کی صورتحال ایسی ہو جاتی ہے تو صدر، وزیراعظم اور دیگر ادارے سمجھیں تو ایمرجنسی لگنے کی گنجائش ہوتی ہے، فیصل کنڈی

پی ٹی آئی نے دہشتگردی کیخلاف ساتھ نہ دیا تو شاید ایمرجنسی یا گورنر راج لگے، بلاول بھٹو زرداری نے پی ٹی آئی قیادت کو خبردار کر دیا

پشاور/کراچی/اسلام آباد (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صوبہ بچانے کے لیے اگر ایمرجنسی لگانا پڑی تو ضرور لگائیں گے، اور اگر ایمرجنسی لگتی ہے تو پی ٹی آئی کے لیے میں اکیلا ہی کافی ہوں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر)

خیبر پختونخوا حکومت کی تاریں کابل سے ہلتی ہیں، زاہد خان

خیبر پختونخوا حکومت کے پاس اپنا کوئی اختیار نہیں، سینئر سیاستدان

اسلام آباد (این این آئی) سینئر سیاستدان سینیٹر زاہد خان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت کے پاس اپنا کوئی اختیار نہیں، اس کی تاریں کابل سے ہلتی ہیں، کابل کے تار نئی دہلی سے ہلتے ہیں۔ اپنے ایک پیغام میں زاہد خان نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کے دھاگے کابل (بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر)

حکومت اور اپوزیشن کو کھلے دل کے ساتھ مذاکراتی عمل جاری رکھنا چاہیے، جے یو آئی

اختلاف رائے جمہوریت کا حصہ ہے۔ مسائل کا حل تصادم نہیں مذاکرات ہیں، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کو کھلے دل کے ساتھ مذاکراتی عمل جاری رکھنا چاہیے۔ اپنے بیان میں ترجمان نے کہا کہ طویل عرصے بعد حکومت اور اپوزیشن جماعتوں کا مذاکرات کی میز پر آنا خوش آئند تھا۔ (بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر)

تحریک انصاف کا لکی مروت سے صوابی تک لانگ مارچ شروع، اسلام آباد کا پلان نہیں دیا گیا

چارسدہ اور مہمند کے قافلے شامل ہوں گے۔ اعلان کے مطابق 8 اکتوبر کو خیبر پختونخوا بھر کے عوام خیر آباد میں جمع ہوں گے اور وہیں رات قیام کریں گے

ممکنہ لانگ مارچ کیلئے سیکورٹی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں، جس جس ضلع میں قافلہ جائے گا وہاں ایس او پیز کے تحت سیکورٹی آرڈر جاری ہوگا، پولیس

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے لکی مروت سے صوابی تک لانگ مارچ کے پہلے مرحلے کا اعلان کر دیا، فی الحال اسلام آباد جانے کا کوئی پلان نہیں دیا گیا۔ خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے ٹوئٹ میں لانگ مارچ کا پہلا مرحلہ اتوار 4 اکتوبر سے (بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر)

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر ژوب دورے کے موقع پر پولیس دربار سے خطاب کر رہے ہیں

بلا اشتعال بھارتی فائرنگ، شہید پاکستانی شہریوں کی نماز جنازہ ادا، لدھڑ میں سپرد خاک

لدھڑ (این این آئی) پاک بھارت سرحد پر بلا اشتعال بھارتی فائرنگ سے شہید دونوں پاکستانی شہریوں کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ بلا اشتعال بھارتی فائرنگ سے شہید شہریوں کی نماز جنازہ میں لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ بھارتی اشتعال انگیزی میں شہید عظمت رسول اور محسن جٹ کو آبائی گاؤں جتاں والی حویلی (بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر)

شازیہ مری کا دہشتگردی کے خلاف قومی اتحاد اور مشترکہ حکمت عملی اپنانے پر زور

خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی سیکورٹی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) مرکزی ترجمان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز شازیہ مری نے دہشتگردی کے خلاف قومی اتحاد اور مشترکہ حکمت عملی اپنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی سیکورٹی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، دہشتگردی پر قابو نہ پایا گیا تو اس (بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر)

بھارت کی اپنی تاریخی ہزیمت چھپانے کی بھونڈی کوشش

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی فوج کی چنار کور نے 29 ستمبر کو نام نہاد آپریشن میں پاکستانی فوجی کو بطور دہشتگرد مارنے کا مضحکہ خیز گمراہ کن دعویٰ کیا ہے۔ 30 ستمبر کو بھارتی نشریاتی ادارے سمیت دیگر گودی میڈیا نے ایس ایس جی کمانڈو محمد آصف کی تصویر، شناخت اور فوجی پروفائل کا خوب ڈھنڈورا پیٹا، یکم اکتوبر کو ڈی جی آئی ایس پی آر نے حوالدار (ر) محمد آصف کو میڈیا (بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر)

لاہور: وزیراعظم شہباز شریف وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے ان کے ماموں کے انتقال پر اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

روزنامہ عوام
MEMBER OF APNS
ایڈیٹرانچیف وسیم احمد
کھیلوں کی دنیا
انچارج شجاع



کوئٹہ: جاپان نیشنل گیمز کے کھلاڑی ذاکرخان کا کوئٹہ پہنچنے پر استقبال کرنیوالوں سردار امین اللہ ملازئی خوشنوک باکسنگ کلب کے استاد عاصم مینگل اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

☆☆☆☆☆ رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی کچلاک میں امین مارشل منی سپورٹس کمپلیکس کا افتتاح کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆

برازیل نے بھارت کو فرینڈلی فٹ بال میچ میں 4-0 سے دھول چٹادی

ان کی ٹیم کے لیے یہ کوئی امتحان نہیں بلکہ ایک بہترین موقع تھا، ہیڈ کوچ کارلو اینچلوٹی

کولکتہ (این این آئی) برازیل کی فٹ بال ٹیم نے بھارت کو اس کی سرزمین پر کھیلے گئے ایک دوستانہ میچ میں باآسانی 4-0 گول سے ہرا دیا۔ برازیل کی جانب سے انتہائی شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے سیموئل لینو نے دو جبکہ ایسٹیو او اور پیڈرو نے ایک، ایک گول کر کے اپنی ٹیم کی فتح میں کلیدی کردار ادا کیا۔ بھارتی ٹیم اپنی بھرپور کوشش کے باوجود میچ میں کوئی گول سکور نہ کر سکی۔ ای ایس پی این کے مطابق برازیل اور بھارت کی قومی فٹ بال ٹیموں کے درمیان سالٹ لیک سٹیڈیم، کولکتہ میں کھیلے گئے دوستانہ میچ میں برازیل کی ٹیم میچ کے آغاز سے ہی میزبان بھارتی ٹیم پر حاوی رہی۔ میچ کے 28ویں منٹ پر ایسٹیو او نے گول کر کے بھارتی کے خلاف اپنی ٹیم کو 1-0 گول کی برتری دلائی، وقفہ سے قبل 42ویں منٹ پر پیڈرو نے ایک گول کر کے مقابلہ 2-0 کر دیا۔ یوں میچ کے پہلے ہاف پر برازیل کو بھارت کے خلاف 2-0 کی برتری حاصل تھی۔ سیموئل لینو نے میچ کے 58ویں منٹ پر ایک گول کر کے اپنی ٹیم کی برتری کو بڑھاتے ہوئے 3-0 کر دیا۔ اس کے بعد میچ کے اختتامی لمحات پر سیموئل لینو نے اپنا دوسرا اور ٹیم کا مجموعی طور پر چوتھا گول کر کے اپنی ٹیم کی برتری کو بڑھاتے ہوئے 4-0 کر دیا جو میچ کے اختتام تک برقرار رہی۔ بھارتی ٹیم اپنی سرتوڑ کوشش کے باوجود میچ میں کوئی گول سکور نہ کر سکی اور برازیل نے باآسانی میزبان بھارت کو میچ میں 4-0 گول سے ہرا دیا۔ برازیل کے ہیڈ کوچ کارلو اینچلو ٹی نے میچ کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ان کی ٹیم کے لیے یہ کوئی امتحان نہیں بلکہ ایک بہترین موقع تھا۔

چینی ٹیم نے ایشین گیمز میں نئی تاریخ رقم کردی 169 طلائی تمغے حاصل کرلئے

بیجنگ (این این آئی) ویں ایشین گیمز میں چینی ٹیم نے مجموعی طور پر 169 طلائی، 89 چاندی اور 83 کانسی کے تمغے حاصل کیے ہیں۔ مجموعی طور پر 341 تمغوں کے ساتھ چینی ٹیم طلائی اور مجموعی تمغوں کی فہرست میں پہلے نمبر پر رہی اور غیر ملکی سرزمین پر ایشین گیمز میں اپنی بہترین کارکردگی کا نیا ریکارڈ قائم کیا۔ چینی میڈیا کے مطابق قبل ازیں غیر ملکی سرزمین پر منعقد ہونے والی ایشین گیمز میں چینی ٹیم کا بہترین ریکارڈ دوحہ ایشین گیمز میں قائم ہوا تھا۔

سابق آسٹریلوی فاسٹ بولر شان ٹیٹ سے پی سی بی کے معاملات طے

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے سابق فاسٹ بولر شان ٹیٹ سے پاکستان کرکٹ بورڈ کے معاملات طے پا گئے۔ ذرائع کے مطابق شان ٹیٹ کے بطور بولنگ کنسلٹنٹ تقرر کا باضابطہ اعلان جلد کیا جائے گا، وہ ذمے داریوں کے حوالے سے جلد پاکستان پہنچیں گے۔ شان ٹیٹ ماضی میں بھی پاکستان ٹیم کے ساتھ بولنگ کوچ کی حیثیت سے خدمات انجام دے چکے ہیں۔

فیفا انڈر 15 ورلڈ کپ کیمپ کیلئے 21 ممکنہ کھلاڑیوں کا اعلان

قومی انڈر 15 کیمپ 6 اکتوبر سے لاہور میں شروع ہوگا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فٹ بال فیڈریشن (پی ایف ایف) نے فیفا انڈر 15 ورلڈ کپ اینڈ فیسٹیول 2026 کیلیے 21 ممکنہ کھلاڑیوں کا اعلان کر دیا ہے۔ قومی انڈر 15 کیمپ 6 اکتوبر سے لاہور میں شروع ہوگا، 21 کھلاڑیوں میں احمد زاہد اللہ خان، عامر حمزہ اور بخشی حمال خان شامل ہیں۔ دیگر کھلاڑیوں میں دانش مسیح، حسن زیب، الہان علی، کلیم اللہ، مقبول احمد، محمد عالم، محمد معاذ عدنان، محمد مصطفیٰ، محمد سلمان، اویس فیض، رمیز رضا، ساحل خان، سمیر عبدالصمد، شہزیب نواز، شایان عبدالجبار، زین العابدین اور ذوالنورین بھی شامل ہیں۔ آذربائیجان میں ہونے والے فیفا انڈر 15 ورلڈ کپ اینڈ فیسٹیول کے لیے کیمپ میں قومی ٹیم کی تیاریاں کی جائیں گی۔

کانات امتیاز کا بین الاقوامی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

سلیمہ امتیاز اب تک 9 ویمن ون ڈے انٹرنیشنل اور 69 ویمن ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز میں امپائرنگ کر چکی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی فاسٹ بولر کائنات امتیاز نے بین الاقوامی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے مطابق کائنات امتیاز نے 19 ون ڈے اور 21 ٹی ٹوئنٹی میچز میں پاکستان کی نمائندگی کی ہے۔ کائنات امتیاز 2010 اور 2014 میں ایشین گولڈ میڈل جیتنے والی پاکستان ٹیم کا حصہ تھیں، انہوں نے آخری ون ڈے آسٹریلیا کے خلاف جنوری 2023 میں کھیلا۔ کائنات امتیاز نے آخری ٹی ٹوئنٹی تھائی لینڈ کے خلاف اکتوبر 2022 میں کھیلا تھا، وہ کمنٹری کے شعبے سے بھی وابستہ ہو گئی تھیں۔ کائنات امتیاز اب ویمن میچ ریفری کے بھی فرائض انجام دے رہی ہیں، انہوں نے حال ہی میں ویمن میچ ریفری کے طور پر کیریئر کا آغاز کیا ہے۔ کائنات امتیاز کی والدہ امپائرنگ کے شعبے سے وابستہ ہیں، سلیمہ امتیاز آئی سی سی انٹرنیشنل ڈیولپمنٹ پینل میں شامل ہونے والی پاکستان کی پہلی ویمن امپائر ہیں۔ سلیمہ امتیاز اب تک 9 ویمن ون ڈے انٹرنیشنل اور 69 ویمن ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز میں امپائرنگ کر چکی ہیں۔

میکسیکو کے فٹبالر نے امریکی حریف کے چہرے پر تھپڑ برسا دیے، ویڈیو وائرل

میکسیکو (این این آئی) میکسیکو کے اسٹار میتھیو شاویز کو میچ کے دوران اپنے امریکی حریف کے چہرے پر دونوں ہاتھوں سے تھپڑ مارنے پر ریڈ کارڈ دے کر میدان سے باہر بھیج دیا گیا۔ شاویز نے 67ویں منٹ میں سباسٹین برہالٹر کو دونوں ہاتھوں سے تھپڑ مارا، جس پر ریفری نے انہیں ریڈ کارڈ دکھا دیا۔ اس کے بعد میکسیکو کو اپنے شمالی امریکی حریف کے ہاتھوں 3-0 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ شاویز کا یہ عجیب واقعہ شاید بڑھتے ہوئے غصے کا نتیجہ تھا کیونکہ امریکی ٹیم میکسیکو پر مکمل طور پر حاوی تھی۔ یہ جھگڑا جلد ہی سوشل میڈیا پر وائرل ہو گیا۔

ویسٹ انڈیز نے ون ڈے میں بڑے ہدف سے بھارت کو شکست دیدی

کیریبین ٹیم 2023 کے بعد بھارت کیخلاف فتح حاصل کرنے میں کامیاب ہوئی ہے، رپورٹ جاری

آخری ون ڈے میں شکست کے باوجود بھارت نے تین میچوں پر مشتمل سیریز 2-1 سے اپنے نام کرلی

چندی گڑھ (این این آئی) ویسٹ انڈیز نے تیسرے ون ڈے انٹرنیشنل میچ میں بھارت کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 5 وکٹوں سے شکست دے کر 352 رنز کا بڑا ہدف کامیابی سے حاصل کر لیا۔ چندی گڑھ میں کھیلے گئے میچ میں شائی ہوپ نے شاندار اور ذمہ دارانہ بیٹنگ کرتے ہوئے ناقابل شکست 162 رنز اسکور کیے اور ٹیم کی جیت میں مرکزی کردار ادا کیا۔ یہ ون ڈے کرکٹ میں ویسٹ انڈیز کی اب تک کی کامیاب ترین چیس بھی ہے۔ ویسٹ انڈیز 2023 کے بعد بھارت کیخلاف کوئی میچ جیتنے میں کامیاب ہوا ہے۔ میچ میں بھارت نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 351 رنز کا بڑا اسکور بنایا۔ کے ایل راہول نے بہترین فارم کا مظاہرہ کرتے ہوئے 129 رنز کی اننگز کھیلی جبکہ کپتان روہت شرما نے 92 اور رتوراج گائیکواڑ نے 57 رنز بنائے۔ بھارتی بیٹنگ لائن نے مضبوط بنیاد فراہم کی خاص طور پر آخری اوورز میں تیز رفتار رنز نے ٹیم کو بڑا ٹوٹل دینے میں مدد دی۔ ہدف کے تعاقب میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم نے پراعتماد آغاز کیا اور شائی ہوپ نے پوری اننگز میں کریز پر ڈٹے رہ کر ٹیم کو سنبھالے رکھا۔ انہیں دیگر بیٹرز کی بھی اچھی سپورٹ حاصل رہی جس کے باعث رن ریٹ قابو میں رہا اور ٹیم نے دباؤ میں آئے بغیر ہدف حاصل کر لیا۔ بھارتی بالنگ لائن اہم کھلاڑیوں کی عدم موجودگی میں خاطر خواہ کارکردگی نہ دکھا سکی اور بڑے اسکور کا دفاع کرنے میں ناکام رہی۔ فیلڈنگ میں بھی چند مواقع ضائع کیے گئے جو شکست کی ایک بڑی وجہ بنے۔ آخری ون ڈے میں شکست کے باوجود بھارت نے تین میچوں پر مشتمل سیریز 2-1 سے اپنے نام کر لی۔

شاہد آفریدی کا حسن نواز کی بھارت کیخلاف انگز گولڈ میڈل کے قابل قرار

ایشین گیمز، پاکستانی سکواش ٹیم کا اسلام آباد ایئرپورٹ پر شاندار استقبال

نئی نسل کے کھلاڑیوں کو کھیل کی جانب راغب کرنے میں معاون ثابت ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) ایشین گیمز آئچی ناگویا 2026 میں سلور اور دو کانسی کے تمغے جیتنے والی پاکستان کی سکواش ٹیم کی وطن واپسی پر اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر شاندار استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر سکواش کے شائقین، کھلاڑیوں کے اہل خانہ، مداحوں اور کھیلوں سے وابستہ حکام کی بڑی تعداد نے قومی ہیروز کا استقبال کیا اور براعظمی کھیلوں میں ان کی عمدہ کارکردگی پر خوشی کا اظہار کیا۔ وطن واپس پہنچنے والے کھلاڑیوں کا تالیوں، نعروں اور قومی جذبات کے اظہار کے ساتھ استقبال کیا گیا، جبکہ مداحوں نے ٹیم کی کامیابی پر فخر کا اظہار کیا۔ پاکستان سکواش فیڈریشن نے قومی ٹیم کے استقبال کے لیے ایئرپورٹ پہنچنے والے شائقین، اہل خانہ، حکام اور اسکواش سے محبت کرنے والوں کا شکریہ ادا کیا۔ فیڈریشن نے امید ظاہر کی کہ ایشین گیمز میں قومی ٹیم کی کارکردگی پاکستان میں سکواش کے فروغ کو مزید تقویت دے گی اور نئی نسل کے کھلاڑیوں کو کھیل کی جانب راغب کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔

جاپان میں جاری ایشین گیمز میں میڈلز کی دوڑ میں چین سب سے آگے ہے

ناگویا (این این آئی) جاپان میں جاری ایشین گیمز میں میڈلز کی دوڑ میں چین سب سے آگے ہے۔ چین نے ایشین گیمز میں اب تک 169 گولڈ، 89 سلور اور 83 کانسی کے تمغے حاصل کر لیے ہیں۔ مجموعی طور پر 341 میڈلز کے ساتھ چین پہلے نمبر پر ہے، میزبان جاپان 83 گولڈ کے ساتھ مجموعی طور پر 269 میڈلز لے کر دوسرے اور جنوبی کوریا 150 میڈلز کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ پاکستان دو چاندی اور 8 کانسی کے تمغوں کے ساتھ میڈلز ٹیبل پر 28ویں نمبر پر ہے۔

رونالڈو کا پرتگال کا تربیتی کیمپ چھوڑنا مداحوں میں تشویش

لاکھوں مداحوں نے رونالڈو کے کیمپ چھوڑنے کے بعد ٹیم کو اَن فالو کیا، تاہم اس تعداد کی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہوسکی

کوچ جورج جیسس سے مبینہ اختلافات کے بعد رونالڈو نے کیمپ چھوڑ دیا، جرسی نمبر 7 دوسرے کھلاڑی کو ملنے پر مداحوں کا شدید ردعمل

نیوجرسی (آن لائن) پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کے قومی ٹیم کے تربیتی کیمپ سے اچانک روانہ ہونے کے بعد پرتگالی فٹبال میں نئی بحث چھڑ گئی ہے۔ برطانوی اخبار کی رپورٹ کے مطابق رونالڈو اور قومی ٹیم کے ہیڈ کوچ جورج جیسس کے درمیان مبینہ اختلافات کے بعد یہ پیش رفت سامنے آئی۔ رپورٹ کے مطابق رونالڈو رات گئے قومی ٹیم کے کیمپ سے روانہ ہوئے، جبکہ چند گھنٹوں بعد ان کی مشہور جرسی نمبر 7 کسی دوسرے کھلاڑی کو دے دی گئی۔ اس اقدام پر رونالڈو کے مداحوں کی جانب سے سوشل میڈیا پر شدید ردعمل سامنے آیا اور پرتگال کی قومی ٹیم کے اکاؤنٹ کو بڑی تعداد میں صارفین نے اَن فالو کرنا شروع کر دیا۔ رونالڈو نے اپنے بیان میں کہا کہ مناسب وقت آنے پر وہ پرتگالی عوام کو قومی ٹیم سے علیحدگی کی وجوہات سے آگاہ کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے قومی ٹیم کے لیے ہمیشہ پوری لگن سے خدمات انجام دیں اور اب وہ پرتگال اور اپنے تمام ساتھی کھلاڑیوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق رونالڈو کی روانگی کے چند گھنٹے بعد ان کی جرسی نمبر 7 دوسرے کھلاڑی کو الاٹ کر دی گئی۔ مذکورہ کھلاڑی کا کہنا ہے کہ وہ یہ نمبر لینے کے لیے تیار نہیں تھا اور اس نے کوچنگ عملے سے کہا تھا کہ رونالڈو کے جانے کے فوراً بعد ان کی جرسی پہننا مناسب نہیں، تاہم کوچز کے اصرار پر اسے نمبر 7 قبول کرنا پڑا۔ دوسری جانب پرتگال کی قومی ٹیم کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ کے پیروکاروں میں مبینہ طور پر بڑی کمی دیکھنے میں آئی۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ لاکھوں مداحوں نے رونالڈو کے کیمپ چھوڑنے کے بعد ٹیم کو اَن فالو کیا، تاہم اس تعداد کی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہو سکی۔

فٹ بال کے قومی کوچ سجاد محمود عمرہ کی ادائیگی کے لئے 8 اکتوبر کو سعودی عرب روانہ ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے ڈائریکٹر (کوچ اینڈ ایجوکیشن) اور فٹ بال کے قومی کوچ سجاد محمود عمرہ کی ادائیگی کے لئے 8 اکتوبر کو سعودی عرب روانہ ہونگے۔ وہاں پر سجاد محمود خانہ کعبہ کے طواف کرنے کے ساتھ ساتھ روضہ رسول پر حاضری دیں گے اور ملک پاکستان کی سلامتی، استحکام اور خوشحالی کے لئے بھی دعا کریں گے۔

ایشین گیمز 2026 رنگا رنگ تقریب کیساتھ اختتام پذیر

پاکستان نے 2 سلور اور 8 برانز میڈل جیتے، پاکستان نے 10 میڈلز کے ساتھ 29ویں پوزیشن حاصل کی

ناگویا (این این آئی) جاپان کے شہر ناگویا ایشین گیمز 2026 رنگا رنگ تقریب کے ساتھ اختتام پذیر ہو گئے۔ چین نے 169 گولڈ سمیت 341 میڈلز کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ میزبان جاپان 63 گولڈ، 95 سلور اور 91 برانز میڈل کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا۔ ایشین گیمز 2026 میں جنوبی کوریا 39 گولڈ، 43 سلور اور 68 برانز میڈلز کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ گیمز میں پاکستان نے 2 سلور اور 8 برانز میڈل جیتے۔ پاکستان نے 10 میڈلز کے ساتھ 29ویں پوزیشن حاصل کی۔

ایس آئی ایف سی کے تعاون سے کھیلوں کے شعبے میں اہم پیشرفت

پاکستان اور انگلینڈ کے خلاف سہ ملکی سیریز، سری لنکن اسکواڈ کا اعلان

سہ ملکی ون ڈے سیریز کیلئے سری لنکا کے اسکواڈ کا اعلان

پاک چائنہ یوتھ فرینڈز شپ گیمز 11 دسمبر سے اسلام آباد میں شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاک چائنہ یوتھ فرینڈز شپ گیمز 11 دسمبر سے اسلام آباد میں شروع ہو گی۔ ان خیالات کا اظہار وزیراعظم یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کی کوآرڈینیٹر سیدہ مہرین ساجد نے گزشتہ روز پاک چائنہ یوتھ فرینڈز شپ گیمز کے حوالے سے ایک اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایونٹ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں اور گیمز میں اسلام آباد سے تعلق رکھنے والے مرد و خواتین کھلاڑی حصہ لے سکتے ہیں۔ اجلاس میں پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈپٹی ڈی جی محمد شاہد اسلام نے اجلاس کے شرکا کو ایونٹ کے حوالے سے مکمل بریفنگ دی اور گیمز میں 21 سال سے کم عمر کے کھلاڑی حصہ لیں گے، یکم جنوری 2006 کے بعد پیدا ہونے کھلاڑی کھیلنے کے مجاز ہونگے، عمر کے ثبوت کے لئے کھلاڑی ایونٹ کے موقع پر شناختی کارڈ یا پاسپورٹ اپنے ہمراہ لائیں گے۔ گیمز میں سات کھیلوں کے مقابلوں منعقد ہونگے جن میں اتھلیٹکس، باسکٹ، باکسنگ، فٹ بال، سکواش، جوڈو اور شطرنج کے مقابلے شامل ہیں یہ مقابلے 13 دسمبر تک جاری رہیں گی۔

اسلام آباد: 17 فٹ بال چیمپئن شپ کے دوران خیبر پختونخوا اور سندھ کے کھلاڑی بال کے حصول کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں

نیشنل انڈر 17 - فٹ بال چیمپئن شپ

پاکستان فٹ بال فیڈریشن تین دن تک کھلاڑیوں کی سکروٹنی کرنے میں ناکام

پشاور (این این آئی) جناح سٹیڈیم اسلام آباد میں جاری پاکستان فٹ بال فیڈریشن نیشنل انڈر 17- فٹ بال چیمپئن شپ میں تین دن تک کھلاڑیوں کی سکروٹنی کرنے میں ناکام رہی اور پنجاب فٹ بال ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے نیشنل انڈر 17- فٹ بال چیمپئن شپ میں پروٹیسٹ کروا کے پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے صدر کو شدید مشکلات میں ڈال دیا ہے، پنجاب فٹ بال ایسوسی ایشن کے صدر نوید اسلم لودھی اور نائب صدر حافظ ذکا اللہ دونوں پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے نائب صدور بھی ہیں نے خیبر پختونخوا کی ٹیم کے خلاف پروٹیسٹ کروا کروا کر فٹ بال کے کھیل میں ایک نئی سیاست شروع کر دی ہے۔ پروٹیسٹ کروانے والے دن پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے صدر محسن گیلانی اور نائب صدر حافظ ذکا اللہ جناح سٹیڈیم میں موجود تھے۔ کھلاڑیوں کی کثیر تعداد نے بتایا کہ خیبر پختونخوا میں ایک سال گزارنے کے باوجود ابھی تک صدارت کے انتخابات نہیں کروائے گئے۔ چیمپئن شپ کے تیسرے روز جناح سٹیڈیم میں ڈاکٹر کو بلا کھلاڑیوں کی ایج کی سکروٹنی کی گئی۔ اس فیصلے پر شائقین کھیل نے بڑی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے صدر محسن گیلانی کے لئے ایک سوالیہ نشان ہے؟

این آر ایل گرینڈ فائنل 2026

اینڈریو جونز اپنی ٹیم کے فائنل میں پہنچنے پر جذباتی

سڈنی (این این آئی) نیشنل رگبی لیگ (این آر ایل) کے فائنل کے موقع پر نیو کیسل کے لیجنڈ سابق کھلاڑی اینڈریو جونز نے کلب کے 25 سال بعد گرینڈ فائنل میں پہنچنے پر جذباتی کیفیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ میچ کے نتیجے پر کوئی اختیار نہ ہونے کے باعث شدید بے چینی محسوس کر رہے ہیں۔ سڈنی مارننگ ہیرالڈ کے مطابق اینڈریو جونز کو ٹیلی وژن انتظامیہ کی جانب سے اتوار کی رات کمنٹری کی ذمہ داری سے دستبردار ہونے اور میچ بطور شائق دیکھنے کی پیشکش کی گئی تھی، تاہم انہوں نے انکار کر دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کمنٹری کرنا ان کا کام ہے اور وہ اپنی ذمہ داری پوری کرنا چاہتے ہیں، لیکن وہ اتنے ہی نروس ہیں جتنے اپنے کھیل کے آغاز کے وقت تھے۔ اینڈریو جونز نے کہا کہ کیمرون سمتھ ان کے قریب ہوں گے اور اگر وہ جذباتی ہو گئے تو کیمرون سمتھ ان کا ساتھ دیں گے۔ اینڈریو جونز نے نیوکیسل کو 1997 اور 2001 میں دونوں چیمپئن شپ جتوانے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ میچ کے لیے یکجہتی اور جوش و خروش کا ایک دلچسپ واقعہ اس وقت سامنے آیا جب اینڈریو جونز کے اپنے ہی بیٹے لوئس نے دوستوں کے ساتھ مل کر اپنے والد کی گاڑی کا راستہ روکا اور ان سے دوستانہ نوک جھونک کی۔ لوئس خود سڈنی روسٹرز کا حصہ ہیں لیکن وہ نیو کیسل نائٹس کی حمایت کر رہے ہیں۔ روسٹرز کے مداحوں نے اینڈریو جونز کے گھر کے باہر ایک مزاحیہ بینر بھی آویزاں کر رکھا تھا جس پر انہیں نیو کیسل واپس جانے کا مشورہ دیا گیا تھا۔ اینڈریو جونز نے اس تمام واقعے کو خوشگوار قرار دیا اور میچ پر توجہ مرکوز رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ ادھر آسٹریلوی ٹیم کے کھلاڑی ڈیوڈ فففیٹا کا پاپوا نیو گنی کے دورے کے دوران موبائل فون ایک شخص نے چوری کر لیا۔ ٹیم انتظامیہ نے جی پی ایس کے ذریعے فون تلاش کرنے کی کوشش کی جبکہ مقامی پولیس بھی مدد کے لیے پہنچ گئی۔ فون ملنے کے بعد فففیٹا کو اطمینان ہوا کہ ان کی تصاویر اور ویڈیوز محفوظ ہیں۔

ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن کیماڑی کراچی کے جنرل سیکرٹری اسلام الدین کی ریحان خان سے اظہار تعزیت

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن کیماڑی کراچی کے جنرل سیکرٹری اسلام الدین اور پاکستان فٹ بال ایسوسی ایشن کے سابق سیکرٹری اطلاعات رانا تنویر احمد نے ملک ترین فٹ بال کلب کے ہیڈ کوچ ریحان خان کی والدہ محترمہ کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالی مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

یوئیفا نیشنز لیگ، سپین نے جمہوریہ چیک کو 3-1 سے ہرادیا

جس میں ایوان فریسنیڈا اور روبرٹو فرینڈز نے اپنا ڈیبیو کیا جبکہ گول کیپر ڈیوڈ رایا بھی پلیئنگ الیون کا حصہ تھے

میڈرڈ (این این آئی) عالمی چیمپئن سپین نے یوئیفا نیشنز لیگ میں اپنی شاندار کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھتے ہوئے اوویڈو میں کھیلے گئے میچ میں جمہوریہ چیک کو 3-1 گول سے شکست دے دی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یوئیفا نیشنز لیگ کے اوویڈو، سپین میں کھیلے گئے میچ میں سپین اور جمہوریہ چیک کی ٹیمیں آمنے سامنے تھیں، جس میں میزبان سپین کی جانب سے 5ویں منٹ میں لامائن یامال نے خوبصورت گول کر کے ٹیم کو جمہوریہ چیک کے خلاف برتری دلائی، جس کے بعد 35ویں منٹ میں روڈریگو ہرعینڈز نے دوسرا گول کر کے برتری 2-0 کر دی۔ میچ کے دوسرے ہاف میں جمہوریہ چیک کے جیری سلامانے گول کر کے سکور 2-1 کیا، تاہم 85ویں منٹ میں لادیسلاو کریچی کے ریڈ کارڈ کے باعث میدان سے باہر جانے کے بعد جمہوریہ چیک ٹیم 10 کھلاڑیوں تک محدود ہو گئی۔ میچ کے آخری منٹ میں مائیکل میرینو نے سپین کے لیے تیسرا گول کر کے فتح یقینی بنا دی۔ اس کامیابی کے ساتھ ہی سپین نے لیگ میں اپنی تمام میچز جیتنے کی روایت برقرار رکھی ہے۔ اس میچ میں سپین کے ہیڈ کوچ لوئس ڈی لا فوینٹے نے گزشتہ میچ کے مقابلے میں ٹیم میں 9 تبدیلیاں کی تھیں، جس میں ایوان فریسنیڈا اور روبرٹو فرینڈز نے اپنا ڈیبیو کیا جبکہ گول کیپر ڈیوڈ رایا بھی پلیئنگ الیون کا حصہ تھے۔

پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ کے سلسلے میں ہاٹ بال کرکٹ میچ، ٹاؤن ہائی اسکول کامیاب

کوئٹہ (آن لائن) لورالائی میں پاکستان کرکٹ بورڈ (PCB) ٹیلنٹ ہنٹ لورالائی ریجن کے سلسلے میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول لورالائی کے کرکٹ گراؤنڈ میں ہاٹ بال کرکٹ کا اہم میچ کھیلا گیا، جس میں اے بی ایف اسکول اور گورنمنٹ ٹاؤن ہائی اسکول کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے کے بعد گورنمنٹ ٹاؤن ہائی اسکول کی ٹیم نے کامیابی حاصل کر لی۔ میچ کے مہمانِ خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل لورالائی علی نواز جمالی تھے۔ اس موقع پر انہیں دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں سے متعارف کرایا گیا۔ انہوں نے نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کھیلوں کی سرگرمیوں کو نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور انہیں مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کے لیے اہم قرار دیا۔ بعد ازاں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل علی نواز جمالی نے فاتح ٹیم گورنمنٹ ٹاؤن ہائی اسکول کے کپتان کو ٹرافی پیش کی اور کھلاڑیوں کو مبارکباد دی۔

PAKISTAN SPORTS BOARD

Ministry of Inter Provincial Coordination

PAKISTAN SPORTS BOARD

NOTICE INVITING TENDER (NIT)

Pakistan Sports Board Islamabad invites applications through EPADS from the reputed Contracting Firms for invitation of bids, registered with Pakistan Engineering Council (P.E.C) in the relevant categories mentioned below valid up to 30th June, 2027, for the following Project:

Sr. No.	Project Name	NIT Amount (Rs. Million)	Earnest Money (Rs. Million)	Last date for Submission of bids	Date & Time for opening of bids	Bidding Method
1.	REVAMPING AND REFURBISHMENT OF DIFFERENT FACILITIES AT PAKISTAN SPORTS COMPLEX, ISLAMABAD: (SH:SUPPLY, INSTALLATION, TESTING AND COMMISSIONING OF ELECTRICAL WORKS, LIGHTS (INTERNAL & EXTERNAL) AND ALLIED WORKS AT LIAQUAT GYMNASIUM, SNOOKER HALL, HAMIDI HALL, ROSHAN KHAN SQUASH COURT, RODHAM HALL, AMIR KHAN BOXING ACADEMY, HOCKEY STADIUM, OUTER TRACK 1 & 2, EXTERNAL WORKS, SUBSTATION.	Rs.1,220.000	Rs.40.000	20.10.2026 11:00 am	20.10.2026 11:30 am	Single Stage Two Envelope

1. The bidding procedure will be **Single Stage-Two Envelope.** Under this procedure, one envelope containing Technical information of Bid shall be clearly marked "Technical Bid" and the second envelope containing the Bid Price shall be clearly marked as "Price Bid".
2. The Bidder has to quote percentage above or below for the Schedule Items and item rates for the Non-Schedule Items.
3. The Bidding documents can be downloaded & uploaded from **http://eprocure.gov.pk** and tender notice is also available on PSB's website **www.sports.gov.pk** as well as PPRA website. The applications should be submitted through EPADS along-with complete information including technical and financial proposals in accordance with the instructions to bidders. Manual submission of bids shall not be entertained.
4. Following are the Mandatory Conditions:

Sr. No.	Terms and Conditions
1.	The firm should meet the evaluation criteria as mentioned in the bidding documents.
2.	The details / proof of valid National NTN, Sales Tax registration and firm on ATL
3.	Affidavit on non-judicial stamp paper duly attested to the effect that the firm has not been blacklisted by any government / autonomous body.
4.	The bid security / earnest money shall be in the form of bank draft / pay order / CDR issued from the bank account of firm in the favour of Pakistan Sports Board, Islamabad.
5.	One copy of only technical proposal (not financial proposal) in hard form as uploaded on EPADS shall be submitted. In case of difference, the documents / information as envisaged in the proposals uploaded on EPADS shall prevail.
6.	The scan copy of the bid security shall be uploaded with the Technical Proposal and original must be submitted to the undersigned before closing date and time otherwise the bid will be considered non-responsive.
7.	The date of Pre-Bid meeting is **08.10.2026** at **1030 hours.**
8.	Envelopes of **"Price Bid"** of Bidders who fail to qualify shall be returned to them unopened.
9.	The competent authority reserves the right to accept or reject any or all bids under Rule-33 of the PPRA Rules 2004.
10.	Bidders are advised to visit the site for a better understanding of the field conditions.

PID(I) 3126/26

EXECUTIVE ENGINEER
Pakistan Sports Board,
Near Aabpara, Srinagar Highway, Islamabad, Ph: 051-9249027

روزنامہ عوام کوئٹہ
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
MEMBER OF APNS

امریکی اور اسرائیلی سیکیورٹی پر زیادہ دیر بھروسہ نہیں چلے گا، ایران کی امارات کو وارننگ

خطے کے تجربے سے ظاہر ہوتا ہے کہ درآمد شدہ سیکیورٹی کی ایک مدت ہوتی ہے اور ہمسایہ ملک موجود رہتا ہے جبکہ باہر سے آنے والا مہمان چلا جاتا ہے، علی اکبر ولایتی

ڈیزل کی برآمد پر پابندی کی منظوری نہیں دیں گے، ٹرمپ

ایرانی تجاویز پر امریکی جواب کا جائزہ لیا جا رہا ہے، پزشکیان

حساس معلومات کے غلط استعمال پر اوپن اے آئی نے 3 محققین کو برطرف کر دیا

کمپنی نے اپنے خودکار مصنوعی ذہانت کے نظام کی سرگرمیوں کا جائزہ لیا تھا

اماراتی پرواز کا شریک پائلٹ انتہا پسند تھا، امریکی اخبار

حوثیوں کا سعودیہ پر حملے کا دعویٰ بے بنیاد اور گمراہ کن ہے، اتحادی افواج

حوثیوں کا تعلق ایسے بیرونی ایجنڈوں سے ہے جو یمن میں انتشار اور تباہی لے کر آئے ہیں، جانی نقصانات سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ فرضی فتوحات تلاش کر رہے ہیں، بیان

ٹرمپ نے عسکری امداد کی سمت یورپ اور مشرق وسطیٰ سے لاطینی امریکہ کی طرف موڑ دی

ایران کے پاس اب کوئی نہیں جس سے مذاکرات کیے جائیں، ٹرمپ

ایران کے پاس بحریہ، فضائیہ، ریڈار یا طیارہ شکن دفاعی نظام موجود نہیں، امریکی صدر

وینزویلا کے تیل میں پینٹاگون کی شراکت پر امریکی سینیٹرز کا اعتراض

جعلی ویڈیوز اور مصنوعی ذہانت کا پروپیگنڈا

فرانس، ابتدائی تعلیمی نظام کے خلاف طلبہ کا احتجاج، 1747 گرفتار

غزہ میں جنگ بندی کی خلاف ورزیاں، اسرائیلی حملے میں 5 فلسطینی شہید

معافی نہ مانگنے پر جنوبی کوریا کی یوکرین کو دھمکی

آسٹریلیا، بے قابو گاڑی ہجوم سے ٹکرا گئی، 10 افراد زخمی

عمان سے 4 ناٹیکل میل مشرق میں آئل ٹینکر پر میزائل حملہ

اسرائیلی پروازوں میں پیش آنے والا واقعہ دہشت گردی ہے، متحدہ عرب امارات

فلائی دبئی حادثے کے بعد دبئی سے اسرائیل کے لیے پہلی پرواز روانہ

دبئی (این این آئی) فلائی دبئی کے واقعے کے بعد دبئی سے اسرائیل کے لیے پہلی پرواز دوبارہ روانہ ہو گئی، تاہم یہ واضح رہے کہ یہ معمول کی فلائی دبئی سروس نہیں بلکہ اسرائیلی ایئر لائن آرکیا کی دبئی میں پھنسے اسرائیلیوں کو واپس لانے والی خصوصی پرواز تھی۔ اس سے قبل فلائی دبئی کی پرواز FZ1073 ستمبر کو دبئی سے تل ابیب جاتے ہوئے شدید سیکیورٹی واقعے کا شکار ہوئی تھی۔ معاون پائلٹ نے کپتان پر حملہ کیا، جس کے بعد طیارے کو سعودی عرب کے تبوک ایئرپورٹ پر اتارا گیا۔ واقعے کے بعد فلائی دبئی نے دبئی تل ابیب پروازیں عارضی طور پر معطل کر دی تھیں۔ اس کے (بقیہ نمبر 31 صفحہ 6 پر)

سوڈان کے شہر العبید میں ڈرون حملے، 10 افراد ہلاک

العبید میں ایک الگ پناہ گاہ پر ڈرون حملے میں ایک بچہ ہلاک، 12 زخمی ہو گئے، اقوام متحدہ

خرطوم (این این آئی) سوڈان کے العبید شہر میں ہونے والے دو ڈرون حملوں میں کم از کم 10 افراد ہلاک اور 60 سے زائد زخمی ہوئے ہیں۔ پہلے حملے میں کردفان یونیورسٹی کے ہاسٹل کو نشانہ بنایا گیا، جہاں طلبہ اور شہری پناہ لیے ہوئے تھے۔ اس حملے میں 5 افراد ہلاک اور 47 زخمی ہوئے۔ اگلے روز ایک بے گھر خاندانوں کے پناہ گاہی مرکز پر ڈرون حملہ ہوا، جس میں مزید 5 افراد ہلاک اور 13 زخمی ہوئے۔ شمالی کردفان کی مقامی حکومت نے دوسرے حملے کا الزام ریپڈ سپورٹ فورسز پر عائد کیا ہے، تاہم ریپڈ سپورٹ فورسز کی جانب سے فوری طور پر اس الزام پر ردعمل (بقیہ نمبر 30 صفحہ 6 پر)

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر ژوب دورے کے موقع پر شہدا کے لواحقین سے بات چیت کر رہے ہیں

صدر ٹرمپ کی کابینہ کے اہم ارکان کی کیمپ ڈیوڈ میں خفیہ ملاقات

ایران جنگ کے اگلے مرحلے اور سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان یمن میں بڑھتی ہوئی کشیدگی پر غور

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ کی کابینہ کے اہم ارکان نے کیمپ ڈیوڈ میں خفیہ ملاقات کی۔ امریکی ٹی وی کے مطابق صدارتی قیام گاہ میں ہونے والے اجلاس کی سربراہی امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کی۔ امریکی میڈیا کے مطابق ملاقات میں صدر ٹرمپ کے اعلیٰ قومی سلامتی حکام نے ایران جنگ کے اگلے مرحلے اور سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان یمن میں بڑھتی ہوئی کشیدگی پر غور کیا۔ رپورٹ کے مطابق ملاقات میں وزیر خارجہ مارکو روبیو، وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف ڈین کین، سی آئی اے کے ڈائریکٹر (بقیہ نمبر 28 صفحہ 6 پر)

افغانستان میں رہائشی آبادی کے اندر آئی ای ڈی کی تیاری

کابل (این این آئی) افغانستان کے صوبہ لوگر میں ایک دہشتگرد کی گھر میں آئی ای ڈی تیار کرنے کی ویڈیو اور تصاویر منظر عام پر آ گئیں، ویڈیو میں افغان دہشتگرد کو گھر میں بچوں کی موجودگی میں آئی ای ڈی تیار کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ افغانستان میں دیسی ساختہ آئی ای ڈیز کی کھلے عام تیاری اور فروخت بھی جاری ہے۔ (بقیہ نمبر 29 صفحہ 6 پر)

زیارت، صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ کلی سسنک منہ میں انجینئر فقیر محمد کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

امریکی صدر کا جے کلیٹن کو مصنوعی ذہانت کا نیا سربراہ مقرر کرنے پر غور

جے کلیٹن وائٹ ہاؤس کے لیے اے آئی سربراہ کے عہدے کے ممکنہ امیدوار ہیں، ذرائع

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ وائٹ ہاؤس میں مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے نئے سربراہ کے طور پر ڈائریکٹر نیشنل انٹیلی جنس جے کلیٹن کو مقرر کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ ٹرمپ انتظامیہ جے کلیٹن کو اے آئی سربراہ مقرر کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں ڈائریکٹر نیشنل انٹیلی جنس کے عہدے پر برقرار رکھنے پر بھی غور کر رہی ہے۔ باخبر ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ جے کلیٹن وائٹ ہاؤس کے لیے اے آئی سربراہ کے عہدے کے ممکنہ امیدوار ہیں۔ کئی دیگر امریکی میڈیا اداروں نے بھی رپورٹ کیا کہ صدر ٹرمپ جے کلیٹن کو اس عہدے کے لیے منتخب کرنے والے ہیں، تاہم وائٹ ہاؤس نے تاحال تقرری کی باضابطہ تصدیق نہیں کی۔ وائٹ ہاؤس کے ایک عہدیدار (بقیہ نمبر 15 صفحہ 6 پر)

اقوام متحدہ کے سربراہ کا ہارن آف افریقہ کے ممالک پر کشیدگی میں اضافے سے گریز پر زور

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش نے ہارن آف افریقہ کے ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ ایسے اقدامات سے گریز کریں جن سے خطے میں کشیدگی مزید بڑھ سکتی ہے۔ اقوام متحدہ کے ترجمان اسٹیفن دوجارک نے جاری بیان میں کہا کہ ایسے (بقیہ نمبر 14 صفحہ 6 پر)

غزہ جنگ 1 سال پہلے ختم ہو سکتی تھی، سابق اسرائیلی جنرل

اسرائیلی حکومت اگر چاہتی تو یرغمالیوں کو بھی زندہ واپس لایا جا سکتا تھا، گفتگو

تل ابیب (این این آئی) سابق اسرائیلی میجر جنرل نیتزان الون نے کہا ہے کہ غزہ جنگ اور یرغمالیوں کی واپسی کا معاہدہ بہت پہلے طے ہو سکتا تھا، جنگ غیر ضروری طور پر طویل کی گئی۔ واشنگٹن انسٹیٹیوٹ فار نیئر ایسٹ پالیسی کے ایک آن لائن مباحثے میں گفتگو کرتے ہوئے نیتزان الون نے کہا کہ اسرائیل تمام یرغمالیوں کی واپسی کا معاہدہ تقریباً 1 سال پہلے کر سکتا تھا، اس کے لیے جنگ کے دیگر بڑے تزویراتی اہداف پر کوئی بڑا اثر پڑنا ضروری نہیں تھا۔ سابق جنرل کے مطابق جنگ بہت طویل ہو گئی اور اسرائیل نے موقع گنوا دیا، اگر جنگ پہلے ختم ہو جاتی تو ممکن ہے وہ یرغمالی (بقیہ نمبر 27 صفحہ 6 پر)

روس کا یوکرین کے دارالحکومت میں اہم پل پر حملہ، ٹریفک معطل

ماسکو (این این آئی) روس کے تازہ ترین حملے میں کیف کے دریائے دنیپر پر واقع شمالی پل کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پل مکمل طور پر تباہ نہیں ہوا بلکہ اس کا سڑک والا حصہ اور بجلی کی تاریں متاثر ہوئی ہیں، جس کے باعث پل پر ٹریفک معطل کر دی گئی (بقیہ نمبر 26 صفحہ 6 پر)

ایران جنگ، ڈونلڈ ٹرمپ کے بیانات اور عمل میں تضاد سامنے آ گیا

ٹرمپ جنگ جلد ختم کرنے کی بات کرتے تو دوسری طرف اسے طول دینے کا عندیہ دے چکے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران کے قریب مشرق وسطیٰ میں مزید فوجی طاقت بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے، جس سے جنگ میں ممکنہ اضافے کے خدشات پیدا ہو گئے جبکہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ متعدد بار کہہ چکے ہیں کہ ایران جنگ بہت جلد ختم یا کسی نہ کسی طرح جیت لی جائے گی۔ عرب میڈیا پر شائع ایک رپورٹ میں کہا گیا کہ ایک جانب صدر ٹرمپ ایران جنگ جلد سے جلد ختم کرنے اور جیتنے کی خواہش رکھتے ہیں جبکہ دوسری جانب صدر ٹرمپ کے فیصلوں سے ایسا محسوس ہو رہا ہے کہ وہ خطے میں جنگ طویل مدت تک جاری رکھنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق صدر ٹرمپ متعدد بار اس بات کا اظہار کر چکے ہیں کہ امریکا نے ایران میں طے شدہ اہداف حاصل کر لیے ہیں اور (بقیہ نمبر 25 صفحہ 6 پر)

گوگل نے خلا میں اے آئی چپس کی کارکردگی جانچنے کے لیے سیٹلائٹ خلا میں بھیج دیا

جو پلینیٹ لیبز پی بی سی کے اشتراک سے جاری ایک طویل المدتی تحقیقی منصوبہ ہے، بیان

لاس اینجلس (این این آئی) گوگل نے مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے لیے استعمال ہونے والی اپنی ٹینسر پروسیسنگ یونٹس (ٹی پی یوز) کی خلا میں کارکردگی جانچنے کے لیے ایک تجرباتی سیٹلائٹ مدار میں بھیج دیا ہے۔ گوگل نے بتایا کہ پروٹوٹائپ سیٹلائٹ اسپیس ایکس کے ٹرانسپورٹر 18 رائیڈ شیئر مشن کے ذریعے خلا میں روانہ کیا گیا، جس میں گوگل کی چار ٹی پی یوز نصب ہیں۔ کمپنی کی ٹیم نے سیٹلائٹ سے رابطے کی تصدیق کر دی ہے اور یہ توقع کے مطابق کام کر رہا ہے۔ گوگل نے بتایا کہ یہ اقدام پروجیکٹ سن کیچر کا پہلا مرحلہ ہے، جو پلینیٹ لیبز پی بی سی کے اشتراک سے جاری ایک طویل المدتی تحقیقی منصوبہ ہے۔ منصوبے کا مقصد یہ جانچنا ہے کہ آیا مستقبل میں (بقیہ نمبر 16 صفحہ 6 پر)

چین میں ٹیکنالوجی کی جدت کا عمل کافی پہلے شروع ہو چکا تھا، نوبل انعام یافتہ سائنسدان

بیجنگ (این این آئی) نوبل انعام یافتہ طبیعیات دان کونسٹنٹن نووو سیلوف نے چائنا میڈیا گروپ کو دیے گئے اپنے ایک خصوصی انٹرویو میں کہا ہے کہ میں نے چین میں سائنس اور ٹیکنالوجی کی تیز رفتار ترقی کا مشاہدہ کیا ہے، امید ہے کہ مستقبل میں بین الاقوامی سائنسی تحقیقی تعاون کا سلسلہ جاری رہے گا۔ چین میں گریفین سے متعلق سائنسی تحقیق میں دس سال سے زائد عرصے تک شمولیت کے دوران نووو سیلوف نے چین کی سائنس (بقیہ نمبر 17 صفحہ 6 پر)

پرنسپل بی آر سی لورالائی ڈاکٹر عبدالصمد، ایم ڈی کیٹ 2026 میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے طالب علم عبدالحامد کو ایوارڈ پیش کر رہے ہیں

ترکی اور عراق کے درمیان تیل و گیس کے شعبے میں طویل مدتی معاہدے کے لیے مذاکرات

بغداد (این این آئی) عراق اور ترکی نے تیل و گیس کے شعبے میں تعاون کے لیے ایک طویل مدتی معاہدے تک پہنچنے کی خاطر مذاکرات شروع کر دیے۔ برطانوی ٹی وی کے مطابق عراقی وزیر تیل باسم محمد خضیر اور ترکی کے وزیر توانائی و قدرتی وسائل الپ ارسلان بایراکتار نے انقرہ میں ملاقات کی۔ عراقی وزارت تیل کے مطابق ملاقات میں تیل اور گیس کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی، پیٹروکیمیکل صنعت اور دونوں (بقیہ نمبر 23 صفحہ 6 پر)

نائیجیریا میں بوکو حرام کے مشتبہ حملے کے بعد 15 لاشیں برآمد

برآمد ہونے والی لاشیں مقامی کسانوں کی ہیں جبکہ دیگر متاثرین کا تاحال کوئی سراغ نہیں مل سکا، پولیس

ابوجا (این این آئی) نائیجیریا کی شمال مشرقی ریاست بورنو میں بوکو حرام کے مشتبہ دہشت گردوں کے حملے کے بعد کم از کم 15 افراد کی لاشیں برآمد کر لی گئی ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق مقامی پولیس اور میڈیا ذرائع کے مطابق مقامی حکومتی علاقے کے موسونے اور الا کے قریب کھیتوں میں حملے کے بعد لاشیں برآمد کی گئیں۔ بورنو پولیس کے ترجمان نہوم داسو نے بتایا کہ برآمد ہونے والی لاشیں مقامی کسانوں کی ہیں جبکہ دیگر متاثرین کا تاحال کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ مقامی ذرائع کے حوالے سے نائیجیریا کے روزنامہ پنچ نے بتایا کہ متاثرین میں کسان اور لکڑیاں جمع کرنے والے افراد، جن میں نوجوان بھی شامل تھے، شامل ہیں۔ حملہ آوروں نے مبینہ طور پر کھیتوں کے قریب ان (بقیہ نمبر 24 صفحہ 6 پر)

شمالی کوریا نے سمندر کی جانب بیلسٹک میزائل فائر کیا ہے، جنوبی کوریا

تجربے کے بعد جنوبی کوریا کے صدارتی دفتر میں ہنگامی اجلاس طلب کر لیا گیا، حکام

سیول/پیانگ یانگ (این این آئی) شمالی کوریا نے مشرقی ساحل سے سمندر کی جانب ایک بیلسٹک میزائل فائر کیا ہے، جنوبی کوریا کی فوج کا دعویٰ ہے کہ میزائل نے 700 کلومیٹر سے زیادہ فاصلہ طے کیا۔ عرب میڈیا کے مطابق جنوبی کوریا کے جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کا کہنا ہے کہ میزائل مشرقی ساحلی شہر وونسان سے فائر کیا گیا، میزائل کے تجربے کے بعد جنوبی کوریا کے صدارتی دفتر میں ہنگامی اجلاس طلب کر لیا گیا جبکہ فوج نے مزید میزائل تجربات کے خدشے کے پیش نظر الرٹ جاری کر دیا۔ جنوبی کوریا نے امریکا اور جاپان کے ساتھ میزائل سے متعلق انٹیلیجنس معلومات کے تبادلے کا اعلان کیا ہے۔ جاپان نے بھی ہنگامی انتباہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ شمالی کوریا نے ممکنہ طور پر بیلسٹک میزائل فائر کیا ہے۔ امریکی پیسیفک کمانڈ کے مطابق اسے میزائل تجربے کا علم ہے اور وہ اتحادیوں اور شراکت داروں سے رابطے میں ہے۔ امریکی کمانڈ نے کہا ہے کہ موجودہ جائزے کے مطابق یہ واقعہ امریکی اہلکاروں یا علاقے اور اتحادیوں کے لیے فوری خطرہ نہیں۔ (بقیہ نمبر 20 صفحہ 6 پر)

چین کا باکس آفس رواں سال 30 ارب یوآن سے تجاوز کر گیا

بیجنگ (این این آئی) آن لائن پلیٹ فارمز کے اعداد و شمار کے مطابق رواں سال میں چین کا مجموعی باکس آفس 30 ارب یوآن سے تجاوز کر گیا ہے۔ چینی میڈیا کے مطابق رواں سال چین کی فلمی مارکیٹ مستحکم انداز میں آگے بڑھ رہی ہے۔ اب تک 300 سے زائد فلمیں نمائش کے لیے پیش کی جا چکی ہیں جو فلمی مارکیٹ میں موضوعات کے تنوع کی عکاسی کرتی ہیں۔ (بقیہ نمبر 21 صفحہ 6 پر)

یمن میں ستمبر سے جاری کشیدگی کے باعث تقریباً 79 ہزار بچے بے گھر ہو گئے، اقوام متحدہ

یمن میں دوبارہ شروع لڑائی اور بدلتے ہوئے محاذوں نے پہلے ہی سنگین انسانی بحران میں مزید شدت پیدا کر دی ہے، رپورٹ

اقوام متحدہ (این این آئی) یونیسف نے اعلان کیا ہے کہ مغربی یمن میں ستمبر سے جاری کشیدگی کے باعث تقریباً 79 ہزار بچے بے گھر ہو گئے ہیں۔ یونیسف (اقوام متحدہ کے ادارہ برائے اطفال) نے ایکس پر شائع کردہ ایک رپورٹ میں کہا کہ پورے مغربی یمن میں دوبارہ شروع ہونے والی لڑائی اور بدلتے ہوئے محاذوں نے پہلے ہی سنگین انسانی بحران میں مزید شدت پیدا کر دی ہے۔ ادارے نے نشاندہی کی ہے کہ تعز، الحدیدہ، مغربی ساحل اور آس پاس کے علاقوں میں لڑائی سے خاندان اپنے گھر، سامان اور روزگار کے ذرائع پیچھے چھوڑ کر دوبارہ نقل مکانی کرنے پر مجبور ہو گئے۔ رپورٹ میں زور دیا گیا کہ تین سے 28 ستمبر کے درمیان ایک (بقیہ نمبر 22 صفحہ 6 پر)

پاکستان کی غیر ملکی قبضوں کی مذمت، کشمیر اور فلسطین کے حق خود ارادیت پر اقوام متحدہ سے عملی اقدام کا مطالبہ

بین الاقوامی قانون کو ایک صورتحال میں بھرپور طریقے سے نافذ اور دوسری میں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، عثمان جدون

اقوام متحدہ (این این آئی) پاکستان نے غیر ملکی قبضوں کی مذمت کرتے ہوئے اقوام متحدہ پر زور دیا ہے کہ کشمیر اور فلسطین کے عوام کے حق خود ارادیت کی ضمانت دینے والی اپنی دیرینہ قراردادوں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی تیسری کمیٹی میں عام بحث سے خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں پاکستان کے نائب مستقل مندوب عثمان جدون نے کہا کہ بین الاقوامی قانون کو ایک صورتحال میں بھرپور طریقے سے نافذ اور دوسری میں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اقوام متحدہ کے ریکارڈ میں بھی عثمان جدون کی جانب سے حق خود ارادیت اور کشمیر سے متعلق امور پر بیانات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً آٹھ دہائیوں سے کشمیری عوام سلامتی کونسل کی ان (بقیہ نمبر 18 صفحہ 6 پر)

نیپال میں مسافر بس حادثے کا شکار، 6 افراد ہلاک، 10 زخمی

کھٹمنڈو (این این آئی) نیپال کے ضلع نوال پراسی ایسٹ میں مسافر بس حادثے کا شکار ہونے کے نتیجے میں 6 افراد ہلاک اور 10 زخمی ہو گئے۔ پولیس نے بتایا کہ بس میں 18 افراد سوار تھے اور یہ مغربی نیپال کے ضلع بانکے سے دارالحکومت کھٹمنڈو جا رہی تھی کہ حادثے کا شکار ہو گئی۔ ضلعی پولیس کے ترجمان انیل پنڈت (بقیہ نمبر 19 صفحہ 6 پر)

مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، صوبائی وزیر راحیلہ حمید خان درانی، ایم این اے اختر بی بی، رکن قومی اسمبلی سردار یعقوب خان ناصر، فتح جمالی، چوہدری شبیر، شاکر محمد حسنی اور دیگر مسلم لیگ (ن) خواتین ونگ کے زیر اہتمام شمولیتی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ عوام
081-2832244 081-2822255
051-2890437 051-2890427
32266 32755
پیر 05 اکتوبر 2026ء

صوبے میں غذائی قلت کا خاتمہ

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ورلڈ فوڈ پروگرام کے حوالے سے کہا ہے کہ بلوچستان میں غذائی قلت کے خاتمے، غذائی تحفظ غذائیت کی بہتری اور جاری منصوبوں کو موثر بنایا جائے گا، صوبے میں غذائی قلت ایک سنگین مسئلہ ہے، جس کے تدارک کے لئے حکومت عالمی اداروں اور متعلقہ شراکت داروں کے درمیان مربوط اور مشترکہ تعاون کو اہمیت دی جارہی ہے، بچوں اور خواتین کو مناسب اور معیاری غذائیت کی فراہمی صحت مند اور توانا معاشرے کی تشکیل کے لئے بنیادی اہمیت رکھتی ہے، غذائی قلت کا براہ راست تعلق انسانی صحت، بچوں کی نشوونما اور مجموعی انسانی ترقی سے ہے، اس مسئلہ کے حل کے لئے طویل المدتی اور پائیدار اقدامات ناگزیر ہیں، بلوچستان میں غذائی قلت کا مسئلہ دیگر صوبوں سے زیادہ شدت کے ساتھ موجود ہے، عوام کو غذا تو دور کنار صاف پانی تک میسر نہیں، انسان اور جانور ایک ہی تالاب سے پانی پیتے ہیں، خشک سالی کے مسئلہ نے خوراک کی صورتحال کو مزید متاثر کیا ہے، غربت میں اضافہ ہوتا جارہا ہے، نصف آبادی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی بسر کررہی ہے، اس صورتحال کے تناظر میں فوری اقدامات کرنا ہوں گے، ہم توقع کرتے ہیں کہ ورلڈ فوڈ پروگرام سمیت دیگر بین الاقوامی ادارے بلوچستان کو غذائی قلت سے نمٹنے کیلئے فوری معاونت فراہم کریں گے۔

گرین بس سروس

کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ صوبائی دارالحکومت میں گرین بس سروس کو مزید بہتر بنایا جائے گا، رکشوں کے بڑھتے کرایوں کے تناظر میں گرین بس سروس کو وسعت دینا ضروری ہے۔ مزید روٹس پر بھی گرین بسوں کو چلانے سے شہریوں کو سستی سفری سہولتیں میسر آئیں گی۔

اپنے کون؟

تحریر۔ اظہر زمان

"اپنے کون؟" یہ سوال میں آپ سے نہیں اپنے آپ سے پوچھ رہا ہوں [illegible]

میں نے سائنس کے بعد انگلش جرنلزم پڑھی [illegible]

[illegible] اپنے قریبی لوگوں کے رویوں کو حقیقت پسندی سے دیکھنے کی بجائے آئیڈیل طریقے سے [illegible] BENCHMARK [illegible] جب بھی میں نے "اپنے کون" کا جواب تلاش کیا تو ہمیشہ کنفیوژ رہا [illegible] احمد کا سگا بھانجا میاں فضل الٰہی بھی اسی ہوسٹل میں رہ رہا تھا لیکن [illegible] ہوتے ہیں، اگر آپ ایسا رشتہ بنائیں تو انہیں خونی رشتوں سے بڑھ کر اہمیت دیں [illegible] 1988ء [illegible]

☆☆☆☆

کیا ٹرمپ نے چین کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے؟

تحریر۔ ڈاکٹر محمد اسلم ڈوگر

دنیا میں اکثر کہا جاتا ہے کہ امریکہ کی دوستی [illegible] امریکہ تائیوان کے ساتھ اس لئے کھڑا ہے کہ وہ تائیوان کو بھاری اسلحہ بیچتا ہے [illegible] (CBA) [illegible] صدر ٹرمپ نے چین کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے اور تائیوان کو 14 ارب ڈالر [illegible] Chip Negotiating [illegible] درحقیقت انہیں یہ کہہ رہے تھے کہ بھائی ہم نے یہ جو 14 ارب ڈالر [illegible] ٹرمپ اپنے روایتی حریف چین سے پوچھ رہے ہیں کہ کیا چین [illegible] اس وقت تائیوان میں خطرے کی گھنٹیاں بج رہی ہیں۔ انہیں امریکہ کا Taiwan Relation Act بھی تسلی نہیں دے رہا ہوگا جس کے تحت امریکہ [illegible] پیش رفت ہوسکتی ہے۔

ہمارے ادارے کب اور کیسے کام کرتے ہیں؟

تحریر۔ مختار چوہدری

ہمارے ملک میں ادارے بھی موجود ہیں [illegible] سول حکومت کو کرپشن کے الزام کے بغیر رخصت کیا گیا ہو۔

اصل سوال یہ ہے کہ اگر کرپشن اتنی ہی عام ہے تو اس کا سدباب کیوں نہیں؟ ہم نے جمہوری حکومتیں بھی دیکھیں، آمریتیں بھی بھگتیں، صدارتی نظام بھی دیکھے اور پارلیمانی بھی، بڑے جابر گورنرز اور وزراء اعلیٰ کے بڑے بڑے دعوے سنے، مگر کرپشن کم ہونے کے بجائے بڑھتی ہی گئی [illegible] الزام لگانے والوں کے خلاف بھی قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہئے۔

بدقسمتی سے ہمارے ہاں اچانک کسی سیاسی شخصیت یا بڑے بیوروکریٹ کے خلاف کرپشن کا غلغلہ اٹھتا ہے، میڈیا پر دھواں دھار تقاریر اور مباحثے شروع ہوجاتے ہیں، کئی مرتبہ مقدمات بھی قائم ہوجاتے ہیں، لیکن کچھ عرصے بعد یہ شور آہستہ آہستہ بیٹھنے لگتا ہے، معاملہ پس پردہ چلا جاتا ہے [illegible] متعلقہ ادارے بظاہر کہیں دکھائی نہیں دیتے۔ ابھی حال ہی میں پنجاب کی وزیراعلیٰ کے سرکاری جہاز پر نجی دورے کا معاملہ خبروں میں رہا وزیراعلیٰ، وزراء اور دیگر متعلقہ افراد کی جانب سے مختلف مؤقف سامنے آئے بعدازاں وزیراعلیٰ نے میڈیا پر ایک رسید بھی شیئر کی جس کے مطابق انہوں نے دو کروڑ 71 لاکھ روپے اپنی طرف سے ادا کیے۔ یہ سوال بھی [illegible] اشارے کے منتظر نہیں بلکہ قانون کے تحت خود اپنا کام کرتے ہیں۔ اس حوالے سے یورپ کی دو مثالیں پیش ہیں 1995ء میں سویڈن کی نائب وزیراعظم مونا سہلن، جو سوشل ڈیموکریٹک پارٹی کی رہنما اور آئندہ انتخابات میں وزارتِ عظمیٰ کی امیدوار سمجھی جا رہی تھیں، ایک تنازع کا شکار ہوئیں، انہوں نے کرسمس کے موقع پر سرکاری کریڈٹ کارڈ سے اپنے بچوں کیلئے [illegible] Toblerone [illegible] جرم ثابت نہیں ہوا، بنیادی مسئلہ یہ تھا کہ سرکاری کریڈٹ کارڈ کو ذاتی خریداری کیلئے استعمال نہیں کیا جاسکتا تھا۔

دوسری مثال ناروے کی ہے۔ پاناما پیپرز کے معاملے میں جب ناروے سے تعلق رکھنے والی بعض کاروباری اور سیاسی شخصیات کے نام میڈیا میں سامنے آئے تو ناروے کا معاشی جرائم سے نمٹنے والا ادارہ Økokrim فوری متحرک ہوا [illegible] مل جاتا ہے اور پرانا معاملہ فائلوں کے نیچے دب جاتا ہے۔ اگر ہمارے ادارے کسی خاص مقام سے اشارے کا انتظار کیے بغیر قانون کے مطابق کام کریں تو شاید کرپشن کے خلاف ہماری جنگ نعروں، پریس کانفرنسوں اور میڈیا ٹرائلز سے نکل کر ایک مؤثر نظام احتساب کی شکل اختیار کرسکے۔

☆☆☆☆

نیاگرا کا حُسن اور پیارے دوست

تحریر۔ محسن گورایہ

پنجاب یونیورسٹی سے صحافت کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد مجھے ٹرینی رپورٹر کے طور پر پہلی جاب روزنامہ "پاکستان" میں ملی، یہ ستمبر 1990ء کی بات ہے، لاہور بلکہ پاکستان کی صحافت کا ایک بڑا نام میاں حبیب اللہ، اس وقت وہاں رپورٹنگ روم کے مدارالمہام تھے، وہیں سے ان کے ساتھ دوستی کا شروع ہونے والا سفر آج تک جاری ہے، وہ گزشتہ دنوں مطالعاتی اور تفریحی دورے پر کینیڈا پہنچے تو میں پاکستان میں تھا، ان سے فون پر بات ہوئی تو ہنستے ہوئے پنجابی میں کہنے لگے "اسی تہاڈے شہر آئے آں، تسی لبھ ای نئیں رئے" میں نے کہا میاں صاحب کینیڈا میں آپ کے چاہنے والوں کی کمی نہیں مگر میں جلد پہنچ رہا ہوں، فون بند ہوا تو مجھے ایک اور بہت ہی پیارے، چھوٹے بھائیوں کی طرح عزیز، نوجوان صحافی اور سیاستدان ذبیح اللہ بلگن کا خیال آیا، انہوں نے مجھے کہا ہوا تھا کہ وہ امریکہ جارہے ہیں اور وہاں سے کینیڈا اس وقت آئیں گے جب میں ٹورنٹو میں موجود ہوں گا، ان کے ساتھ فون پر ٹورنٹو کا شیڈول طے کیا اور کینیڈا پہنچ گیا۔ پاکستان سے کوئی دوست کینیڈا آئے تو وہ کچھ اور دیکھے، نہ دیکھے نیاگرا فالز ضرور دیکھنا چاہتا ہے، بلگن صاحب بھی کینیڈا پہنچ چکے تھے، انہوں نے مجھے فون کیا اور اپنے میزبان حارث کیانی سے بات کرائی جو کبھی لاہور میں بڑے اچھے رپورٹر تھے، اب کینیڈا میں رہتے ہیں پھر وہ ان کی ہمراہی میں نیاگرا فالز آ گئے، اسی طرح میاں حبیب اللہ کے ٹورنٹو میں میزبان طباق ریسٹورنٹ کے مالک حاجی محمد جمیل تھے، جو ریسٹورنٹ کم اور لنگر خانہ زیادہ چلاتے ہیں، اللہ نے انکے اس ریسٹورنٹ میں بہت برکت ڈالی ہے جہاں پاکستان سے آنے والوں کی اتنی خاطر مدارت کی جاتی ہے کہ وہ لاہور بھول جاتے ہیں، ویسے تو حاجی جمیل انجمن آرائیاں کینیڈا کے صدر ہیں مگر ٹورنٹو کی انجمن آرائیوں میں بھی ان کا کوئی ثانی نہیں، جس پاکستانی سے بات کریں وہ حاجی جمیل کا تذکرہ ضرور کرے گا، اپنے ایک اور دوست شوکت عمر ڈھلوں کے ہمراہ طباق ریسٹورنٹ سے میاں حبیب کو ساتھ لے کے میں نیاگرا فالز چلا آیا، شوکت کو نیاگرا فالز کی مکمل تاریخ ازبر ہے، وہاں ایک سال میں کتنے سیاح آتے ہیں، مضافات میں کتنی وائنریاں ہیں، کینیڈا اور امریکہ کو کون کون سا برج وہاں سے ملاتا ہے، یہ تفصیل وہ لمحوں میں آپ کو دے دے گا۔

سو قارئین، ایک بار پھر نیاگرا فالز ہیں، میں ہوں اور میرے دوست ہیں، نیاگرا فالز کو جب بھی دیکھیں، اس کا قدرتی حُسن آپ کو سب کچھ بھلا دیتا ہے اور آپ تھوڑی دیر کے لئے خوابوں اور خیالوں کی وادی میں اتر جاتے ہیں، اپنے دکھ اور تکلیفیں بھول کر اس کے سکون میں کھو جاتے ہیں، اٹھلاتے پھرتے ہیں "میں اڈی اڈی جاواں ہوا دے نال" فالز کے نتیجے میں پانی سے اٹھنے والی ہلکی ہلکی پھوار میں پتہ ہی نہیں چل رہا تھا کہ اس وقت یہاں کا درجہ حرارت کیا ہے، مسٹ کی وجہ سے ایک رومان پرور ماحول بنا ہوا ہے، دنیا کے ہر کونے سے تعلق رکھنے والے ہزاروں سیاح اس ماحول کو انجوائے کر رہے ہیں، ویسے تو اسے دنیا کا آٹھواں عجوبہ کہا جاتا ہے مگر اپنے رومان پرور ماحول کی وجہ سے اسے عالمی ہنی مون کیپیٹل کا نام بھی دیا گیا ہے۔ جیسے لاہور کے بغیر پاکستان دیکھنے بارے کہا جاتا ہے، جنیں لہور نئیں تکیا جمیا نئیں،، اسی طرح نیاگرا فالز نہ دیکھیں تو کہا جاتا ہے اس نے کینیڈا نہیں دیکھا، یہ عجوبہ گریٹر ٹورنٹو کے قریب ہے، اسلئے قدرت کے اس حسین مقام کو بار بار نہ دیکھنا ناشکری کے زمرے میں آتا ہے، کینیڈا قدرتی وسائل کے حوالے سے ایک خود کفیل ملک ہے، میٹھے اور شفاف پانی کے سب سے زیادہ ذخائر اسکے طول و عرض میں پھیلے ہوئے ہیں، ایک رپورٹ کے مطابق اس جنت ارضی کے طول و عرض میں چھ ہزار سے زائد چھوٹی بڑی میٹھے پانی کی ایسی جھیلیں ہیں جو تین کلومیٹر سے بڑی ہیں، نیاگرا آبشار جنت نظیر کینیڈا کی پہچان بھی ہے، اسے دنیا کی سب سے بڑی آبشار ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے، قدرتی طور پر یہ آبشار کینیڈا سے امریکہ تک پھیلی ہوئی ہے، امریکہ میں اسے نیاگرا فالس جبکہ کینیڈا میں نیاگرا فالز کہا جاتا ہے، یہ آبشار دریائے نیاگرا پر ایک گرجدار آواز کے ساتھ پہاڑ گرنے سے وجود میں آئی تھی، آبشار کا بڑا حصہ کینیڈا میں واقع ہے، یہ دنیا میں سیاحوں کے پسندیدہ ترین مقامات میں بھی شامل ہے، شوکت عمر نے گاڑی چلاتے، میاں حبیب کو نیاگرا فالز دکھانے کے ساتھ ساتھ اس کی تاریخ بتائی تو ان کی خوشی دیدنی تھی کہنے لگے گورایہ صاحب، انہوں نے تو میرے کئی کالموں اور ٹی وی پروگراموں کا مواد مہیا کر دیا ہے۔

شوکت نے ہمیں نیاگرا فالز کے گردونواح کے خوبصورت پارکس اور علاقے دکھائے، جن کی خوبصورتی دیکھ کر انسان دنگ رہ جاتا ہے، نیاگرا آبشار کینیڈا کے صوبہ اونٹاریو اور امریکہ کی ریاست نیویارک کے درمیان واقع ہے، اسے پہلی بار 1678ء میں فادر لوئس ہی پن نے دریافت کیا 1759ء میں سیورڈی لاسالی نے یہاں ایک قلعہ فورٹ کاونٹی قائم کیا جس کا نام بعدازاں فورٹ نیاگرا ہوگیا، انگریزوں نے سر ولیم جانسن کی زیر قیادت جنگ میں یہ قلعہ فرانسیسیوں سے چھینا تھا، 1819ء میں دریائے نیاگرا کو امریکہ اور کینیڈا کے درمیان سرحد تسلیم کیا گیا اور 1848ء میں نیاگرا کو قصبے کا درجہ دے دیا گیا، یہی قصبہ 1892ء میں شہر کا روپ اختیار کرگیا۔ امریکہ اور کینیڈا سے بذریعہ ہوائی جہاز، سڑک یا ریل گاڑی نیاگرا پہنچا جاسکتا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان بذریعہ نیاگرا ریل اور سڑک رابطہ کے لئے دریائے نیاگرا پر دو پل واقع ہیں جن میں سے رین بو برج بہت مقبول ہے جو 1941ء میں تعمیر ہوا اور اس کا تعمیراتی حُسن آج بھی برقرار ہے، قوسی شکل میں تعمیر کردہ یہ پل امریکہ اور کینیڈا کے درمیان مصروف ترین گزرگاہ ہے، دوسرے برج کا نام پیس برج ہے۔ نیاگرا آبشار کا زیادہ تر حسین حصہ کینیڈا کی جانب ہے جس کے لئے امریکہ سے قوس قزح پل سے بذریعہ گاڑی یا پیدل کینیڈا میں داخل ہوا جاسکتا ہے، اسی راستے امریکہ اور کینیڈا کے درمیان روزانہ سینکڑوں ٹرک رسل ورسائل کا ذریعہ بھی ہیں، دونوں ملکوں کے شہریوں کو سرحد عبور کرنے کیلئے ویزے کی ضرورت نہیں ہوتی جبکہ دیگر اکثر ممالک کے باشندوں کیلئے ویزا لازمی ہے۔

یہاں جزیرہ گوٹ دریائے نیاگرا کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے جس سے نیاگرا کی عظیم آبشاریں جنم لیتی ہیں، دراصل نیاگرا آبشار کے تین بڑے حصے ہیں جن میں سب سے بڑا اور متاثر کن کینیڈین حصے کی جانب ہے، اس سے فی سیکنڈ تقریباً سات لاکھ گیلن پانی 180 فٹ کی بلندی سے نیچے آتا ہے اور اسی عظیم نظارے کو دیکھنے کے لئے ہی دنیا بھر سے 40 لاکھ سیاح ہر سال نیاگرا کا رخ کرتے ہیں، بذریعہ کشتی، سیاح نیاگرا آبشار کا بہت قریب سے نظارہ بھی کرسکتے ہیں، جبکہ آبشار کے پانی سے بننے والی حسین قوس قزح کا فضائی نظارہ کروانے کے لئے ہیلی کاپٹروں کی پروازیں بھی ہوتی ہیں۔

☆☆☆☆

رحمتوں کے انکاری

تحریر۔ نسیم شاہد

واپڈا ٹاؤن گوجرانوالہ کے ایک گھر میں جس طرح بیٹی جیسی رحمت کے آنے کی خبر کو سفاکانہ درندگی کا جواز بنایا گیا، اُس نے دورِ جہالت کی یاد تازہ کردی۔ دورِ جہالت میں الٹرا ساؤنڈ کی سہولت نہیں تھی اس لئے بیٹیوں کو پیدا ہوتے ہی زندہ دفن کر دیتے تھے، گوجرانوالہ کے اس سنگدل گھرانے نے ابھی ماں کے پیٹ میں موجود پانچ ماہ کی ننھی جان کا پتہ چلتے ہی اُس کی ماں کو بے رحمانہ تشدد کا نشانہ بنایا۔ یہ اس ماں کی دوسری بیٹی ہے جو ابھی ماں کے بطن میں پرورش پا رہی ہے۔ یہ ظالم لوگ اس بیٹی کا کیا حال کرتے ہوں گے جو دنیا میں جی رہی ہے اور ابھی اُس کی عمر سال ڈیڑھ سال سے زیادہ نہیں، خدایا یہ لوگ کہاں سے آتے ہیں، کیسے جیتے ہیں، انہیں اپنے آپ سے گھن آتی ہے اور نہ اپنی سوچوں سے۔ سنا ہے گوجرانوالہ کے ایک بڑے بزنس مین منان کا گھرانہ ہے جس کے بیٹے نے اپنی بیوی کو دوسری بیٹی کی خبر سن کر بے رحمانہ تشدد کا نشانہ بنایا۔ پتہ نہیں وہ اُن درندوں کے ہاتھوں بچ کیسے گئی۔ وگرنہ تو یہ یقیناً اسے حاملہ ہونے کے باوجود مارنے پر تلے ہوئے تھے۔ گوجرانوالہ پولیس نے بلاتاخیر ملزم طاہر منان کو گرفتار کرلیا ہے، بیٹی کے والدین انصاف کی دہائی دے رہے ہیں، میں تو یہ سوچ رہا ہوں یہ لوگ اس واقعہ کے بعد معاشرے میں جئیں گے کیسے؟ کسے منہ دکھائیں گے؟ بیٹی جیسی رحمت سے انکار کرکے انہوں نے اپنا گھناؤنا چہرہ بے نقاب کردیا ہے یہ تو اللہ کے فیصلوں سے انکار ہے یہ تو اللہ کے نبی کی اُن شگفتہ اور معطر باتوں کی نفی ہے جو انہوں نے بیٹیوں کے بارے میں کیں اور انہیں رحمت قرار دیا۔ حیرت ہے کہ سائنس کے اس ترقی یافتہ زمانے میں بھی ایسے جاہل پائے جاتے ہیں جنہیں یہ بھی معلوم نہیں اس میں کردار عورت کا نہیں مرد کے جرثومے کا ہوتا ہے۔ ویسے تو یہ اللہ کا فیصلہ ہوتا ہے جسے چاہے بیٹا عطاء کرے یا بیٹی تاہم سائنس بھی کئی باتیں بتا چکی ہے۔ میرے علم میں ایسے بیسیوں گھرانے ہیں جن کے ہاں اولاد نہیں۔ وہ ایک ہی دُعا مانگتے ہیں اللہ ہمیں اولاد عطاء فرما۔ انہیں بیٹے یا بیٹی کی بحث میں پڑنے کی حاجت ہی نہیں ہوتی۔ مجھے وہ مولوی بالکل اچھا نہیں لگتا جو نماز کے بعد دُعا کراتے ہوئے یہ کہے اے اللہ بے اولاد جوڑوں کو اولادِ نرینہ عطاء فرما۔ وہ بیٹیوں کے بارے میں اُن کے کمتر ہونے کا گویا اعلان کر رہا ہوتا ہے۔ ابھی چند روز پہلے یہ خبر آئی تھی کہ لاہور میں بیٹے نے باپ کو جائیداد نام لگانے پر سوتے میں گولی مار کر قتل کر دیا یہ ہے بیٹوں کی حقیقت۔ ہمارے ایک پروفیسر دوست جو چند سال پہلے وفات پا گئے، پروفیسر عبدالرؤف کیمسٹری کے ایک معروف استاد تھے۔ وہ کہا کرتے تھے ہمارے معاشرے میں مرد اس خبط میں بھی مبتلا ہو جاتے ہیں کہ نرینہ اولاد ہوگی تو ان کی نسل آگے چلے گی، حالانکہ اُن میں سے اکثر کو اپنے پڑدادا کا نام تک معلوم نہیں ہوتا۔ یہ سب کہنے کی باتیں ہیں ان کی وجہ سے جو لوگ بیٹیوں کی پیدائش پر نفرت یا مایوسی کا اظہار کرتے ہیں، وہ انسان کہلانے کے حقدار نہیں۔

مجھے اللہ نے ایک کے بعد ایک بیٹی دی، ہر بیٹی کی پیدائش پر میرا سر اپنے رَب کے آگے مزید جھک گیا۔ چار بیٹیوں کا باپ بن کر میں نے دیکھا کہ اللہ کی نوازشات کتنی تیزی سے مجھ پر اُتریں، ہر بیٹی کے بعد میری ترقی ہوتی گئی، میری عزت، شہرت اور دولت میں اضافہ ہوتا چلا گیا، پھر اُن کی محبت اور رفاقت نے میرے اندر ایک بہترین انسان کے اوصاف پیدا کئے۔ مجھ میں حلیمی، صبر و قناعت، بردباری اور صلہ رحمی جیسے جذبوں کو فزوں تر کر دیا۔ گھر کا ماحول واقعی جنت نظیر بن گیا، میں اکثر اپنے ایسے ماننے والے اور دوستوں سے پوچھتا ہوں جن کی صرف بیٹیاں ہیں کہ اگر انہیں اور ایک بیٹا دے کر یہ ساری بیٹیاں واپس لے لے تو وہ تڑپ جاتے ہیں جیتے جی مر جانے کی باتیں کرتے ہیں۔ اُو! بدنصیبو بیٹیوں کی دُعا مانگو پھر دیکھو اللہ تم پر کتنی رحمتیں برساتا ہے، مجھے جب کوئی بیٹیوں کی وجہ سے کہتا ہے آپ تو سیدھے جنت میں جائیں گے کہ اللہ کا وعدہ یہی ہے تو میں کہتا ہوں میری تو دنیا بھی ان کی وجہ سے جنت سے کم نہیں۔ اب میں آتا ہوں اُس تلخ پہلو کی طرف، جس کا میں نے بہت زیادہ مشاہدہ کیا ہے۔ یہ بڑی شرمناک حقیقت ہے کہ گھروں میں اس حوالے سے فساد عورتیں ہی ڈالتی ہیں۔ یہ نہیں سوچتی کہ وہ بھی ایک بیٹی بن کر دنیا میں آئی تھیں یہ گھروں میں ساس اور نندیں سب سے زیادہ اُس مرد کے کان بھرتی ہیں جو بیٹی کی پیدائش پر درندہ بن جاتا ہے۔ اس پر یہی عورتیں طلاقیں دلواتی ہیں، گھر برباد کرتی ہیں، یہ کہہ کہہ کر بیٹے کے کان بھرتی ہیں ہمیں تو خاندان کا وارث چاہئے، سارا قصور اس کا ہے اُسے نکالو، ہم کوئی دوسری بہو لاتے ہیں۔ چلو جی ٹھیک ہے، آپ ایسا کر لیں، آپ کی مرضی ہے، لیکن تشدد کیوں کرتے ہیں، لاشیں کیوں جلاتی ہیں، بہت سے پلنے والے بچے سمیت موت کے گھاٹ کیوں اتروائی ہیں، اس درندے مرد کو روکتی کیوں نہیں کہ ناہنجار تو بھی کسی عورت کے پیٹ سے نکلا ہے، کسی گندی نالی کا کیڑا نہیں ہے اب اس گھر میں بچی تو یہی ہوا ہے، سارا گھرانہ بیٹی کی پیدائش کے خلاف تھا، ان ظالموں میں کوئی بھی ایسا نہیں تھا جو شوہر کے تشدد کرنے والے ہاتھوں کو روکتا۔

اب آتے ہیں اُن ڈاکٹروں کی طرف جنہوں نے الٹرا ساؤنڈ مشینیں لگا رکھی ہیں اور دولت کے چکر میں ساری اخلاقیات اور پیشہ ورانہ اصول بھی بھول گئے ہیں۔ مجھے یاد ہے کہ ایک زمانہ تک الٹرا ساؤنڈ کرنے والے باوجود پوچھنے کے یہ نہیں بتاتے تھے کہ پیٹ میں موجود بچہ لڑکا ہے یا لڑکی۔ اُس کی صحت نارمل ہے یا نہیں اور طبی حوالے سے جو بھی کنڈیشن ہوتی وہ ضرور بتا دیتے۔ اب تو طب کا شعبہ بھی قصائی کا اڈہ بن گیا ہے، فیس کا تعین ہونے کے بعد لڑکی ہونے کی صورت میں حمل گرا دیا جاتا ہے اور اس کے لئے جگہ جگہ ڈاکٹر بیٹھے ہیں اس قبیح فعل میں وہ برابر کے شریک ہیں۔ ابارشن کرانے کی بے شک کچھ صورتیں جائز ہیں، مثلاً جب ابتداء میں اندازہ ہو جائے، بچہ تھیلیسیما کیرئر ہے اور پیدائش کے بعد والدین پر بوجھ بن جائے گا، زیادہ عرصہ زندہ نہیں رہے گا، حمل کے دوران بچے کی کوئی ایسی معذوری یا ابنارملٹی جو ٹھیک نہ ہو سکے، اُسی صورت میں بھی حمل ضائع کرانے کی ممانعت نہیں، مگر صرف یہ جان کر کہ بیٹی پیدا ہو رہی ہے، اُسے دنیا میں آنے سے پہلے مار دینا ایک درندگی ہے، سفاکی ہے جس کی مہذب انسانی معاشروں میں اجازت نہیں دی جاسکتی۔

☆☆☆☆

یاد کا عصا اور ایک عہد کی بازیافت

مجیب الرحمٰن شامی صاحب کا کالم "میں اور عرفان بھائی" محض ایک کتاب کا تعارف نہیں بلکہ یاد، رفاقت، بھائی چارے اور ایک بھرپور علمی و صحافتی زندگی کی بازیافت ہے۔ ڈاکٹر شاہد صدیقی کی کتاب اسی نام سے شائع ہوئی تو شامی صاحب نے اسے محض ایک برادرانہ یادداشت سمجھنے کی بجائے ایک ایسے عہد کی دستاویز کے طور پر دیکھا جس میں ایک کچے گھر کے آنگن سے اٹھنے والا شخص اپنے قلم، علم اور مسلسل محنت کے ذریعے قومی زندگی کے بڑے ایوانوں تک پہنچتا ہے۔

کالم کا سب سے دل نشیں استعارہ "یادوں کا عصا" ہے۔ یہ ترکیب بیک وقت محبت، محرومی اور تسلسل تینوں کیفیتوں کو اپنے اندر سمو لیتی ہے۔ بڑے بھائی کی انگلی پکڑ کر آگے بڑھنے والا چھوٹا بھائی جب وقت کے ایک مرحلے پر اسی بھائی کی یاد کا سہارا لے کر زندگی کی راہ طے کرتا ہے تو یاد محض ماضی نہیں رہتی، وہ زندگی کا وسیلہ بن جاتی ہے۔ اسی مقام پر شامی صاحب نے ڈاکٹر شاہد صدیقی کو "تنہا" نہ ہونے کی طرف متوجہ کیا ہے کیونکہ بعض رشتے جسمانی جدائی کے بعد بھی حافظے، کردار اور لفظ کے ذریعے زندہ رہتے ہیں۔

اس کالم کی دوسری اہم خوبی یہ ہے کہ شامی صاحب نے عرفان صدیقی کی کامیابی کو محض عہدوں اور تعلقات کی مرہونِ منت قرار نہیں دیا بلکہ قلم، تعلیم اور محنت کو اس سفر کی بنیاد بنایا ہے۔ سکول ٹیچر سے پروفیسر، شاعر، کالم نگار اور پھر سیاست کے بڑے ایوان تک پہنچنے کا سفر ایک فرد کی داستان ہی نہیں، اس عہد کے اس امکان کی بھی علامت ہے کہ علم اور قلم انسان کے لیے سماجی ارتقاء کے دروازے کھول سکتے ہیں۔

شامی صاحب کا اسلوب یہاں اپنے مخصوص صحافتی رنگ میں سامنے آتا ہے۔ وہ واقعات کو محض گنواتے نہیں بلکہ ان کے درمیان معنوی ربط پیدا کرتے ہیں۔ کچے مکان سے بلند ایوان تک کا سفر ایک ایسا تصویری استعارہ بن جاتا ہے جس میں غربت، محنت، تعلیم، قلم اور منزل سب یک جا ہو جاتے ہیں۔ یہ اسلوب قاری کو واقعہ پڑھنے کی بجائے سفر محسوس کرنے پر آمادہ کرتا ہے۔

تاہم تنقیدی اعتبار سے دیکھا جائے تو کالم کا بڑا حصہ تحسین اور اعتراف پر قائم ہے۔ عرفان صدیقی کی شخصیت کے مثبت پہلو، علمی مقام، صحافتی کردار اور سیاسی وابستگیوں کو نمایاں جگہ دی گئی ہے جبکہ ان کے عملی سفر کے متنازع یا قابلِ بحث پہلوؤں کے لیے نسبتاً کم گنجائش رکھی گئی ہے۔ مثال کے طور پر سیاسی وابستگی، اقتدار کے مراکز سے قربت اور مختلف سیاسی ادوار میں ان کے کردار کا ذکر موجود ہے مگر ان پہلوؤں کا باقاعدہ تجزیہ نہیں کیا گیا۔ یہ شاید کالم کے تعزیتی و تذکیری مزاج کا تقاضا ہو لیکن اگر اسے مکمل سوانحی تناظر میں دیکھا جائے تو مزید سوالات کی گنجائش بہرحال باقی رہتی ہے۔

ایک اور قابلِ توجہ پہلو یہ ہے کہ شامی صاحب نے ڈاکٹر شاہد صدیقی کی کتاب کو "اصحابِ عرفان" کو شریکِ سفر کرنے کا وسیلہ قرار دیا ہے۔ یہی جملہ کتاب کی اصل معنویت کو کھولتا ہے۔ ذاتی یادداشت جب کتاب کی صورت اختیار کرتی ہے تو وہ صرف خاندان کی ملکیت نہیں رہتی، وہ ان تمام لوگوں کے لیے اجتماعی حافظے کا حصہ بن جاتی ہے جنھوں نے اس شخصیت کو استاد، شاعر، صحافی، قلم کار یا سیاست دان کی حیثیت سے دیکھا۔

کالم کا آخری فکری پہلو شاید سب سے زیادہ اہم ہے: غربت کو یاد رکھنا۔ شامی صاحب کے بیان کے مطابق عرفان صدیقی کی زندگی میں محرومی ماضی کا ایک باب تھی مگر انھوں نے اس ماضی کو فراموش نہیں کیا۔ یہی بات ان کی داستان کو محض کامیابی کی کہانی کی بجائے جدوجہد کی کہانی بناتی ہے۔ ایک انسان کا بلند مقام تک پہنچنا متاثر کن ضرور ہے لیکن اس سے زیادہ معنی خیز یہ ہے کہ وہ اپنے آغاز کو یاد رکھے اور اپنی منزل کو اپنی ابتدا سے منقطع نہ کرے۔

مجموعی طور پر "میں اور عرفان بھائی" پر مجیب الرحمٰن شامی کا یہ کالم ایک ایسے شخص کی یاد کو لفظوں میں محفوظ کرنے کی کوشش ہے جس کی زندگی کے کئی رخ تھے۔ ڈاکٹر شاہد صدیقی نے بھائی کو یاد کیا اور شامی صاحب نے اس یاد کو وسیع تر ادبی و صحافتی حافظے کا حصہ بنا دیا۔ یہی اس کالم کی اصل معنویت ہے کہ ایک شخص رخصت ہوتا ہے مگر اس کے الفاظ، شاگرد، تحریریں، تعلقات اور یادیں اسے معاشرے کے حافظے میں زندہ رکھتے ہیں۔

عرفان صدیقی کی زندگی کو اگر ایک جملے میں سمیٹا جائے تو یوں کہا جاسکتا ہے: وہ قلم سے اٹھے، قلم کے ساتھ چلے اور اپنے پیچھے ایک ایسا لفظی نقش چھوڑ گئے جسے مٹانے کے لیے وقت کو بھی بہت دیر تک محوِ سفر رہنا پڑے گا۔

☆☆☆☆

مشکل حالات میں قیادت: بلال صدیق کمیانہ اور لاہور پولیس

تحریر۔ یونس باٹھ

لاہور جیسے بڑے شہر میں امن و امان برقرار رکھنا ہمیشہ ایک بڑا چیلنج رہا ہے، خاص طور پر جب سیاسی حالات کشیدہ ہوں، قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مختلف محاذوں پر مشکلات کا سامنا ہو اور امن و امان کی صورت حال بھی تسلی بخش نہ ہو تو پولیس سربراہ کی ذمہ داریاں کئی گنا بڑھ جاتی ہیں۔ بلال صدیق کمیانہ کو سی سی پی او لاہور کی ذمہ داری ایسے ہی حالات میں سونپی گئی۔ ان کے لیے سب سے بڑا چیلنج شہر میں امن و امان کی بحالی، جرائم پر قابو پانا اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانا تھا۔ گزشتہ 26 سال سے زائد عرصے پر محیط تعلق کے دوران مجھے بلال صدیق کمیانہ کو مختلف ذمہ داریاں نبھاتے دیکھنے کا موقع ملا ہے۔ ان کی شخصیت کا ایک نمایاں وصف یہ ہے کہ دباؤ میں آ کر اپنے فیصلوں سے پیچھے ہٹنے کے بجائے حالات کا سامنا کرتے ہیں۔ اپنی ٹیم کو بھی غیر ضروری دباؤ سے بچاتے اور افسران کو پیشہ ورانہ انداز میں کام کرنے کا اعتماد دیتے ہیں۔ تاہم کسی بھی پولیس افسر کی اصل پہچان اس کی کارکردگی ہوتی ہے۔ لاہور پولیس کے حالیہ اعداد و شمار اور مختلف کارروائیوں کا جائزہ لیا جائے تو بعض شعبوں میں نمایاں بہتری سامنے آئی ہے۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق 2026 کے پہلے آٹھ ماہ میں سٹریٹ کرائم کے درج مقدمات کی تعداد گزشتہ سال کے اسی عرصے کے 8182 سے کم ہو کر 907 رہ گئی، جو تقریباً 67 فیصد کمی بنتی ہے۔ قتل کے واقعات میں 14 فیصد اور اقدامِ قتل کے مقدمات میں 28 فیصد کمی کی اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں۔ یہ اعداد و شمار لاہور پولیس کی کارکردگی کے جائزے میں اہم ہیں۔ اس بہتری کا کریڈٹ سی سی پی او کی قیادت، ان کی ٹیم کی محنت اور پولیس کے مجموعی نظام کو جاتا ہے۔ یقیناً جرائم میں کمی کے رجحان کو برقرار رکھنا اور شہریوں کو اس کے عملی ثمرات پہنچانا بھی اتنا ہی ضروری ہے۔

ستمبر میں ایک موبائل فون چھیننے کے واقعہ کی تفتیش کے دوران لاہور پولیس نے جدید ٹیکنالوجی سے مدد لیتے ہوئے تقریباً سات لاکھ کالز کے ڈیٹا کا تجزیہ کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس کارروائی سے مبینہ طور پر سات رکنی گروہ کا سراغ ملا اور مختلف مقامات پر کارروائیوں کے دوران گرفتاریاں عمل میں آئیں۔ جیو فینسنگ، سیف سٹی کیمروں اور دیگر ذرائع کا استعمال اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ جرائم کی تفتیش میں جدید وسائل کی اہمیت بڑھ رہی ہے۔ اسی ماہ ڈیانا کیس بھی لاہور پولیس کے لئے ایک اہم امتحان بن کر سامنے آیا۔ آذربائیجان سے تعلق رکھنے والی خاتون کی شکایت پر مقدمہ درج ہوا، ملزمان کی شناخت اور گرفتاری کے لیے کارروائیاں شروع ہوئیں اور مبینہ طور پر استعمال ہونے والی گاڑی بھی برآمد کی گئی۔ 29 ستمبر تک سامنے آنے والی اطلاعات کے مطابق دو ملزمان جسمانی ریمانڈ پر ہیں جبکہ تیسرے ملزم کی گرفتاری کیلئے کوششیں جاری ہیں۔ اس حساس مقدمے میں اصل کامیابی شفاف تفتیش، ٹھوس شواہد اور قانون کے مطابق انصاف کی فراہمی ہوگی۔ بلال صدیق کمیانہ کی کمانڈ میں لاہور پولیس کی قیادت میں تسلسل کے ساتھ تبدیلیاں بھی آتی رہی ہیں۔ ان کے دور میں یہ تیسرے ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران ہیں۔ ان سے قبل افضال کوثر اور سید علی ناصر رضوی بھی ان کے ساتھ کام کرچکے ہیں۔ اسی طرح ڈی آئی جی انویسٹی گیشن کے منصب پر سید ذیشان رضا ان کے دور میں چوتھے افسر ہیں۔ اس سے پہلے سہیل سکھیرا، ذیشان اصغر، کامران عادل اور عمران کشور بھی مختلف اوقات میں ان کی ٹیم کا حصہ رہے ہیں۔ اتنے اہم عہدوں پر افسران کی تبدیلی کے باوجود ادارے کے کام میں تسلسل برقرار رکھنا کسی بھی سربراہ کے لیے اہم انتظامی ذمہ داری ہے۔ بلال صدیق کمیانہ کی کوشش یہی دکھائی دیتی ہے کہ آپریشنز، انویسٹی گیشن اور دیگر شعبے باہمی رابطے سے کام کریں۔ موجودہ ٹیم میں ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران، ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا، ڈی آئی جی ایڈمن عمران کشور، ایس ایس پی ڈسپلن کاشف اسلم، ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید، ایس پی آپریشنز عبداللہ احمد اور دیگر افسران و اہلکار شامل ہیں۔ ان سب کی محنت کو بھی تسلیم کرنا چاہیے، کیونکہ میدان میں نتائج پوری ٹیم کی مشترکہ کوشش سے حاصل ہوتے ہیں۔ بلال صدیق کمیانہ میڈیا سمیت تمام اداروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ ان کے نزدیک ادارے کی سربلندی، وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن پر عمل اور آئی جی پنجاب کی پالیسیوں کی پیروی بنیادی ترجیحات میں شامل ہیں۔ پولیس جیسے حساس ادارے میں مختلف اداروں کے ساتھ رابطہ، معلومات کا تبادلہ اور باہمی تعاون امن و امان کے لیے اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ لاہور پولیس کی کارکردگی کو صرف گرفتاریوں یا اعداد و شمار تک محدود نہیں کیا جا سکتا۔ شہریوں کو فوری انصاف، میرٹ پر تفتیش، محفوظ ماحول اور پولیس اسٹیشنوں میں عزت و احترام بھی درکار ہے۔ جرائم میں کمی کی اطلاعات حوصلہ افزا ہیں، مگر اس بہتری کو مستقل بنانا اصل امتحان ہے۔ لاہور پولیس کی کارکردگی کا ذکر کرتے ہوئے ان کی پوری ٹیم اور آئی جی پنجاب کے کردار کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ شہر میں امن و امان بہتر بنانے اور جرائم پر قابو پانے کی کوششیں اسی وقت نتیجہ خیز ہوں گی جب قیادت، ٹیم ورک اور جواب دہی ساتھ ساتھ چلیں۔ یہی وہ راستہ ہے جو لاہور پولیس کو عوام کے اعتماد کے مزید قریب لاسکتا ہے۔

☆☆☆☆

علم کا چراغ روشن رکھنے والے استاد" عبدالستار رند

تحریر۔ شوکت شاہ

دنیا بھر میں ہر سال 5 اکتوبر کو اقوام متحدہ کے زیر اہتمام عالمی یوم اساتذہ منایا جاتا ہے۔ یہ دن محض کیلنڈر کی ایک تاریخ نہیں بلکہ ان عظیم ہستیوں کو خراجِ تحسین پیش کرنے کا ایک باوقار موقع ہے جو علم، شعور اور تربیت کے ذریعے معاشروں کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کرتی ہیں۔ استاد وہ شخصیت ہے جو ایک نسل کو صرف کتاب پڑھنا نہیں سکھاتا بلکہ اسے زندگی کو سمجھنے، مشکلات کا سامنا کرنے اور اپنے معاشرے و ملک کے لیے مفید شہری بننے کا شعور بھی دیتا ہے۔ اسی مناسبت سے ان محسن اساتذہ کو یاد کرنا ضروری ہے جنہوں نے اپنی پوری زندگی تعلیم کے فروغ اور نسلوں کی تربیت کے لیے وقف کر دی۔ انہی قابلِ احترام شخصیات میں ایک نمایاں نام ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹر عبدالستار رند کا بھی ہے، جن کی تعلیمی خدمات کسی ایک ادارے یا چند برسوں تک محدود نہیں بلکہ ایک پوری نسل کی تعمیر سے عبارت ہیں۔

عبدالستار رند نے اپنی پیشہ ورانہ زندگی ایسے علاقے میں گزاری جہاں ایک زمانے میں تعلیمی سہولیات اور شعور کی کمی ایک بڑا چیلنج تھی۔ کوئٹہ کے نواحی علاقے سریاب گرڈ، کلی بنگلزئی کے ایک سرکاری اسکول میں بطور ہیڈ ماسٹر خدمات انجام دیتے ہوئے انہوں نے تعلیم کو محض ملازمت نہیں بلکہ ایک مقدس مشن سمجھا۔ اس دور میں علاقے کو تعلیمی اعتبار سے پسماندہ سمجھا جاتا تھا، مگر عبدالستار رند نے اس پسماندگی کو اپنی راہ میں رکاوٹ بننے نہیں دیا۔ انہوں نے عزم، صبر، مستقل مزاجی اور خلوص کے ساتھ بچوں کو تعلیم کی طرف راغب کرنے اور انہیں ایک بہتر مستقبل کی طرف لے جانے کی کوشش جاری رکھی۔ ایک اچھا استاد صرف کلاس روم کی چار دیواری تک محدود نہیں رہتا۔ وہ اپنے شاگردوں کی صلاحیتوں کو پہچانتا، ان کی حوصلہ افزائی کرتا اور انہیں آگے بڑھنے کا راستہ دکھاتا ہے۔ عبدالستار رند کی شخصیت بھی اسی تصور کی عکاس رہی۔ انہوں نے اپنے شاگردوں کے ساتھ استاد کے ساتھ ساتھ رہنما، مربی اور سرپرست کا کردار ادا کیا۔ ان کے لیے تعلیم محض نصاب مکمل کرنے کا نام نہیں تھی بلکہ بچوں کے اندر خود اعتمادی، ذمہ داری، نظم و ضبط اور بہتر انسان بننے کی صلاحیت پیدا کرنا بھی تعلیم کا حصہ تھا۔ پسماندہ علاقوں میں استاد کا کردار مزید اہم ہو جاتا ہے، کیونکہ وہاں ایک بچے کو اسکول تک لانا ہی بعض اوقات ایک بڑی کامیابی ہوتی ہے۔ ایسے ماحول میں ایک مخلص استاد نہ صرف طلبہ کو تعلیم دیتا ہے بلکہ والدین اور معاشرے کو بھی تعلیم کی اہمیت کا احساس دلاتا ہے۔ عبدالستار رند نے اسی سوچ کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں نبھائیں۔ انہوں نے اپنے علاقے کے بچوں کے لیے اسکول کو علم، تربیت اور امید کا مرکز بنانے کی کوشش کی۔ ان کی محنت کا اصل ثمر شاید کسی ایک دن یا کسی ایک تقریب میں نظر نہ آیا ہو، لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ان کے شاگردوں کی کامیابیوں نے اس محنت کو نمایاں کر دیا۔ کسی استاد کی سب سے بڑی کامیابی یہ نہیں کہ اس نے کتنے اسباق پڑھائے، بلکہ یہ ہے کہ اس کے پڑھائے ہوئے کتنے شاگرد معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کے قابل ہوئے۔ عبدالستار رند کے لیے یہ امر یقیناً باعث اطمینان ہوگا کہ ان کے زیرِ تربیت رہنے والے بچے آج زندگی کے مختلف شعبوں میں اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں۔ ان میں سے بہت سے افراد مختلف عہدوں پر فائز ہو کر قوم اور ملک کی خدمت میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ یہ کامیابیاں دراصل اس استاد کی محنت، رہنمائی اور تربیت کی وہ خاموش گواہی ہیں جو وقت کے ساتھ مزید واضح ہوتی جاتی ہے۔

استاد کی محنت کا اندازہ ہمیشہ اس کی اپنی زندگی سے نہیں لگایا جا سکتا، کیونکہ استاد کی اصل میراث اس کے شاگرد ہوتے ہیں۔ وہ خود ایک سادہ زندگی گزار سکتا ہے، مگر اس کے شاگرد معاشرے میں بڑے منصب حاصل کرکے اس کے خوابوں کو عملی شکل دیتے ہیں۔ ایک استاد کلاس روم سے نکل کر ریٹائر ضرور ہوتا ہے، لیکن اس کے ہاتھوں پروان چڑھنے والی نسلیں اس کے تعلیمی سفر کو جاری رکھتی ہیں۔ اسی لیے عبدالستار رند کی ریٹائرمنٹ ان کی خدمات کا اختتام نہیں بلکہ ان کے تعلیمی اثرات کے ایک نئے مرحلے کا آغاز ہے۔ آج جب تعلیم کو جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل ذرائع اور نئے تعلیمی طریقوں سے جوڑا جا رہا ہے، ایسے میں ہمیں ان اساتذہ کو بھی یاد رکھنا چاہیے جنہوں نے محدود وسائل کے باوجود اپنی ذمہ داریاں نبھائیں۔ ان کے پاس شاید آج کے دور جیسی سہولیات موجود نہ ہوں، مگر ان کے پاس اخلاص، محنت، تجربہ اور اپنے شاگردوں کے بہتر مستقبل کا جذبہ ضرور تھا۔ عبدالستار رند بھی اسی نسل کے استاد ہیں جنہوں نے دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے تعلیم کے چراغ کو روشن رکھا اور اپنے علاقے کے بچوں کو آگے بڑھنے کی ترغیب دی۔ پسماندہ علاقوں کی ترقی میں تعلیم بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ سڑکیں، عمارتیں اور دیگر سہولیات اپنی جگہ اہم ہیں، مگر اگر کسی معاشرے کے بچوں کو معیاری تعلیم اور بہتر تربیت میسر نہ ہو تو ترقی کا سفر ادھورا رہتا ہے۔ اس اعتبار سے عبدالستار رند جیسے اساتذہ کی خدمات محض تدریسی فرائض کی ادائیگی نہیں بلکہ معاشرتی تعمیر کا حصہ ہیں۔ انہوں نے جن بچوں کو پڑھایا، ان میں سے ہر بچہ اپنے خاندان، محلے اور معاشرے میں تبدیلی کا ایک ذریعہ بن سکتا ہے۔ یوں ایک استاد کی محنت کا دائرہ ایک اسکول سے نکل کر پورے معاشرے تک پھیل جاتا ہے۔ عبدالستار رند کی خدمات ہمیں یہ سبق بھی دیتی ہیں کہ کسی علاقے کی پسماندگی کو اس کی قسمت نہیں سمجھنا چاہیے۔ اگر ایک مخلص اور باصلاحیت استاد عزم کے ساتھ کام کرے تو محدود وسائل میں بھی تبدیلی کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔ تعلیم کا ایک چراغ کئی چراغ روشن کر سکتا ہے اور یہی چراغ آگے چل کر پورے معاشرے کو منور کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ استاد کو معاشرے کا معمار کہا جاتا ہے، کیونکہ وہ عمارتیں نہیں بلکہ انسان اور کردار تعمیر کرتا ہے۔

عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر عبدالستار رند کو خراجِ تحسین پیش کرنا دراصل ان تمام گمنام اور مخلص اساتذہ کو سلام پیش کرنے کے مترادف ہے جو اپنی زندگی کا قیمتی وقت نئی نسل کی تعلیم و تربیت کے لیے وقف کر دیتے ہیں۔ ایسے اساتذہ شہرت کے طلبگار نہیں ہوتے، ان کی اصل خوشی اپنے شاگردوں کو کامیاب دیکھنے میں ہوتی ہے۔ جب ان کا کوئی شاگرد کسی ذمہ دار منصب تک پہنچتا ہے، اپنے خاندان کی کفالت کرتا ہے، معاشرے کی خدمت کرتا ہے یا ملک کی ترقی میں حصہ ڈالتا ہے تو استاد کی برسوں کی محنت ایک خوبصورت حقیقت بن کر سامنے آتی ہے۔ آج عبدالستار رند ریٹائر ہو چکے ہیں، مگر ان کی خدمات اور ان کے شاگردوں کی کامیابیاں ان کے تعلیمی سفر کو زندہ رکھے ہوئے ہیں۔ ان کا کردار اس بات کی روشن مثال ہے کہ ایک استاد اگر اپنے پیشے کو ذمہ داری کے ساتھ ساتھ خدمت کا مشن سمجھ لے تو وہ اپنے گرد و پیش کی کئی نسلوں کی زندگی بدل سکتا ہے۔ ان کے ہاتھ میں موجود کتاب، ان کی زبان سے نکلنے والا سبق اور ان کی طرف سے دی جانے والی حوصلہ افزائی شاید بظاہر معمولی محسوس ہوتی ہو، مگر یہی چھوٹے اقدامات مستقبل کے بڑے کردار تشکیل دیتے ہیں۔ عبدالستار رند جیسے اساتذہ کے لیے سب سے بڑا اعزاز یہ ہے کہ ان کے شاگرد انہیں احترام سے یاد کریں اور ان کی دی ہوئی تعلیم و تربیت کو اپنی زندگی میں آگے بڑھائیں۔ ان کی زندگی اس حقیقت کی گواہی دیتی ہے کہ تعلیم کا سفر کبھی ختم نہیں ہوتا۔ استاد ریٹائر ہو سکتا ہے، مگر اس کا علم، اس کی تربیت اور اس کے شاگردوں کی کامیابیاں معاشرے میں اس کے کردار کو ہمیشہ زندہ رکھتی ہیں۔ عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر ہم ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹر عبدالستار رند کو دل کی گہرائیوں سے خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے ایک پسماندہ علاقے میں علم کا چراغ روشن رکھا، بچوں کو تعلیم کی طرف راغب کیا، ان کی رہنمائی کی اور ایسی نسل کی آبیاری میں حصہ لیا جو آج مختلف شعبوں میں ملک و قوم کی خدمت کر رہی ہے۔ ان کی زندگی ہمیں یاد دلاتی ہے کہ ایک سچا استاد صرف شاگرد نہیں بناتا، وہ مستقبل بناتا ہے۔ استاد خود چراغ کی مانند ہوتا ہے؛ وہ جلتا ہے تو کئی نسلوں کے راستے روشن ہو جاتے ہیں۔ عبدالستار رند نے بھی اپنی زندگی اسی چراغ کو روشن رکھنے میں گزاری، اور ان کا کردار آج اس روشنی کی صورت آگے بڑھ رہا ہے۔ یہی ایک استاد کی سب سے بڑی کامیابی اور سب سے خوبصورت میراث ہے۔

جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر وسینیٹر مولانا عبدالواسع آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کی نومنتخب چیئرمین عبدالغفار مندوخیل، صدر میر عبدالسلام لانگو، جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی اور دیگر عہدے داروں سے حلف لے رہے ہیں

فتح خان بنگلزئی کا ضلع کے مختلف مراکزِ صحت کا تفصیلی دورہ

ملازمین کی بروقت اور باقاعدہ حاضری یقینی بنائی جائے، ہدایت

ڈکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ڈکی فضل الرحمٰن کبدانی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح خان بنگلزئی نے ضلع کے مختلف مراکز صحت کا تفصیلی دورہ کیا اور طبی سہولیات، عملے کی حاضری اور ادویات کی دستیابی کا جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈکی، بی ایچ یو کلی علی محمد اور بی ایچ یو کلی محمد خان کا دورہ کیا۔ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کے معائنے کے دوران انہوں نے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر عملے کی حاضری چیک کی، جبکہ ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور انتظامی امور کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے پی ایس ڈی پی پروگرام کے تحت زیر تعمیر آپریشن تھیٹر کا بھی تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے تعمیراتی کام کے معیار اور پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبے کا کام مقررہ معیار اور ضوابط کے مطابق جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔ بعد ازاں اسسٹنٹ کمشنر نے بی ایچ یو کلی علی محمد اور بی ایچ یو کلی محمد خان کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے طبی و دیگر عملے کی حاضری، مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، صفائی ستھرائی اور دستیاب ادویات کے اسٹاک کا جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر فتح خان بنگلزئی نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ تمام مراکز صحت میں ڈاکٹرز اور دیگر ملازمین کی بروقت اور باقاعدہ حاضری یقینی بنائی جائے، ادویات کی دستیابی برقرار رکھی جائے اور مریضوں کو معیاری، بروقت اور موثر طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی، سرکاری مراکزِ صحت کی کارکردگی میں بہتری اور طبی اداروں میں نظم و ضبط کے قیام کے لیے مسلسل نگرانی جاری رکھے گی۔

پیرامیڈیکس کی تنخواہوں میں 7 فیصد کٹوتی کی مذمت

اوستہ محمد (آن لائن) پیرامیڈیکل ایسوسی ایشن اوستہ محمد کے صدر معشوق علی جمالی جنرل سیکرٹری عبدالنبی جمالی چیئرمین عبدالستار جمالی نے پیرامیڈیکس سمیت دیگر سرکاری محکموں میں کنٹریکٹ ملازمین کی تنخواہوں میں 7 فیصد کٹوتی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملازمین پہلے ہی محدود تنخواہوں میں اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں ایسے میں تنخواہوں سے مزید کٹوتی ان کے معاشی مسائل میں اضافہ کرے گی انہوں نے کہا کہ پیرامیڈیکس اور دیگر کنٹریکٹ ملازمین عوام کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، اس کے باوجود ان کی تنخواہوں میں کٹوتی باعث تشویش ہے۔

بی آئی ایس پی وظیفے سے محروم مستحق خاتون کو 14,500 روپے جاری

خضدار (این این آئی) عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کے سلسلے میں وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس خضدار نے ایک اور اہم کامیابی حاصل کرتے ہوئے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی جانب سے وظیفہ نہ ملنے پر پریشان حال مستحق خاتون کو فوری انصاف اور حق دلوا دیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع خضدار کی تحصیل کرخ کے علاقے شیری بالونک کی رہائشی مسمات حنیفہ نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مالی امداد/وظیفہ کی عدم ادائیگی کے خلاف وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس خضدار میں درخواست جمع کرائی تھی۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا تھا کہ وہ شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں اور متعلقہ ادارہ انہیں وظیفہ جاری نہیں کر رہا۔ وفاقی محتسب خضدار نے شکایت کا فوری نوٹس لیتے ہوئے کارروائی کا آغاز کیا اور بی آئی ایس پی کے متعلقہ حکام کو جواب طلبی کے لیے مراسلہ جاری کیا۔ وفاقی محتسب کی موثر مداخلت اور مسلسل پیروی کے نتیجے میں بی آئی ایس پی حکام نے درخواست گزار کے کیس کا فوری از سر نو جائزہ لیا اور درپیش انتظامی و تکنیکی رکاوٹوں کو دور کرتے ہوئے خاتون کے نام 14,500 روپے کا وظیفہ جاری کر دیا۔ وظیفے کی رقم موصول ہونے پر درخواست گزار مسمات حنیفہ نے انتہائی مسرت اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی محتسب کے ادارے کی کارکردگی، عوام دوست پالیسی اور فوری دادرسی پر ادارہ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

گوادر، صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی جی ڈی اے سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تعلیمی پروگراموں کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں، ڈاکٹر گل حسن

پیش آنے والے تکنیکی مسائل کو بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایت

جامعہ تربت (خ ن) وائس چانسلر کی زیر صدارت اہم اجلاس، داخلہ عمل میں تکنیکی رکاوٹیں دور کرنے اور دور دراز علاقوں کے نوجوانوں کو یونیورسٹی کے تعلیمی پروگراموں تک رسائی کے لئے رہنمائی فراہم کرنے کی ہدایت۔ خطے میں اعلیٰ تعلیم و تحقیق کے فروغ اور یونیورسٹی کے تمام امور کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے جامعہ تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی زیر صدارت 2 اکتوبر 2026 کو تمام تدریسی و انتظامی سربراہان کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسپرنگ 2027 کے نئے تعلیمی سیشن کے داخلوں، اسمارٹ آن لائن ایڈمیشن سسٹم اور امیدواروں کے لیے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے آغاز میں رجسٹرار گنگزار بلوچ نے داخلوں کی تفصیلات کے بارے میں مفصل بریفنگ دی۔ اس کے بعد وائس چانسلر نے ادارے کے تعلیمی معیار کو برقرار رکھنے پر زور دیتے ہوئے تمام شعبہ جات کو ہدایت کی کہ داخلہ عمل کو مزید بہتر و آسان بنایا جائے اور دور افتادہ علاقوں سے تعلق رکھنے والے باصلاحیت نوجوانوں کو یونیورسٹی کے تعلیمی پروگراموں تک رسائی فراہم کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں، تاکہ وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرکے ملک و قوم کی خدمت کر سکیں۔ اسی تناظر میں وائس چانسلر نے آن لائن پورٹل کے ذریعے درخواستیں جمع کرانے کے دوران پیش آنے والے تکنیکی مسائل کو بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایت دی۔ اجلاس کے دوران پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے اپنے حالیہ دورہ کوئٹہ کے دوران یونیورسٹیز فنانس کمیشن کے اجلاس اور گورنر بلوچستان، صوبائی وزیر تعلیم و سیکرٹری تعلیم سے ہونے والی ملاقاتوں کی تفصیلات سے بھی شرکا کو آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ان ملاقاتوں میں ادارے کے مالی استحکام، اچھی گورننس اور انتظامی امور کی مکمل آٹومیشن کے علاوہ یونیورسٹی کی خالی آسامیوں کو مستقل بنیادوں پر پُر کرنے کے حوالے سے مثبت گفتگو ہوئی۔

حفظانِ صحت آگاہی مہم اور طلبہ کی انٹرن شپ پر تبادلہ خیال

میونسپل کارپوریشن گوادر میں انٹرن شپ کے مواقع فراہم کرنے کی درخواست

گوادر (آن لائن) چیئرمین میونسپل کارپوریشن گوادر ماجد جوہر نے وائس چانسلر یونیورسٹی آف گوادر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر سے ان کے چیمبر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں حفظانِ صحت اور صفائی سے متعلق آگاہی کے فروغ، یونیورسٹی کے اساتذہ و طلبہ کی آگاہی مہم میں شرکت اور طلبہ کے لیے عملی تربیت کے مواقع سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین میونسپل کارپوریشن گوادر نے حفظانِ صحت سے متعلق آگاہی مہم میں یونیورسٹی آف گوادر کے اساتذہ، طلبہ و طالبات کے تعاون کی درخواست کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر نے طلبہ کو عملی تجربہ اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کرنے کے لیے میونسپل کارپوریشن گوادر میں انٹرن شپ کے مواقع فراہم کرنے کی درخواست کی، جس پر چیئرمین ماجد جوہر نے طلبہ کو انٹرن شپ کے مواقع فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

گوداموں میں موجود گندم کی نیلامی کی جا چکی ہے، ڈی سی استا محمد

استا محمد (خ ن) ڈائریکٹر جنرل محکمہ کموڈیٹی مینجمنٹ، حکومتِ بلوچستان نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر اُستا محمد سے ملاقات کی، جس میں ذخیرہ اندوزی کے خلاف سیل کیے گئے گندم کے گوداموں اور نیلام شدہ گندم کی کامیاب بولی دہندگان کو حوالگی کے معاملے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل نے بتایا کہ ذخیرہ اندوزی کے خلاف کارروائی کے دوران سیل کیے گئے گوداموں میں موجود گندم کی نیلامی کی جا چکی ہے، تاہم نیلام شدہ گندم کامیاب بولی دہندگان کے حوالے کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی معاونت درکار ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ متعلقہ گودام مالکان کو قانونی نوٹس جاری کیے جائیں گے اور انہیں نیلام شدہ گندم کامیاب بولی دہندگان کے حوالے کرنے کا پابند کیا جائے گا۔ نوٹس کے باوجود گندم حوالے نہ کرنے کی صورت میں متعلقہ ذخیرہ اندوزوں کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے مقدمات درج کروائے جائیں گے۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر شجاعت علی کھوسہ، اسسٹنٹ کمشنر اُستا محمد ماریہ شمعون اور متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ ضلعی انتظامیہ نے نیلام شدہ گندم کی کامیاب بولی دہندگان کو حوالگی اور قانونی کارروائی کے سلسلے میں محکمہ کموڈیٹی مینجمنٹ کو مکمل تعاون فراہم [illegible]

عوام کو فوری انصاف کی فراہمی: وفاقی محتسب خضدار کی موثر کارروائی

پنجگور میں تعطل کا شکار 21 پی ٹی سی ایل لائنیں بحال، عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

خضدار (این این آئی) وفاقی محتسب ریجنل دفتر خضدار نے عوامی شکایات کے ازالے کی شاندار روایت برقرار رکھتے ہوئے ایک اور بڑی کامیابی حاصل کر لی ہے۔ وفاقی محتسب کے فوری نوٹس اور موثر قانونی کارروائی کے نتیجے میں عراپ تپ، ضلع پنجگور میں طویل عرصے سے تعطل کا شکار 21 پی ٹی سی ایل (PTCL) لائنیں بحال کر دی گئی ہیں، جس سے علاقہ مکینوں اور تاجروں کو بڑا ریلیف ملا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پنجگور کے علاقے عراپ تپ کے رہائشی سائل عاطف سلام نے وفاقی محتسب کے ریجنل دفتر خضدار میں ایک تحریری شکایت درج کرائی تھی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ پی ٹی سی ایل کی مین کیبل کٹ جانے کے باعث علاقے کے 21 کنکشنز ایک طویل عرصے سے مکمل طور پر ڈیڈ (بند) پڑے ہیں۔ مواصلاتی رابطے منقطع ہونے کی وجہ سے نہ صرف شہریوں کی روزمرہ زندگی شدید متاثر ہو رہی تھی بلکہ مقامی تاجروں کا کاروبار اور لین دین بھی ٹھپ ہو کر رہ گیا تھا۔ پی ٹی سی ایل حکام کی جانب سے مسلسل نظرانداز کیے جانے پر سائل نے انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ وفاقی محتسب ریجنل دفتر خضدار نے عوامی نوعیت کے اس اہم مسئلے کی سنگینی کا ادراک کرتے ہوئے فوری طور پر نوٹس لیا۔ اسسٹنٹ ایڈوائزر/تفتیشی افسر کی زیر نگرانی پی ٹی سی ایل حکام کو طلب کیا گیا اور اس کیس کی باقاعدہ 4 تفصیلی سماعتیں (Hearings) کی گئیں۔ وفاقی محتسب کی جانب سے پی ٹی سی ایل حکام کو سخت ہدایات جاری کی گئیں کہ وہ غفلت کا نوٹس لیں اور شہریوں کی پریشانی کے خاتمے کے لیے لائنیں فوری بحال کریں۔ [illegible]

☆☆☆☆☆ گوادر قائمہ کمیٹی برائے فشریز کے چیئرمین رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ فشریز اینڈ ایکوا کلچر بل 2026ء کے حوالے سے مشاورتی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆

صحت کی موثر خدمات کی فراہمی کے لیے بنیادی تقاضے ہیں، ڈاکٹر نور محمد

معیارات وضوابط کی مسلسل پاسداری کو یقینی بنانے کے لیے مزید کوششوں کی ضرورت

[illegible]

معیاری طبی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، ڈاکٹر مہر دین

بارکھان (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر بارکھان [illegible]

نئی ٹرین سروس سے شہریوں کو آمد و رفت میں سہولت ملے گی، امیر حمزہ خان

مشترکہ کاوشوں سے جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس صرف چار ماہ کی مدت میں مکمل ہوئی

[illegible]

عوام سے زائد قیمت وصول کرنے سے گریز کیا جائے، ابوبکر میروانی

اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے بازاروں کی نگرانی جاری رہے گی

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ابوبکر میروانی نے تربت بازار کا دورہ کیا اور مختلف دکانوں و کاروباری مراکز کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے دوران چیکنگ ایل پی جی گیس کے نرخ، سیفٹی انتظامات، دودھ، مرغی اور دیگر اشیائے ضروریہ کے معیار و قیمتوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر دکانداروں کو ہدایت کی گئی کہ مقررہ نرخ نامے کے مطابق اشیاء فروخت کی جائیں اور عوام سے زائد قیمت وصول کرنے سے گریز کیا جائے۔ انہوں نے مختلف دکانوں پر نرخ نامے کی موجودگی اور نمایاں آویزاں کرنے کا بھی جائزہ لیا جبکہ زائد نرخ، غیر معیاری اشیاء اور صارفین سے ناجائز منافع خوری کے خلاف کارروائی کی ہدایت کی۔ معائنے کے دوران ایکسپائر شدہ اشیاء بھی چیک کی گئیں۔ انتظامیہ نے دکانداروں کو واضح کیا کہ عوام کی صحت سے کھیلنے کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی اور زائد المیعاد اشیاء کی فروخت پر قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر ابوبکر میروانی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو مقررہ نرخوں پر معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے بازاروں کی نگرانی جاری رکھے گی۔ انہوں نے دکانداروں پر زور دیا کہ وہ سرکاری نرخ نامے پر عمل درآمد کریں، اشیاء کے معیار کا خیال رکھیں اور سیفٹی اصولوں کی پابندی کریں۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا کہ قیمتوں میں خود ساختہ اضافہ، زائد نرخ وصولی، غیر معیاری یا ایکسپائر اشیاء کی فروخت اور حفاظتی اصولوں کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔

چیئرمین ہیلتھ کمیٹی وڈپٹی کمشنر تمپ برکت بلوچ کی زیر صدارت اجلاس

مراکزِ صحت میں دستیاب طبی سہولیات اور ہسپتالوں کے وارڈز کی صورتحال کا جائزہ

تمپ (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی ضلع تمپ کا اجلاس چیئرمین ہیلتھ کمیٹی وڈپٹی کمشنر تمپ برکت بلوچ کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر تمپ ڈاکٹر نوروز یعقوب، اسسٹنٹ کمشنر تمپ شے حق حیات، پی پی ایچ آئی کے ڈسٹرکٹ منیجر حاجی خان بلوچ اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر تمپ ڈاکٹر نوروز یعقوب نے ضلع تمپ میں محکمہ صحت کی مجموعی کارکردگی، طبی سہولیات کی دستیابی اور جاری سرگرمیوں کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں ای پی آئی پروگرام کے تحت بچوں کی حفاظتی ویکسینیشن، مختلف مراکزِ صحت میں دستیاب طبی سہولیات اور ہسپتالوں کے وارڈز کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ اس کے علاوہ محکمہ صحت کے ملازمین کی حاضری اور غیر حاضر عملے کے خلاف کی جانے والی انتظامی کارروائیوں سے بھی اجلاس کو آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر تمپ برکت بلوچ نے محکمہ صحت کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نوروز یعقوب کی جانب سے طبی سہولیات کی بہتری، موثر نگرانی اور غیر حاضر ملازمین کے خلاف انتظامی کارروائیوں کو سراہا۔ اجلاس میں ضلع تمپ میں محکمہ صحت کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے، عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے اور صحت عامہ سے متعلق اقدامات کو موثر انداز میں آگے بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

صارفین کو درپیش بجلی سے متعلق مسائل اور شکایات کے فوری ازالے کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد

حب (آن لائن) دفتر الیکٹرک انسپکٹر، محکمہ توانائی بلوچستان، حب کے زیر اہتمام کے الیکٹرک کے صارفین کو درپیش بجلی سے متعلق مسائل اور شکایات کے فوری ازالے کے لیے 2 اکتوبر 2026 کو کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت الیکٹرک انسپکٹر محکمہ توانائی بلوچستان انجینئر سراج احمد سلانی نے کی۔ کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد ضلع حب کے کے الیکٹرک صارفین کو بجلی کی فراہمی، زائد بلنگ، غلط میٹر ریڈنگ، بجلی کے بلوں میں بے ضابطگیوں، تکنیکی خرابیوں اور دیگر متعلقہ مسائل کے حل کے لیے براہ راست اور موثر پلیٹ فارم فراہم کرنا تھا، جہاں صارفین نے اپنی شکایات اور مسائل متعلقہ حکام کے سامنے پیش کیے۔ اس موقع پر الیکٹرک انسپکٹر انجینئر سراج احمد سلانی نے صارفین کی جانب سے پیش کی گئی شکایات کا تفصیلی جائزہ لیا اور ان کے ساتھ موجود متعلقہ دستاویزی ثبوت، بالخصوص بجلی کے بل، سابقہ درخواستوں و شکایات کی نقول اور دیگر ضروری دستاویزات کی جانچ پڑتال کی۔

گوادر، کمشنر مکران ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کے ہمراہ فٹسال گراؤنڈ کے افتتاح کے موقع پر دعا کر رہے ہیں

ترقیاتی کاموں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، عبدالرزاق

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق خان خجک کی زیر صدارت ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کے حوالے سے ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی (DCC) کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کے سربراہان اور ایگزیکٹو انجینئرز (XENs) نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) فیز I، II اور III کے تحت جاری و آئندہ ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ پراجیکٹ کا فیز اول (I-Phase) 95 فیصد مکمل ہے، جبکہ فیز دوم (II-Phase) پر کام تقریباً 90 فیصد مکمل کر لیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ فیز سوم (III-Phase) کی تمام قانونی اور انتظامی کارروائیاں مکمل کر لی گئی ہیں اور بہت جلد اس پر عملی کام کا آغاز کر دیا جائے گا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق خان خجک نے دوٹوک الفاظ میں ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

کارکنوں کی تربیت کا باقاعدہ اور مروجہ نظام موجود ہے، مولانا عبدالواسع

کارکن جمعیت علما اسلام کا اصل سرمایہ اور اس جماعت کی سب سے بڑی قوت ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ جمعیت علما اسلام جمہوری عمل، آئینی بالادستی اور عوام کے حق رائے دہی کے خلاف کسی بھی اقدام کو قبول نہیں کرے گی اور ہر غیر جمہوری وغیر آئینی عمل کے خلاف بھرپور مزاحمت کرے گی۔ جبر، استبداد اور غلامی کے خلاف ہمارے اسلاف کی تاریخ عزم، استقامت اور مزاحمت سے عبارت ہے، تحریک آزادی کے اسیران مالٹا اسی مزاحمتی جدوجہد کا روشن باب ہیں۔ وطن عزیز پاکستان سے محبت ہمارے لیے محض سیاسی نعرہ نہیں بلکہ اسلامی، ملی اور قومی فریضہ ہے، جس کے لیے ہمیں کسی بیرونی ہدایت، اجازت یا رہنمائی کی ضرورت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ 8 فروری کو پوری قوم نے اپنے ووٹ کے ذریعے جمعیت علما اسلام پر اعتماد کا اظہار کیا، لیکن عوامی مینڈیٹ کو محلاتی سازشوں اور سیاسی جوڑ توڑ کی نذر کر دیا گیا؛ آج اس کے نتائج پوری قوم کے سامنے ہیں کہ اختلاف رائے کو دبایا جا رہا ہے، زبانوں پر تالے ڈالے جا رہے ہیں اور سیاسی وفاداریوں کی خرید و فروخت کے ذریعے ضمیروں کی منڈی سجائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس اسمبلی کی نمائندگی کے لیے بولیاں لگانے والے آج اپنے ہی منصب اور سیاسی حیثیت کے بارے میں بے یقینی کا شکار ہیں، اگر وہ حقیقی عوامی نمائندے ہوتے اور حقیقی عوامی مینڈیٹ کے ذریعے ایوان میں پہنچتے تو انہیں اپنے ضمیر اور عوام کے سامنے جواب دہی کا خوف نہ ہوتا۔ جمعیت علما اسلام محض ایک سیاسی جماعت نہیں بلکہ ایک منظم فکری، دینی اور تربیتی تحریک ہے، جس میں کارکنوں کی تربیت کا باقاعدہ اور مروجہ نظام موجود ہے؛ ہمارے کارکنوں کو دینی علوم، سیاسی شعور، تنظیمی نظم وضبط اور اجتماعی ذمہ داری کے ساتھ ساتھ ایک ذمہ دار، باکردار اور محب وطن پاکستانی کی حیثیت سے کردار ادا کرنے کی عملی تربیت دی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام کا ایک ایک نظریاتی کارکن ملک کے وسائل، قومی امانت اور عوامی حقوق کا امین بننے کی صلاحیت رکھتا ہے اور ریاستی وقومی معاملات میں دیانت، اہلیت اور ذمہ داری کے ساتھ اپنا کردار ادا کر سکتا ہے۔ نظریاتی کارکن جمعیت علما اسلام کا اصل سرمایہ اور اس جماعت کی سب سے بڑی قوت ہیں؛ یہی نظریاتی وابستگی اور فکری تربیت ہماری جماعت کا امتیاز ہے۔ جمعیت علما اسلام ہمارا فخر، ہماری شناخت اور ہمارا وقار ہے، ہم اپنے نظریات، دستور، آئینی اصولوں اور جمہوری جدوجہد کے دفاع کے ساتھ ساتھ ان کے فروغ کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں۔ جمعیت علما اسلام میں جدوجہد کا ہر لمحہ ہمارے لیے سیاسی ذمہ داری کے ساتھ ساتھ عبادت کا درجہ رکھتا ہے، اور ہم اپنے نظریات واصولوں کے تحفظ کے لیے آئینی، جمہوری اور پرامن جدوجہد جاری رکھیں گے۔

نوکنڈی کے ملازمین مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا کر رہے ہیں

[illegible] دو دیگر ملازمین کی تنخواہوں کی چیک دالبندین برانچ کو دیا گیا ہے مگر بینک منیجر اپنی ذاتی مصروفیات کی وجہ سے نوکنڈی برانچ میں ٹرانسفر نہیں کر پا رہے ہیں بینک منیجر کو احساس ہونا چاہیے تھا کہ ملازمین طبقہ کو تنخواہیں نہ ملنے کی صورت میں وہ کن مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا کر رہے ہیں ائرکنڈیشن دفتر میں بیٹھ کر غریب ملازمین کی حالت انھیں محسوس نہیں ہو رہی جو کہ انتہائی افسوس کی بات ہے۔

چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ڈی جی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ساؤتھ سے ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) حب میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے چیئرمین عبداللہ خان نے ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ساؤتھ زمان خان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ٹیکس اصلاحات، ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی، ادارہ جاتی رابطہ کاری اور دونوں محکموں کے درمیان باہمی تعاون سے متعلق مختلف اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر دونوں جانب سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے اور صوبائی اپنے ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدن میں اضافے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ ملاقات میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی اور محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے درمیان رابطہ کاری اور معلومات کے تبادلے کو مزید موثر بنانے پر بھی زور دیا گیا، تاکہ ٹیکس قوانین پر عملدرآمد بہتر، ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی موثر اور محصولات کی وصولی کے نظام کو مزید فعال بنایا جا سکے۔

ماجد سلیم کا گورنمنٹ بوائز ہائی سکول مسلم باغ کا دورہ

کوئٹہ (آن لائن) اسسٹنٹ کمشنر مسلم باغ ماجد سلیم نے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول مسلم باغ کا دورہ کیا۔ دورانِ دورہ انہوں نے سکول کے ہیڈ ماسٹر اور اساتذہ سے ملاقات کی اور سکول میں جاری تعلیمی سرگرمیوں، تدریسی امور، طلبہ کی حاضری اور مجموعی تعلیمی ماحول کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اساتذہ سے تعلیمی معیار، طلبہ کی حاضری اور تدریسی سرگرمیوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔

وارث افغان کے زیر صدارت اجلاس، صوبائی کانفرنس کی تیاریوں کو تیز کرنے کا فیصلہ

ضلع لورالائی PSO کا اہم اجلاس منعقد، ضلع بھر کے تعلیمی اداروں میں طلبا و طالبات کی شرکت

[illegible]

مقامی امیدوار کے حق کو نظرانداز کرنا قابل افسوس ہے، اسلم رونجھو

تمام معاملات کا جائزہ لیں اور میرٹ و قواعد کے مطابق فیصلہ کریں

[illegible]

حب، ضلع حب میں بیسک ہیلتھ یونٹ، تعلیمی منصوبوں، جنگی گوٹھ میں جدید ڈیجیٹل لائبریری کیساتھ ساتھ دیگر ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے

[illegible] ہزارہ، ملک رشید کاکڑ، نواز پندرانی، حضرت علی کوثر، آغا رؤف سجادی، زیب الرحمٰن، جمیل کاسی اور دیگر اساتذہ کے عالمی دن کے موقع پر شیلڈز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کر رہے ہیں

بقیہ 1

ولایتی نے مزید کہا کہ خطے کے تجربے سے ظاہر ہوتا ہے کہ درآمد شدہ سکیورٹی کی ایک مدت ہوتی ہے اور ہمسایہ ملک موجود رہتا ہے جبکہ باہر سے آنے والا مہمان چلا جاتا ہے۔

بقیہ 2

ٹیکنالوجی پر مزید حفاظتی پابندیاں عائد کرنے کی بحث جاری ہے۔ اوپن اے آئی کے مصنوعی ذہانت کے نظام سے متعلق حالیہ واقعات نے بھی کمپنی کو جانچ پڑتال پر مجبور کر رکھا ہے۔ جولائی میں کمپنی کے ایک مصنوعی ذہانت کے نظام نے انٹرنیٹ تک رسائی حاصل کر کے اوپن سورس پلیٹ فارم ہگنگ فیس پر کارروائی کی تھی جس کے بعد کمپنی نے اپنے خودکار مصنوعی ذہانت کے نظام کی سرگرمیوں کا جائزہ لیا تھا۔ کمپنی نے رواں ہفتے 100 سے زائد اداروں کو اپنے نظام سے منسلک غیر مجاز سرگرمیوں سے متعلق آگاہ کیا تاہم یہ بھی واضح کیا کہ اطلاع دیے جانے کا لازمی مطلب یہ نہیں کہ کسی نجی معلومات تک رسائی حاصل ہوئی یا کوئی نظام متاثر ہوا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق برطرف ملازمین کا معاملہ ایک بیرونی ادارے سے متعلق کام اور مصنوعی ذہانت کے ماڈلز کی جانچ سے جڑا تھا۔ اس سے متعلق اوپن اے آئی نے کہا کہ حساس اور ملکیتی معلومات کا تحفظ کمپنی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 3

کہ ہم غزہ سے خالی ہاتھ آئے تھے اور اب آہستہ آہستہ زندگی کو یہاں دوبارہ بحال کر رہے ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق دونوں بھائی اپنے اہلِ خانہ کے ہمراہ 2025 میں میکسیکو پہنچے تھے۔ ان کے والد میکسیکو کے شہری ہیں اور انہی کی مدد سے غزہ سے ان کا انخلا ممکن ہوا۔ میکسیکو پہنچنے کے وقت ان کے پاس نہ فون تھے، نہ پیسے، تاہم تقریباً 50 ڈالرز ادھار لے کر دونوں بھائیوں نے کھانے کے اسٹال قائم کیے جو ایک دوسرے سے 2 کلومیٹر کے فاصلے پر ہیں۔

بقیہ 4

مسائل مذاکرات سے حل کرنا چاہتے ہیں لیکن امریکا کے دباؤ کے سامنے ہرگز نہیں جھکیں گے۔

بقیہ 5

ٹرمپ نے یہ اعلان جی سیون ممالک کی جانب سے اگلے چار ماہ میں 10 کروڑ بیرل ڈیزل اور خام تیل کی سپلائی پر راضی ہونے کے بعد کیا۔ اس سے پہلے ٹرمپ نے یورپی ملکوں کو دھمکی دی تھی کہ اگر اپنے ذخائر سے ڈیزل ریلیز نہ کیا تو امریکا انہیں ڈیزل کی سپلائی روک دے گا۔

بقیہ 6

کے باوجود عمانی پائلٹ کو نوکری دی اور امارات اسرائیل جیسے حساس روٹ پر بھی تعینات کیا۔ عرب ٹی وی کا کہنا تھا کہ عمانی شہری امارات آنے سے پہلے شام گیا تھا جہاں وہ انتہاپسندی کا شکار ہوا۔ دوسری جانب اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے کہا ہے کہ حملہ آور شریک پائلٹ انتہاپسندی کا شکار ہو گیا تھا۔

بقیہ 7

گروپ نے دعویٰ کیا تھا کہ اس نے ریاض کو نشانہ بنایا ہے، جبکہ متحدہ یمنی افواج مغربی ساحل پر حوثیوں کی جانب سے ان علاقوں میں اپنی پوزیشنیں مضبوط کرنے کی کوششوں کو ناکام بنانے کے لیے لڑ رہی ہیں جہاں گروپ نے حملے کیے تھے۔ حالیہ یمنی رپورٹس کے مطابق حوثی گروپ نے ایک ہفتے کے دوران تقریباً 5 ہزار جنگجوؤں کو کھویا ہے، جبکہ یمنی مسلح افواج مختلف محاذوں پر فضائی اور زمینی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں، جہاں حوثیوں نے حملے کیے تھے۔

بقیہ 8

نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ ایران کے پاس بحریہ، فضائیہ، ریڈار یا طیارہ شکن دفاعی نظام موجود نہیں، تقریباً 310 فیصد افراط زر کے باعث ایرانی معیشت بھی شدید مشکلات کا شکار ہے۔ امریکی صدر نے آبنائے ہرمز کی امریکی بحری ناکہ بندی کو فولادی دیوار قرار دیا اور کہا کہ جنگ ختم ہوتے ہی تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ امریکا جلد ہی اپنے اسٹریٹجک پیٹرولیم ریزرو میں دوبارہ تیل ذخیرہ کرنا شروع کر دے گا۔ یکم اکتوبر کو صحافیوں سے گفتگو میں بھی ٹرمپ نے کہا تھا کہ ایران اچھی حالت میں نہیں ہے اور یہ جنگ زیادہ طویل عرصے نہیں چلے گی۔ ادھر وائٹ ہاؤس کی جانب سے بھی تہران پر دباؤ برقرار رکھنے کے اشارے دیے جاتے رہے ہیں، جبکہ ٹرمپ ایران کی تازہ امن تجویز کو ناکافی قرار دے کر مسترد کر چکے ہیں۔

بقیہ 9

کہ متعلقہ قانون محکمہ دفاع کو غیر ملکی نجی توانائی کمپنیوں میں براہ راست سرمایہ کاری کا اختیار نہیں دیتا۔ سینیٹرز نے معاہدے سے سیاسی یا ذاتی مفادات کے ممکنہ فائدے پر بھی سوال اٹھایا ہے۔ دوسری جانب امریکی حکومت کا کہنا تھا کہ منصوبے کا مقصد طویل مدتی توانائی سلامتی اور تزویراتی ذخائر کو مضبوط بنانا ہے۔

بقیہ 10

طرف داغے گئے 3 بیلسٹک میزائلوں کو فضا ہی میں تباہ کر دیا۔

بقیہ 11

2 کا تعلق ہیجی برادری سے ہے۔ فلسطینی حکام کا کہنا تھا کہ حملے کے وقت عمارت میں لوگ سو رہے تھے۔ فلسطینی حکام کے مطابق گزشتہ اکتوبر میں جنگ بندی شروع ہونے کے بعد سے اسرائیلی حملوں میں کم از کم 1,400 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں۔

بقیہ 12

کر لیا۔ فرانسیسی وزیر داخلہ کے مطابق پیرس سے جاری احتجاج میں اب تک 5 ہزار سے زائد گرفتاریاں کی گئی ہیں۔ خیال رہے کہ میڈیا رپورٹس کے مطابق احتجاج کے باعث جمعے کو 700 سے زیادہ اسکول بند رہے۔

بقیہ 13

کے مطابق واقعے کے حالات، محرکات اور ممکنہ روابط کا تعین کرنے کے لیے تحقیقات جاری ہیں، جبکہ دیگر ٹھوس اور ڈیجیٹل شواہد کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے۔ اس معاملے سے باخبر ذرائع نے خبر ایجنسی کو بتایا کہ واقعے میں ملوث معاون پائلٹ کی شناخت عمانی شہری ہمام الحمامی کے نام سے ہوئی ہے۔ دوسری جانب فلائی دبئی کے ترجمان نے کہا کہ واقعے کی تحقیقات جاری ہیں، کمپنی اس مرحلے پر مزید تبصرہ کرنے کی پوزیشن میں نہیں۔

بقیہ 14

وقت میں جب خطے میں امن و استحکام کے لیے اتحاد، مذاکرات اور تعاون کی اشد ضرورت ہے، ہارن آف افریقہ کے ممالک کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی پر اقوام متحدہ کو تشویش ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیکرٹری جنرل نے تمام ممالک سے تحمل کا مظاہرہ کرنے، کشیدگی میں مزید اضافے کا باعث بننے والے اقدامات سے گریز اور اپنے اختلافات مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کے عزم کا اظہار کرنے کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 15

نے میڈیا کو بتایا کہ اہلکاروں سے متعلق کسی بھی تقرری کا اعلان براہ راست صدر کریں گے۔ ٹرمپ نے 19 ستمبر کو اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر اعلان کیا تھا کہ وہ اے آئی فورس تشکیل دے رہے ہیں اور مستقبل قریب میں مصنوعی ذہانت کے لیے ایک اے آئی زار کا اعلان کریں گے۔ جے کلیٹن کو رواں سال جولائی میں امریکی سینیٹ نے ڈائریکٹر نیشنل انٹیلی جنس کے عہدے کی توثیق کی تھی۔ وہ اس سے قبل نیویارک کے جنوبی ضلع کے امریکی اٹارنی اور امریکی سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کے چیئرمین کے طور پر بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔

بقیہ 16

مشین لرننگ کے لیے بڑے پیمانے پر بنیادی ڈھانچہ خلا میں قائم کیا جا سکتا ہے۔ کمپنی آئندہ چند ہفتوں کے دوران مدار میں سیٹلائٹ سے حاصل ہونے والے ڈیٹا کے ذریعے یہ جانچے گی کہ اس کی ٹی پی یوز خلا کے شدید جسمانی دباؤ، تابکاری اور درجہ حرارت کی انتہائی صورتحال میں کس طرح کارکردگی کا مظاہرہ کرتی ہیں۔ اس ڈیٹا کی مدد سے مستقبل کے ڈیزائن کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔ گوگل کے مطابق زمین کے نچلے مدار میں موجود سیٹلائٹس تقریباً مسلسل سورج کی روشنی تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں اور زمین کے مقابلے میں آٹھ گنا زیادہ شمسی توانائی پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ کمپنی نے کہا کہ مستقبل میں متعدد سیٹلائٹس پر مشتمل نظام کو باہم منسلک کیا جا سکتا ہے، جس سے خلا میں بڑے پیمانے پر اے آئی کے کام انجام دینا ممکن ہو سکے گا۔

بقیہ 17

اور ٹیکنالوجی کی تیز رفتار ترقی کا بھی مشاہدہ کیا اور چینی نوجوان سائنس دانوں کی تربیت میں بھی حصہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ اسی بنا پر انہیں 2020 اور 2021 میں چینی حکومت کی جانب سے فرینڈشپ ایوارڈ سے نوازا گیا جبکہ 2023 میں انہیں چینی اکیڈمی آف سائنسز کا غیر ملکی رکن منتخب کیا گیا۔ نوووسیلوف نے کہا کہ مصنوعی ذہانت، خلائی ٹیکنالوجی اور بیٹریوں سمیت مختلف شعبوں میں چین کی سائنس اور ٹیکنالوجی کا معیار بہت بلند ہے اور برقی گاڑیوں کا شعبہ بھی عالمی سطح پر سرفہرست ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعدد ابھرتے ہوئے ٹیکنالوجی کے شعبوں میں چین نے قابل ذکر کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ ان کے مطابق چین میں ٹیکنالوجی کی جدت کا عمل کافی پہلے شروع ہو چکا تھا، خصوصاً تیرہویں پانچ سالہ منصوبے کے دوران سائنس اور ٹیکنالوجی کی ترقی کو بہت اہمیت دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ میں کئی برسوں سے چینی ساتھیوں کے ساتھ کام کر رہا ہوں اور یہ دیکھ کر خوشی ہوتی ہے کہ چین کی متعلقہ پالیسیوں کے نتیجے میں ٹھوس تکنیکی نتائج سامنے آ رہے ہیں۔

بقیہ 18

قراردادوں پر عملدرآمد کے منتظر ہیں جن میں ریاست جموں و کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ اقوام متحدہ کی نگرانی میں آزادانہ اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے کے ذریعے کرنے کی بات کی گئی ہے۔ سفیر عثمان جدون نے کہا کہ 5 اگست 2019 کے بعد مقبوضہ جموں و کشمیر میں بنیادی آزادیوں پر پابندیاں اور دباؤ مزید بڑھا ہے جبکہ علاقے کے آبادیاتی اور سیاسی تشخص کو تبدیل کرنے کی کوششیں بھی جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ من مانی گرفتاریاں، جبری گمشدگیاں، اظہار رائے اور پرامن اجتماع پر پابندیاں اور آبادیاتی تبدیلی کی کوششیں محض طویل عرصے تک جاری رہنے کی وجہ سے قابل قبول نہیں ہو سکتیں۔ بھارتی مندوب نے جواب دہی کے حق کا استعمال کرتے ہوئے کشمیر کو بھارت کا داخلی معاملہ قرار دیا، جس پر پاکستانی نمائندے نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ جموں و کشمیر بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ متنازع علاقہ ہے اور اس کی حتمی حیثیت کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق متعلقہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے تحت طے کی جانی ہے۔ فلسطین کے حوالے سے سفیر عثمان جدون نے کہا کہ فلسطینی عوام، خصوصاً غزہ میں، جس صورتحال سے گزر رہے ہیں وہ عالمی برادری کے اجتماعی ضمیر کے لیے ایک اہم امتحان ہے۔ انہوں نے شہریوں کے تحفظ، بلا رکاوٹ انسانی امداد کی فراہمی، بین الاقوامی قانون کی پاسداری اور احتساب یقینی بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ سب سے بڑھ کر فلسطینی عوام کے ناقابل تنسیخ حق خودارادیت کو عملی شکل دی جانی چاہیے۔ اقوام متحدہ کی حالیہ دستاویزات میں بھی فلسطینی عوام کے حق خودارادیت اور غزہ و مغربی کنارے کی سنگین انسانی صورتحال پر مسلسل توجہ دی گئی ہے۔ سفیر عثمان جدون نے کہا کہ ترقی پذیر ممالک کو محدود مالی گنجائش، غیر پائیدار قرضوں، موسمیاتی بحرانوں اور بڑھتی ہوئی تکنیکی خلیج جیسے چیلنجز کا سامنا ہے، جبکہ موجودہ عالمی مالیاتی نظام بعض اوقات ان عدم مساوات کو کم کرنے کے بجائے مزید بڑھا دیتا ہے۔ انہوں نے حق ترقی کو انسانی حقوق کے ایجنڈے میں اس کا جائز مقام دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اسلاموفوبیا کے بڑھتے ہوئے رجحان پر بھی گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نفرت انگیز تقاریر، امتیازی سلوک، مقدس علامات کی بے حرمتی اور مسلمانوں وان کی عبادت گاہوں پر حملوں کے خلاف اقوام متحدہ کی سطح پر مستقل اور جامع اقدامات کی ضرورت ہے۔ پاکستانی مندوب نے کہا کہ مصنوعی ذہانت سمیت تکنیکی ترقی تعلیم، صحت اور مواقع تک رسائی میں نمایاں اضافہ کر سکتی ہے، تاہم ٹیکنالوجی کو انسان مرکز، جامع اور قابل رسائی بنانا اور ترقی پذیر ممالک کو اس کی تشکیل اور فوائد میں مساوی شریک کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان انسانی وقار، سماجی انصاف، مساوات اور شمولیت پر مبنی قومی وژن رکھتا ہے اور عالمی سطح پر تصادم کے بجائے مذاکرات اور سیاست زدگی کے بجائے تعاون کو ترجیح دیتا رہے گا۔ جوابی بیان میں پاکستانی نمائندے سرفراز احمد گوہر نے بھارتی مندوب کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ جموں و کشمیر کی حیثیت سے متعلق پاکستان کا مؤقف اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت پر مبنی ہے۔ انہوں نے بھارت پر زور دیا کہ وہ اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کی پاسداری کرتے ہوئے مسئلے کے پرامن حل کی جانب پیش رفت کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کے چارٹر کے اصولوں کے مطابق مذاکرات، سفارت کاری اور تنازعات کے پرامن حل کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 19

نے بتایا کہ زخمیوں میں سے 9 کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ ایک شدید زخمی کو مزید علاج کے لیے چتوان کے ہسپتال منتقل کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق حادثہ ممکنہ طور پر بریک فیل ہونے کے باعث پیش آیا، جس کے بعد بس سڑک کے حفاظتی پشتے سے جا ٹکرائی۔

بقیہ 20

عرب میڈیا کے مطابق شمالی کوریا کی جانب سے میزائل تجربہ کم جونگ ان کی بہن کم یو جونگ کے جنوبی کوریا کے مطالبے کو مسترد کرنے کے ایک روز بعد کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ جنوبی کوریا نے سرحدی علاقے میں بارودی سرنگوں کے دھماکوں پر شمالی کوریا سے معافی مانگنے کا مطالبہ کیا تھا جن میں 3 جنوبی کوریائی فوجی شدید زخمی ہوئے تھے۔ جنوبی کوریا نے شمالی کوریا سے سرحد پر بارودی سرنگیں اور ٹینک شکن رکاوٹیں نصب کرنے سمیت دفاعی حصار مضبوط بنانے کی کارروائیاں روکنے کا بھی مطالبہ کیا تھا۔ کم یو جونگ نے ان مطالبات کو مسترد کرتے ہوئے کہا تھا کہ شمالی کوریا جنوبی کوریا سے تعلقات مستقل طور پر ختم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ شمالی کوریا کی جانب سے یہ حالیہ ہفتوں میں فوجی طاقت کے متعدد مظاہروں میں تازہ ترین واقعہ ہے۔ ان میں مبینہ ہائپرسونک میزائل نظام کے تجربات، براہ راست فائرنگ کی مشقیں اور نئے جنگی بحری جہاز کی شمولیت شامل ہے۔

بقیہ 21

واضح رہے کہ رواں سال چینی ساختہ فلموں نے شاندار کارکردگی کا سلسلہ جاری رکھا ہے۔ 2026 میں اب تک باکس آفس کی ٹاپ 10 فلموں میں آٹھ چینی فلمیں شامل ہیں، جبکہ رواں سال 9 فلموں کا باکس آفس ایک ارب یوآن سے تجاوز کر چکا ہے۔

بقیہ 22

لاکھ 45 ہزار سے زائد افراد بے گھر ہوئے جن میں اندازاً 79 ہزار بچے شامل تھے۔ یونیسف نے خبردار کیا ہے کہ کشیدگی میں یہ حالیہ اضافہ ایک ایسے ملک میں انتہائی مشکل انسانی حالات کے دوران ہوا ہے جہاں انسانی ضروریات دنیا میں سب سے زیادہ ہیں۔ ادارے نے مشاہدہ کیا کہ یمن میں ایک کروڑ 20 لاکھ سے زائد بچوں کو انسانی امداد کی ضرورت ہے جبکہ تنازعے کے باعث صحت اور تعلیم کی خدمات کے ساتھ ساتھ صاف پانی تک رسائی بھی متاثر ہوئی ہے۔ رپورٹ میں تعز گورنری، مغربی یمن میں بے گھر افراد کی انسانی صورتِ حال کے حوالے سے وضاحت کی گئی ہے کہ "خاندان پرہجوم کیمپوں میں رہ رہے ہیں جہاں صاف پانی، صحت اور دیگر بنیادی سہولیات تک رسائی محدود ہے۔ یہاں پہنچنے والے کئی لوگوں کے پاس تن پر موجود کپڑوں کے سوا کچھ نہیں۔ اقوام متحدہ کی رپورٹ میں اس بات پر زور دیا گیا، چونکہ تنازعے سے مغربی یمن میں خاندانوں کے بے گھر ہونے کا سلسلہ جاری ہے تو انسانی امداد ان بچوں اور افرادِ خاندان کے لیے زندگی کی اہم ترین ضرورت بن گئی ہے جو پہلے ہی برسوں سے نقل مکانی، تعلیم اور صحت کی خدمات میں خلل اور ذرائع آمدن کے نقصان کا سامنا کر رہے ہیں۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ ستمبر کے اوائل سے مغربی یمن کے کئی علاقوں میں حکومتی افواج اور حوثیوں کے درمیان جھڑپوں میں شدت آنے کے نتیجے میں جانی نقصان ہوا اور بڑی تعداد میں شہری بے گھر ہو گئے ہیں۔ یہ سب ایک ایسے ملک میں ہو رہا ہے جو پہلے ہی دنیا کے ایک بدترین انسانی اور معاشی بحران کی زد میں ہے۔

بقیہ 23

ملکوں کے درمیان توانائی کی تجارت کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون مضبوط بنانے پر بات چیت ہوئی۔ آبنائے ہرمز کی بندش کے بعد عراق کی تیل برآمدات میں 80 فیصد سے زیادہ کمی واقع ہوئی ہے، جس کے بعد بغداد متبادل راستوں کے ذریعے اپنی تیل کی برآمدات جاری رکھنے اور ترکی کے ساتھ طویل مدتی تعاون بڑھانے کی کوشش کر رہا ہے۔ دونوں ملکوں نے ان مشکلات سے بچنے کے لیے اب متبادل ترسیلی راستوں کا رخ کیا ہے۔ اگست میں ترکی کی سرکاری کمپنی بوتاش اور عراق کی سرکاری تیل کمپنیوں سومو اور این او سی کے درمیان کرکوک جیہان آئل پائپ لائن کے ذریعے خام تیل کی ترسیل بڑھانے کے لیے ایک سالہ معاہدہ بھی طے پایا تھا۔

بقیہ 24

افراد کو گھات لگا کر نشانہ بنایا۔ ایک مقامی ذریعے کے مطابق برآمد ہونے والی لاشوں کی تدفین جمعرات کو کر دی گئی۔ حملے کے روز کم از کم 18 افراد کھیتوں کی جانب بھاگ گئے تھے۔

بقیہ 25

اب جنگ ختم ہونے والی ہے جبکہ اس بیان کے کچھ دنوں بعد ہی امریکی فوج کی گلف ممالک میں تعداد بڑھانے کا فیصلہ سامنے آ جاتا ہے۔ امریکی حکام کے تازہ بیان کے مطابق نومبر کے اختتام تک ایران کے قریب 3 طیارہ بردار بحری جہاز اور 2 بحری دستے تعینات ہوں گے۔ امریکی فوجیوں کی خطے میں نئی تعیناتیوں کے نتیجے میں 9,000 سے 10,000 مزید امریکی فوجی، بحری اہلکار اور میرینز خطے میں پہنچ سکتے ہیں، ان میں ایف 35- لڑاکا طیارے بھی شامل ہیں، نئی تعیناتی کے بعد خطے میں موجود امریکی فوجیوں کی تعداد تقریباً 50,000 تک پہنچ جائے گی۔ تازہ فوجی تعیناتی سے یہ واضح نہیں کہ ٹرمپ ایران کے خلاف فوری طور پر جنگ میں شدت لانے جا رہے ہیں یا اس طاقت کے مظاہرے کو مذاکرات میں دباؤ کے طور پر استعمال کر رہے ہیں تاہم ڈونلڈ ٹرمپ نے ٹائم میگزین کو انٹرویو میں کہا ہے کہ نومبر کے وسط مدتی انتخابات کے بعد ایران پر بمباری بڑھانا ممکن ہے۔ امریکی حکام کا دعویٰ ہے کہ نئی فوجی طاقت صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو ایران کے خلاف کارروائی کی صورت میں مزید آپشنز فراہم کرے گی۔ امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ کا کہنا ہے کہ اگر صدر حکم دیں تو امریکی افواج کارروائی کے لیے تیار ہیں۔ امریکا نے ایران پر فوجی دباؤ کے ساتھ معاشی دباؤ بھی بڑھا دیا ہے اور رواں ہفتے ایران کے ریلوے اور گاڑیوں کے شعبوں سے منسلک اداروں پر نئی پابندیاں عائد کی ہیں۔ امریکا اور ایران کے درمیان ثالثوں کے ذریعے بالواسطہ امن مذاکرات بھی جاری ہیں تاہم اب تک کوئی اہم پیش رفت نہیں ہوئی۔ دوسری جانب ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ ایران جنگ دوبارہ شروع کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہیں تاہم ان کا کہنا ہے کہ ایران جنگ نہیں بلکہ امن قائم کرنے کے لیے نیویارک آیا تھا۔ ادھر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو خبردار کیا ہے کہ موجودہ محاذ آرائی بہت جلد ختم ہو سکتی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ ایران کو امریکا کے ساتھ ایک مناسب اور سمجھدار معاہدہ کرنا ہوگا بصورت دیگر اسے سنگین نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بقیہ 26

حملہ 3 اکتوبر کی صبح ڈرونز کے ذریعے کیا گیا۔

کیف کے میئر وٹالی کلیچکو کے مطابق شمالی پل پر براہ راست حملہ ہوا اور ہنگامی ٹیمیں موقع پر پہنچیں۔ ابتدائی اطلاعات میں جانی نقصان کی اطلاع نہیں دی گئی۔ شمالی پل کیف کے مشرقی اور مغربی حصوں کو ملانے والے اہم راستوں میں شامل ہے، اس لیے اس کی بندش سے شہر کی آمدورفت متاثر ہوئی ہے۔ یہ حملہ ایک ایسے سلسلے کا حصہ ہے جس میں یکم اور 2 اکتوبر کو کیف کے جنوبی پل سمیت دریائے دنیپر کے دیگر پلوں کو بھی روسی ڈرون حملوں میں نشانہ بنایا گیا۔ ان حملوں کے بعد شہر میں شدید ٹریفک جام اور آمدورفت میں خلل پیدا ہوا۔

بقیہ 27

بھی زندہ واپس آ جاتے جو دورانِ حراست مارے گئے۔ نیتزان الون نے اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو کے اس مؤقف کو بھی غلط قرار دیا کہ معاہدے سے قبل اسرائیل کو مکمل فتح حاصل کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے اکتوبر 2025 میں ہونے والی جنگ بندی کو ایک تزویراتی کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس کے نتیجے میں حماس کی عسکری طاقت کم ہوئی۔ یہ معاہدہ بہت پہلے بھی حاصل کیا جا سکتا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ جنگ ایک سال پہلے ختم کر کے تمام یرغمالیوں کو واپس لایا جا سکتا تھا اور دونوں جانب ہزاروں جانیں بچائی جا سکتی تھیں۔ سابق اسرائیلی سفارت کار ایلن پنکس نے بھی کہا کہ حماس کے حملے کے فوراً بعد جنگ کے خاتمے کا معاہدہ ممکن تھا مگر تقریباً 2 سال گزر گئے اور یرغمالیوں کی واپسی میں تاخیر ہوئی جو صرف ایک ضائع شدہ موقع نہیں بلکہ ایک المیہ ہے۔ اس سے قبل قطری وزیراعظم شیخ محمد بن عبدالرحمٰن آل ثانی نے بھی رواں ہفتے کہا تھا کہ حماس نے حملوں کے فوراً بعد تمام یرغمالیوں کی رہائی کے بدلے محدود جنگ بندی کی تجویز دی تھی، اسرائیلی حکام نے اس تجویز پر بات چیت میں دلچسپی نہیں دکھائی۔ نیتزان الون کے یہ بیانات اسرائیل میں 27 اکتوبر کو ہونے والے پارلیمانی انتخابات سے 1 ماہ سے بھی کم عرصہ قبل سامنے آئے ہیں۔ ایلن پنکس کے مطابق ان بیانات سے انتخابی نتائج پر نمایاں اثر پڑنے کا امکان کم ہے کیونکہ رائے عامہ کے جائزوں میں پہلے ہی نیتن یاہو حکومت کے خلاف عوامی غصہ ظاہر ہو رہا ہے۔

بقیہ 28

جان رینٹکلف اور ٹرمپ کے نمائندہ خصوصی اسٹیو وٹکوف بھی شریک تھے۔ یہ ملاقات ایسے وقت میں ہوئی ہے جب ٹرمپ انتظامیہ ایران کے حوالے سے آئندہ اقدامات پر غور کر رہی ہے، جبکہ سفارتی کوششیں تعطل کا شکار ہیں اور خطے میں امریکی فوجی موجودگی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ دوسری جانب سعودی عرب یمنی حکومتی فورسز کے ساتھ مل کر حوثیوں کے خلاف ایک بڑے جوابی حملے کی تیاری کر رہا ہے۔ اس کارروائی کا مقصد بحیرہ احمر کے ساحلی علاقوں، بشمول تزویراتی اہمیت کی حامل آبنائے باب المندب، کو دوبارہ اپنے کنٹرول میں لینا ہے۔ امریکا نے اب تک اس کارروائی میں براہ راست شرکت سے گریز کیا ہے، تاہم وہ غیر جنگی معاونت فراہم کر رہا ہے، جس میں انٹیلی جنس اور اہداف سے متعلق معلومات کی فراہمی شامل ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایسی ہی ایک ملاقات جون 2025 میں ایران پر اسرائیلی حملے سے پہلے ہوئی تھی۔

بقیہ 29

سیکیورٹی اور دفاعی ماہرین کے مطابق جب پاکستان دہشتگردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بناتا ہے تو وہ بچوں کو ڈھال بنا کر کارروائی کے خلاف شور مچانا شروع کر دیتے ہیں۔ قابض طالبان رجیم اپنا غیر قانونی تسلط برقرار رکھنے کیلئے دہشتگردوں کو مکمل سہولت کاری کر رہا ہے۔

بقیہ 30

سامنے نہیں آیا۔ اسی دوران یونیسیف نے بتایا کہ العبید میں ایک الگ پناہ گاہ پر ڈرون حملے میں ایک بچہ ہلاک اور 12 بچے زخمی ہوئے۔

بقیہ 31

بعد اسرائیلی حکام نے دبئی میں پھنسے اسرائیلی مسافروں کو واپس لانے کے لیے خصوصی پروازوں کی اجازت دی۔ 3 اکتوبر کو آرکیا کی پہلی خصوصی پرواز دبئی سے روانہ ہوئی اور اسرائیلی مسافروں کو واپس لانے کے لیے تل ابیب پہنچی۔ ابتدائی پروازوں میں سکیورٹی انتظامات سخت رکھے گئے ہیں، رپورٹ کے مطابق مسافروں کو فی الحال سامان جہاز کے کارگو ہولڈ میں رکھنے کی اجازت نہیں دی جا رہی۔

بقیہ 32

تاہم یوکرین نے ایسے کسی معاہدے کی تردید کی ہے۔ جنوبی کوریا نے یوکرینی بیانات کی بھی مذمت کی جن میں شمالی اور جنوبی کوریا کے درمیان جنگ کے خدشات ظاہر کیے گئے، جنوبی کوریا کی حزب اختلاف نے بھی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ دوسری جانب یوکرین کے وزیر خارجہ آندری سیبیہا نے معاملے کو سفارتی غلط فہمی قرار دیتے ہوئے کہا کہ کیف تنازع حل کرنے اور جنوبی کوریا کے ساتھ اہم شراکت داری برقرار رکھنے کے لیے کام کر رہا ہے۔

بقیہ 33

تشویش ناک ہے، جن میں 5 سالہ بچی اور 67 سالہ شخص شامل ہیں، جبکہ دیگر 8 افراد اسپتال میں زیر علاج ہیں۔ پولیس کے مطابق 18 سالہ ڈرائیور کو گرفتار کر لیا گیا ہے، جبکہ واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس نے کہا کہ ابتدائی طور پر یہ واقعہ دہشت گردی سے متعلق معلوم نہیں ہوتا۔ واقعہ ہفتے کی صبح اس وقت پیش آیا جب لوگ نیشنل رگبی لیگ کے فائنل کے لیے روانہ ہونے والی ٹیم کو الوداع کہنے کے لیے سڑکوں پر موجود تھے۔

بقیہ 34

ادارے کے مطابق ہفتے کو جاری ایک بیان میں برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشن کا کہنا تھا کہ عمان سے 4 ناٹیکل میل مشرق میں آئل ٹینکر پر میزائل حملے کی اطلاع ہے، بیان کے مطابق آئل ٹینکر کا عملہ محفوظ رہا، فی الحال ماحولیات پر کسی اثر کی اطلاع نہیں ملی۔

بقیہ 35

اور جھوٹا پروپیگنڈا پھیلایا جاتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس طریقہ کار کا مقصد صرف ایک الگ تھلگ افواہ پھیلانا نہیں ہے بلکہ ایک ایسا گمراہ کن معلوماتی ماحول تیار کرنا ہے جس سے جھوٹی خبر بار بار سامنے آنے والی لگے اور سننے والے کو یہ باور کرنے پر مجبور کرے کہ اس کے گردش کرنے والے ذرائع کی تعداد لازمی طور پر اس کی صداقت کی دلیل ہے۔ یمنی وزیر اطلاعات نے میدان جنگ سے متعلق کسی بھی حساس معلومات کی تصدیق کی ضرورت پر زور دیا، چاہے وہ کسی معروف شخصیت ہی کی طرف سے کیوں نہ آئے، خاص طور پر جب بات چوکیوں کے گرنے، افواج کے پیچھے ہٹنے، یا کنٹرول کے نقشے میں بڑی تبدیلیوں کی ہو معدوم ہو رہی ہو۔ انہوں نے واضح کیا کہ حوثی ملیشیا کی طرف سے استعمال کیے جانے والے نفسیاتی اثر و رسوخ کے آلات میں ایسی ویڈیوز بنانا شامل ہے جن میں لوگ مقامی لہجوں میں بات کرتے دکھائی دیتے ہیں اور خود کو مسلح افواج کے افراد کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ پھر وہ مایوس کن معنوی مواد پر مبنی پیغامات دیتے ہیں جیسے کہ بارود کا ختم ہونا، قیادت کا چھوڑ جانا، امداد اور فضائی تعاون کا نہ ہونا یا جنگجوؤں کو ان کے رحم و کرم پر چھوڑ دینا۔ انہوں نے ان ویڈیوز سے بھی خبردار کیا جن پر آوازیں یا تبصرے جوڑے جاتے ہیں اور انہیں تعز گورنری کے مختلف علاقوں سے سچے واقعات کے طور پر پیش کیا جاتا ہے جس میں مونتاج تکنیک، ڈیجیٹل ہیرا پھیری اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس ٹولز کا استعمال کر کے ایسا مواد تیار کیا جاتا ہے جس کی سرسری معائنے سے نشاندہی کرنا مشکل ہوتا ہے۔ یمنی وزیر اطلاعات معمر الریانی نے اس بات کی طرف توجہ دلائی کہ اس پروپیگنڈا نظام کا حتمی مقصد عام رائے کو متاثر کرنے سے کہیں آگے ہے۔ یہ غیر فوجی آلات کے ذریعے میدانی اثر حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس قسم کی جنگوں میں افواہ کو ایک فوجی ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ یمنی عہدیدار نے اس جنگ سے نمٹنے کے لیے چند رہنما خطوط طے کیے۔ جن میں میدانی پیش رفت سے متعلق کسی بھی خبر، ویڈیو یا صوتی ریکارڈنگ کو اس کے ذریعہ، تاریخ، جگہ اور سیاق و سباق کی تصدیق کے بغیر دوبارہ نشر نہ کرنا بھی شامل ہے۔ اسی طرح ان اکاؤنٹس کے پیچھے نہ لگنا شامل ہے جو مقامات کے گرنے یا محاذوں کے تباہ ہونے کا اعلان کرنے میں جلدی کرتے ہیں۔ قابل اعتماد معلومات کے بغیر حتمی اور یقینی زبان کا استعمال کرنے والے سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے بھی دور رہنے کا کہا گیا۔ انہوں نے سرکاری بیانات و ذرائع، عسکری میڈیا مراکز، پیشہ ورانہ میڈیا اور ان معروف صحافیوں پر اعتماد کرنے کی تاکید کی جو میدانی معلومات کی تصدیق کی صلاحیت رکھتے ہیں اور ان اکاؤنٹس سے احتیاط کے ساتھ نمٹنے پر زور دیا جو بحرانوں کے دوران اچانک ظاہر ہوتے ہیں یا رہنماؤں وعوامی شخصیات کے نام اور تصویریں چراتے ہیں یا اپنے سابقہ ریکارڈ اور سرگرمیوں کے برعکس اچانک اپنا بیانیہ بدل لیتے ہیں۔

بقیہ 36

خارجہ نے گزشتہ ستمبر میں کانگریس کو امداد کی از سرنو تخصیص کی اپنی نیت سے آگاہ کیا تھا جس پر ڈیموکریٹک سینیٹر جین شاہین اور ڈیموکریٹک نمائندے گریگوری میکس نے اس کے رخ کی تبدیلی کے اعتراض میں فنڈز کی منتقلی پر روک لگا دی تھی۔ بدھ کو رات گئے ٹرمپ انتظامیہ نے کانگریس کو اطلاع دی کہ وہ روک کو نظرانداز کرتے ہوئے منتقلی کے عمل کو آگے بڑھائے گی۔ یہ ایک ایسا قدم ہے جو امریکی عسکری امداد کے انتظام اور بیرونی اخراجات کی ترجیحات پر انتظامیہ اور ڈیموکریٹک قیادت کے درمیان بڑھتے ہوئے تنازع کی عکاسی کر رہا ہے۔ سب سے نمایاں اعتراضات سلوواکیہ اور شمالی مقدونیہ کے لیے مختص فنڈز کی منتقلی پر ہیں کیونکہ یہ امداد یوکرین کی مدد کے ضمیمے میں شامل تھی اور خاص طور پر ان ممالک کے لیے تھی جو روسی جنگ کے اثرات سے متاثر ہوئے تھے۔ وزیر خارجہ مارکو روبیو کے نام ایک خط میں قانون سازوں نے کہا کہ کانگریس نے روسی فوجی کارروائی کے بعد یوکرین اور یورپی اتحادیوں کی مدد کے لیے یہ فنڈز مختص کیے تھے۔ قانون سازوں نے اس بات پر زور دیا کہ فنڈز جاری کرنے والی اتھارٹی کے پاس ان کا رخ دوسرے سیاسی ترجیحات کی طرف موڑنے کا اختیار نہیں ہے جو ان اہداف سے متعلق نہیں ہیں جن کے لیے انہیں منظور کیا گیا تھا۔

بقیہ 37

صلاحیت نوجوانوں کو دنیا کی معروف جامعات میں اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ حکومت بلوچستان کے اعلامیے کے مطابق ہر سال بلوچستان سے 10 باصلاحیت امیدواروں کو بیرون ملک ممتاز جامعات میں پی ایچ ڈی کی تعلیم کے لیے اسکالرشپس فراہم کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد صوبے کے نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم، تحقیق اور جدید علمی مواقع تک رسائی فراہم کرنا اور انہیں عالمی سطح پر مسابقت کے لیے تیار کرنا ہے۔ بلوچستان ایجوکیشن انڈوومنٹ فنڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر خالد مانداٸی کے مطابق گزشتہ سال بلوچستان کے 6 باصلاحیت امیدوار مختلف ممالک کی ممتاز جامعات میں پی ایچ ڈی اسکالرشپس حاصل کر کے اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے جا چکے ہیں۔ ان میں کوئٹہ سے تعلق رکھنے والی فرزانہ انور کو برطانیہ کی یونیورسٹی آف لیڈز میں مالیکیولر اینڈ سیل بائیولوجی، بارکھان کے اکبر جان کو ڈنمارک کی یونیورسٹی آف کوپن ہیگن میں فوڈ سائنس اینڈ فوڈ سیفٹی، قلعہ سیف اللہ کے عمران خان کو کینیڈا کی یونیورسٹی آف البرٹا میں ایگریکلچر، فاریسٹ بائیولوجی اینڈ، کوہلو کی حمیرا یونس کو آسٹریلیا کی یونیورسٹی آف کوئنز لینڈ میں پولیٹکس اینڈ انٹرنیشنل اسٹڈیز، خاران کی ماہ نور سعید کو برطانیہ کی یونیورسٹی آف برسٹل میں جینڈر پیریٹی جبکہ قلات کے عبدالقاہر کو ملائیشیا کی یونیورسٹی ملایا! میں اسٹرکچر کے شعبے میں پی ایچ ڈی کے لیے اسکالرشپ فراہم کی گئی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی سطح کے پی ایچ ڈی اسکالرشپ پروگرام کے اجرا پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ پروگرام بلوچستان کے روشن مستقبل کی نوید ہے۔ نوجوانوں کو دنیا کی بہترین جامعات تک پہنچانے کا سفر شروع ہو چکا ہے اور یہ دراصل بلوچستان کے مستقبل کو بدلنے کا سفر ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کا نوجوان مواقع کی تلاش میں دنیا سے پیچھے نہیں رہے گا اور دنیا کی بہترین جامعات بلوچستان کے نوجوانوں کا مقدر بنیں گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ صرف اسکالرشپس نہیں بلکہ بلوچستان کی آنے والی نسلوں کے لیے امید، علم اور ترقی کے نئے دروازے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کا مقابلہ علم و شعور اور نوجوانوں کو ترقی کے مواقع فراہم کر کے کیا جا سکتا ہے۔ بلوچستان کا مستقبل بندوق تھام کر پہاڑوں میں چھپنے والے نہیں بلکہ کتاب تھام کر دنیا کی ممتاز جامعات میں علم و تحقیق کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانے والے نوجوان ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت کا مقصد بلوچستان کے نوجوانوں کو دنیا کی ممتاز جامعات تک پہنچا کر علم و تحقیق کے عالمی نقشے پر انہیں نمایاں مقام دلانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ باصلاحیت نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کے عالمی مواقع فراہم کرنا بلوچستان کے انسانی وسائل میں سرمایہ کاری ہے، جس کے ثمرات آنے والی نسلوں تک پہنچیں گے۔

بقیہ 38

کھولی جائے گی۔ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے یہ بات ایرانی میڈیا ادارے سے گفتگو میں کہی، جسے خبر رساں ادارے نے رپورٹ کیا۔ قالیباف کے مطابق امریکا نے ثالث کے ذریعے حال ہی میں کچھ تجاویز ایران تک پہنچائی ہیں، تاہم تہران کا مؤقف واضح اور مضبوط ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکا کی جانب سے وقت ضائع کرنے اور یکطرفہ مطالبات مسلط کرنے کا دور ختم ہو چکا ہے۔ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی بحالی کو جون میں پاکستان کی میزبانی میں طے پانے والے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت سے منسلک کیا گیا ہے۔ ایران کا کہنا ہے کہ اس معاہدے کے تحت طے شدہ شرائط پر عمل درآمد کے بعد ہی آبنائے میں معمول کی بحری آمدورفت بحال کی جائے گی۔

بقیہ 39

اور معاون تدریسی ماحول میں مسلسل سرمایہ کاری جاری رکھنا ہوگی، استاد اور طالب علم کے درمیان بنیادی تعلق کو برقرار رکھتے ہوئے اساتذہ کو نئی ٹیکنالوجیز کے استعمال کے لیے معاونت فراہم کی جانی چاہیے، نظام تعلیم کو قابلیت شناس، معیاری اور عالمی تقاضوں کے مطابق بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر اپنے پیغام میں آصف علی زرداری نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے اساتذہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے تعلیم، انسانی ترقی اور قومی تعمیر میں ان کی گراں قدر خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ ہر تعلیمی نظام کا مرکز و محور ہوتے ہیں جو علم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ طالب علموں میں تحقیق و جستجو کو پروان چڑھانے، کردار سازی اور نوجوانوں کو معاشرے کے ذمہ دار اور مفید ارکان بننے کے لیے درکار مہارتوں اور اقدار سے روشناس کراتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کا اثر و کردار کلاس روم سے کہیں آگے تک پھیلا ہوا ہے اور اس کے اثرات خاندانوں اور معاشروں کی زندگیوں میں نمایاں ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سال عالمی یوم اساتذہ کی اہمیت اس لیے بھی بڑھ گئی ہے کہ یہ ''اساتذہ کے مقام'' سے متعلق 1966 کی آئی ایل او/یونیسکو سفارشات کی 60 ویں سالگرہ کے موقع پر منایا جا رہا ہے۔ اس سال کا موضوع ''اساتذہ کے ساتھ کھڑا ہونا، 60 سال تک پیشے کا تحفظ، ان کے مرتبے کو آگے بڑھانا اور ہمارے مستقبل کی تشکیل'' اساتذہ کی اہمیت کو تسلیم کرنے اور انہیں درکار پیشہ ورانہ معاونت اور مواقع فراہم کرنے کی ضرورت اجاگر کرتا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان میں تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے اور بچوں و نوجوانوں کے لیے مواقع میں اضافے کے لیے شعبہ تدریس کو مضبوط بنانا ناگزیر ہے، ہمیں اساتذہ کی تعلیم، پیشہ ورانہ ترقی اور معاون تدریسی ماحول میں مسلسل سرمایہ کاری جاری رکھنا ہوگی تاکہ وہ اپنے طالب علموں کی بدلتی ہوئی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کے لیے بہتر طور پر تیار ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت سمیت ٹیکنالوجی کی تیز رفتار ترقی بھی تعلیم کی فراہمی کے طریقہ کار کو تبدیل کر رہی ہے۔ ٹیکنالوجی تدریس اور سیکھنے کے عمل میں معاون ثابت ہو سکتی ہے تاہم یہ ان انسانی خصوصیات کا متبادل نہیں بن سکتی جو اساتذہ کلاس روم میں لے کر آتے ہیں جن میں ہمدردی، رہنمائی، اخلاقی تربیت اور طلبہ کو سمجھنے اور متاثر کرنے کی صلاحیت شامل ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ استاد اور طالب علم کے درمیان انسانی تعلق کو تعلیمی محوری کی حیثیت سے برقرار رکھتے ہوئے اساتذہ کو نئی ٹیکنالوجیز کے استعمال کے لیے معاونت فراہم کی جانی چاہیے۔ صدر مملکت نے دور دراز، پسماندہ اور مشکل حالات سے دوچار علاقوں میں خدمات انجام دینے والے اساتذہ کی خصوصی طور پر تعریف کرتے ہوئے کہا کہ بہت سے بچوں کے لیے معیاری تعلیم کا انحصار براہ راست ان کے اسکول کے استاد کی محنت اور عزم پر ہوتا ہے، ایسے اساتذہ کے لئے ضروری تربیت، وسائل اور سازگار حالات کار کی فراہمی کو یقینی بنانا ہر بچے کو سیکھنے اور آگے بڑھنے کا منصفانہ موقع دینے کے لیے ضروری ہے۔ صدر مملکت نے اس موقع پر حکومتوں، تعلیمی اداروں، والدین، کمیونٹیز، سول سوسائٹی اور نجی شعبے پر زور دیا کہ وہ تدریسی پیشے کو مضبوط بنانے اور اس کی قدر و منزلت میں اضافہ کے لیے مل کر کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کی معاونت پاکستان کی تعلیم اور مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔ صدر مملکت نے تمام پاکستانی اساتذہ کو ان کی لگن، صبر واستقامت اور خدمات پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی محنت ان نسلوں کے علم، کردار اور امنگوں کو وضع کرتی ہے جو ہمارے ملک کا مستقبل سنواریں گی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا کہ عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر میں پاکستان اور دنیا بھر میں مستقبل کے معمار نوجوانوں کی تعلیم و تربیت جیسے مقدس فرض پر معمور اساتذہ کو دلی خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ نوجوانوں کی انفرادی تربیت، شخصی صلاحیتوں کو نکھارنے اور علم و معلومات کے اضافہ میں ناقابل فراموش کردار کی حیثیت رکھتے ہیں، نوجوانوں کی ذہنی نشوونما، فکری ارتقاء اور نسلوں کی رہنمائی کے باعث اساتذہ مشترکہ سماجی اساس اور معاشرتی اقدار کو بھی متعین کرتے ہیں، اساتذہ کی لگن، علم اور عزم بلاشبہ قوموں کے مستقبل کی تشکیل کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کامیاب نظام تعلیم کا بنیادی ستون ہیں جو طلبہ میں جستجو علم اور بدلتی دنیا میں آگے بڑھنے کے لیے اعتماد اور درکار مہارتوں سے آراستہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی کردار سازی میں درسگاہیں اور اساتذہ در حقیقت ملکی ترقی و خوشحالی کی بنیاد مضبوط کرتے ہیں، پاکستان کی ترقی کا دارومدار ہمارے نظام تعلیم کے معیار اور بالخصوص قابل اساتذہ کی عزم و محنت پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جامع، مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ اور مصنوعی ذہانت، موسمیاتی تبدیلی، تکنیکی ترقی اور روزگار کے علم پر مبنی نظام تعلیم ہی روشن مستقبل کی ضمانت ہے، عصر حاضر کے نئے چیلنجز اس امر کے متقاضی ہیں کہ ہم اپنے طلبا کی علم کے علاوہ تنقیدی سوچ، تخلیقی صلاحیت، اخلاقی اقدار، حالات کے مطابق ڈھلنے کی استعداد اور زندگی بھر سیکھنے کی تربیت بھی کریں۔ انہوں نے کہا کہ نظام تعلیم کو قابلیت شناس، معیاری اور عالمی تقاضوں کے مطابق بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، ملک کے طول و عرض میں دانش سکول دراصل معیاری تعلیم کو قابل اور باصلاحیت طلبا کی دسترس میں رکھنے کی کاوش ہے۔ تعلیمی مواقع کی یکساں فراہمی کے لیے حکومتی عزم دانش اسکولز کے دائرہ کار میں توسیع سے بھی عیاں ہے۔ باصلاحیت اور مستحق بچوں، بالخصوص معاشی طور پر پسماندہ اور تعلیمی سہولیات سے محروم علاقوں سے تعلق رکھنے والے بچوں کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنا ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ نظام تعلیم کی بہتری میں اساتذہ کا کلیدی کردار ہے۔ حکومت اساتذہ کی معیاری پیشہ ورانہ تربیت، جدید تعلیمی وسائل اور سازگار ماحول کی فراہمی کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ایکسیلنس ان ٹیچر ایجوکیشن کا قیام اسی سمت میں ایک اہم قدم ہے، یہ ادارہ اساتذہ کی جدید تعلیم و تربیت، پیشہ ورانہ استعداد میں اضافے، تحقیق اور جدت کے مرکز کے طور پر قائم کیا گیا ہے۔ جو اساتذہ کو عصر حاضر کے تعلیمی تقاضوں کے مطابق علم، مہارتوں اور تدریسی طریقہ ہائے کار سے آراستہ کرنے میں یقیناً معاون ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت قومی نصاب پاکستان کے ذریعے نصاب میں اصلاحات پر بھی بھرپور کام کر رہی ہے۔ اس تناظر میں حکومت، صوبوں اور دیگر متعلقہ شراکت داروں کے تعاون سے قومی سطح پر ہم آہنگ تعلیمی معیار، قابلیت، تنقیدی سوچ، تخلیقی صلاحیت، اور مستقبل کی ضروریات پر مرکوز معقول نصاب کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی قابلیت کے ساتھ فنی تربیت اور ہنرمند استعداد کار کو بڑھانے پر بھی حکومت خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن اور وزیراعظم یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام جیسے پیشہ ورانہ تربیت کے مواقع نوجوانوں کے لیے نمایاں اقدامات ہیں۔ یہ تربیت صنعتی طلب اور عملی ضروریات کے مطابق نوجوانوں کی فنی استعداد کو بڑھانے پر مرکوز ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج اساتذہ کے دن پر میں قابل قدر اساتذہ سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ خلوص نیت سے قابل تقلید اور معماران قوم کی حیثیت سے اپنی خدمات جاری رکھیں۔ بالخصوص ملک کے دور دراز، پسماندہ اور دشوار گزار علاقوں میں خدمات سرانجام دینے والے اساتذہ کی لگن اور جذبہ خدمت کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ان کی خدمات ایک عظیم قومی کاوش کی حیثیت رکھتی ہیں اور ہماری اجتماعی قدردانی اور بھرپور تعاون کی مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دیانت داری، ہمدردی، رواداری، نظم و ضبط، تخلیقی صلاحیت، باہمی احترام اور جذبہ حب الوطنی جیسی اقدار سے مزین نئی نسل ہی انشاءاللہ مستقبل سنبھالے گی۔

بقیہ 40

تبادلہ خیال کیا گیا۔ شہباز شریف نے میاں نواز شریف کو حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات سے متعلق تفصیل سے آگاہ کیا۔ وزیراعظم میاں شہباز شریف نے وزیر داخلہ سے ہونے والی ملاقات اور پی ٹی آئی لانگ مارچ کے حوالے سے تفصیلی گفتگو بھی کی۔ نواز شریف سے ملاقات ختم ہونے کے بعد وزیراعظم شہباز شریف جاتی امرا سے واپس روانہ ہوئے ذرائع کے مطابق ملاقات دو سے تین گھنٹے جاری رہی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات ناکام ہو گئے تھے، مذاکرات تقریباً 13 گھنٹے جاری رہے۔ محمود خان اچکزئی اور وزیراعلیٰ سہیل آفریدی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے ڈٹ گئے تھے اور مؤقف اختیار کیا تھا کہ مارچ ختم کرنے کا اعلان بانی خود کریں گے۔

بقیہ 41

درمیان مذاکرات کی ناکامی کی اندرونی کہانی سامنے آ گئی، لانگ مارچ ملتوی نہ کرنا اور انسداد دہشت گردی پر معاہدہ نہ ہونا ڈیڈ لاک کی وجہ بنا۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن اراکین پر بیرونی دباؤ کی وجہ سے کئی بار ڈیڈ لاک آیا، حکومتی کمیٹی مکمل بااختیار تھی اور مسلسل لچک دکھاتی رہی، اپوزیشن کمیٹی کے اراکین محمود اچکزئی اور سہیل آفریدی کے نامناسب مطالبات پر دباؤ میں اگئے۔ بتایا گیا کہ مذاکرات کی ناکامی کی بڑی وجہ اپوزیشن قیادت اور خیبر پختونخوا حکومت کے درمیان شدید اختلافات بھی تھے، اپوزیشن اراکین انسداد دہشت گردی بارے وفاق اور ریاستی پالیسیوں کے مطابق چلنے پر تیار تھے، خیبر پختونخوا حکومت نے تعاون سے انکار کر دیا۔ ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا حکومت نے دہشت گردی سے متاثرہ اضلاع میں وفاقی حکومت کی مدد سے بھی انکار کر دیا، مذاکراتی کمیٹی کیلئے حیران کن تھا کہ خیبر پختونخوا حکومت دہشت گردی کے خاتمے کیلئے وفاق کے ساتھ چلنے کو کیوں تیار نہیں۔ خیبر پختونخوا حکومت نے معاہدے پر اتفاق رائے سے قبل ہی لانگ مارچ کا بار بار بیان دیا، حکومت اور ادارے باقی امور پر لچک دکھانے کو تیار تھے، خیبر پختونخوا حکومت کی ہٹ دھرمی اور ضد کی وجہ سے مذاکرات ناکام ہو گئے۔ ذرائع نے بتایا کہ مذاکرات ناکامی میں کلیدی کردار محمود اچکزئی نے بھی ادا کیا جو پوری مذاکراتی کمیٹی پر حاوی تھے، محمود اچکزئی ہر چیز کو بانی چیئرمین سے ملاقات اور رہائی سے جوڑتے رہے، ایک موقع پر حکومت بیرسٹر گوہر کی بانی چیئرمین سے ملاقات پر تیار ہو گئی تھی۔ باوثوق ذرائع کے مطابق لانگ مارچ ملتوی نہ کرنا اور انسداد دہشت گردی پر معاہدہ نہ ہونا ڈیڈ لاک کی وجہ بنا۔

بقیہ 42

دوران ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے غیر ملکی کرنسی، بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے فتنہ الخوارج کے 8 دہشت گردوں کو آپریشن میں ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا اور دہشت گردوں کے خلاف بروقت کارروائی کو سراہا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ملک میں امن و استحکام کے لیے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ ناگزیر ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کی بہادری اور عزم کی تعریف کرتے ہوئے اعادہ کیا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 43

واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں، قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ ملک میں امن و استحکام کے لیے دہشتگردی کا خاتمہ ناگزیر ہے، دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 44

سہیل آفریدی نے کرنے تھے تو خود مذاکرات میں شریک ہوتے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے بتایا کہ ہم نے کہا تھا دہشتگردی کے خلاف متحد ہو جائیں، دہشتگردی کے خلاف مل کر کام کرتے ہیں، ہم نے لانگ مارچ ملتوی کرنے کی درخواست نہیں کی، پیپلز پارٹی کی خواہش تھی کہ لانگ مارچ ملتوی ہو۔ اگر ہمیں معلوم ہوتا کہ خیبر پختونخواہ حکومت مذاکرات کو ویٹو کر دے گی تو ہم مذاکرات ہی نہ کرتے، جب آپ غیر سنجیدہ اور نا سمجھ لوگ اس قسم کی سیٹوں پر بٹھاتے ہیں تو اس کا نقصان ملک کو ہوتا ہے۔ وزیر داخلہ نے سخت لہجے میں کہا کہ ایک بات بالکل واضح ہے کہ ہم کسی بھی صورت میں 9 مئی جیسا سانحہ دوبارہ نہیں ہونے دیں گے چاہے آپ کسی بھی صورت میں آ جائیں، ہم ہر حال میں اسلام آباد ہائیکورٹ کا حکم بحال کروائیں گے اور اگر کوئی نقصان ہوتا ہے تو اس کی ذمہ دار صرف اور صرف وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ سہیل آفریدی ہوں گے۔ میں نے کل کی میٹنگ میں بھی اپوزیشن وفد پر واضح کیا کہ آپ نے احتجاج کرنا ہے تو بالکل کریں لیکن ہم اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی کسی صورت اجازت نہیں دیں گے۔ احتجاج میں شریک جو بھی ورکر یا رہنما گرفتار ہوا اس کے خلاف بھرپور قانونی کارروائی ہوگی، اگر پی ٹی آئی والوں نے قانون شکنی کی تو ہم انہیں چھوڑیں گے نہیں بلکہ ان کے پیچھے جائیں گے۔ لانگ مارچ شروع ہونے کے بعد مزید مذاکرات نہیں ہوں گے اور لانگ مارچ شروع ہوا تو مذاکرات کا سلسلہ ختم سمجھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ کسی بھی شکل میں ہو، قانون اور عدالتی احکامات کی خلاف ورزی نہیں ہونے دیں گے۔ لانگ مارچ میں شریک افراد کو توہین عدالت کے نتائج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ محسن نقوی نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ مذاکرات کے لیے آنے والی ٹیم سنجیدہ اور معقول تھی وہ اسے ذمہ دار نہیں ٹھہرائیں گے۔ مذاکراتی عمل کے خاتمے کی بنیادی ذمہ داری وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ سہیل آفریدی پر عائد ہوتی ہے، اگر فیصلے سہیل آفریدی نے کرنے تھے تو انہیں خود مذاکرات میں آنا چاہیے تھا۔ سہیل آفریدی یا ان کے نمائندے کو مذاکرات میں شامل کرنے کی درخواست کی گئی تھی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ ہمارا مسئلہ سیاسی نہیں بلکہ مکمل طور پر دہشتگردی سے متعلق ہے، ہمارا مقصد صرف دہشتگردی کے خلاف مشترکہ حکمت عملی طے کرنا تھا۔ مذاکرات میں دو الگ معاہدوں پر بات ہوئی، ایک اعلامیہ اور دوسرا دہشتگردی سے متعلق تھا، دہشتگردی سے متعلق معاہدے میں افغانستان، ٹی ٹی پی اور سابق فاٹا کے معاملات شامل تھے جبکہ ضم شدہ اضلاع اور نیشنل ایکشن پلان بھی نکات میں شامل تھے۔ مذاکراتی ٹیم نے دہشتگردی سے متعلق آؤٹ لائن شیئر کی، معمولی تحفظات بھی دور کیے گئے، ہماری تجویز تھی کہ دہشتگردی سے متعلق نکات کی صرف آؤٹ لائن طے کی جائے، تفصیلات بعد میں مشترکہ اجلاس میں طے ہونی تھیں۔ دہشتگردی کے معاملے پر بات ہوئی تو خیبر پختونخواہ حکومت کی ٹیم نے مزید گفتگو سے انکار کیا اور دہشتگردی کے معاملے پر بات نہ کرنے کا موقف اختیار کیا۔ خیبر پختونخواہ میں دہشتگردی کے معاملے پر وفاق اور صوبے کو ایک پیج پر آنا ہوگا، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں صوبائی حکومت کا وفاق اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑا ہونا ضروری ہے۔ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں شہداء کے جنازوں میں شرکت اور یکجہتی کا اظہار ضروری ہے جبکہ مقامی سطح پر دہشتگردوں کی مبینہ معاونت کسی صورت قابل قبول نہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف باقاعدہ معاہدہ کرنے کی ضرورت ہے، مقامی سطح پر دہشتگردوں کو پارٹی حمایت کی شکایات اور اطلاعات کے باعث پیش آئی، پی ٹی آئی نے دہشتگردوں کی حمایت نہ کرنے کی یقین دہانی کرائی تھی، دہشتگردی سے متعلق مجوزہ معاہدے میں سیاست کا کوئی نکتہ شامل نہیں تھا، بلکہ دہشتگردی کے خلاف چھ سات نکات پر مشتمل معاہدہ بالکل واضح تھا۔ انہوں نے کہا کہ اگر دہشتگردی کے خلاف سوچ ہے تو معاہدے پر دستخط میں ایک منٹ بھی نہیں لگنا چاہیے، دہشتگردی کے خلاف معاہدے سے انکار پر حکومت کے مفادات اور ترجیحات پر سوال اٹھتے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ مذاکراتی عمل مکمل ہونے کا مطلب کسی کو دہشتگردوں سے جوڑنا نہیں، ہماری خواہش تھی کہ تمام نکات پر اتفاق کے بعد معاہدے پر دستخط کیے جائیں تاکہ دونوں جانب کی غلط فہمیاں ختم ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات میں اعلامیے کے تمام نکات پر مکمل اتفاق ہو گیا تھا، مذاکراتی کمیٹی نے 12 گھنٹے مسلسل مذاکرات میں مسئلہ حل کرنے کی کوشش کی اور چھوٹے اور بڑے تمام مسائل حل کرنے کی کوشش کی۔ محسن نقوی کے مطابق مذاکراتی کمیٹی نے ڈرافٹ کو ایک نہیں بلکہ چار مرتبہ حتمی شکل دی، ڈرافٹ کی زبان اور نکات کے تمام مسائل مذاکرات میں ایک ایک کر کے حل کیے گئے، تاہم مذاکرات کے دوران چار مرتبہ ڈرافٹ فائنل اور چار مرتبہ تبدیل ہوا۔ انہوں نے کہا کہ فائنل ڈرافٹ میں دوبارہ کئی تبدیلیاں سامنے آنے سے پریشانی ہوئی، ڈرافٹ فائنل ہونے کے بعد خیبر پختونخواہ حکومت کی جانب سے بار بار تبدیلیاں کی گئیں۔ رات 12 سے ساڑھے 12 بجے کے دوران خیبر پختونخواہ حکومت نے نیا ڈرافٹ پیش کر دیا، نئے ڈرافٹ میں مذاکرات کے دوران طے کیے گئے نکات سے مختلف چیزیں شامل کی گئیں۔ مذاکراتی ٹیم دوسرے کمرے میں جاتی تو طے شدہ نکات دوبارہ تبدیل ہو جاتے، مذاکرات میں نکات طے ہونے کے باوجود بار بار تبدیلیاں کی جاتی رہیں۔ مذاکراتی ارکان بڑی محنت سے ڈرافٹ کو بار بار حتمی شکل دیتے رہے، رانا ثنااللہ، امیر مقام، طلال چوہدری اور دیگر ارکان نے بھرپور نیک نیتی سے مذاکرات کیے۔ راجہ ناصر عباس اور دیگر ارکان سنجیدگی سے مذاکرات کر رہے تھے تاہم مذاکراتی ارکان کو خراب کرنے کی کوشش کی گئی۔ خیبر پختونخواہ حکومت سے چار گھنٹے مذاکرات کے بعد وفد کو مذاکرات کا مینڈیٹ دیا گیا، خیبر پختونخواہ حکومت نے وفد کو حتمی نکات پر معاہدے کا اختیار دے دیا تھا۔ محسن نقوی کے مطابق اسد قیصر نے دہشتگردی کے تمام نکات پر ساتھ دینے کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ ہم ان تمام نکات پر آپ کے ساتھ ہیں، اسد قیصر نے بھی دہشتگردی کے خلاف معاہدے پر دستخط کی حمایت کی۔ اسد قیصر نے مذاکرات میں بعض معاملات پر مثبت اور واضح جواب دیا اور دہشتگردی کے معاملے پر اپنا پرانا موقف واضح قرار دیا۔ حکومت کی مذاکرات ناکام کرنے یا کوئی متبادل راستہ اختیار کرنے کی خواہش نہیں تھی، صدر اور وزیراعظم نے مذاکراتی کمیٹی کو ہر ممکن کوشش کی ہدایت کی تھی۔

بقیہ 45

سیفٹی اتھارٹی کے حوالہ سے بتایا کہ حادثہ دارالحکومت نیروبی سے تقریباً 90 کلومیٹر جنوب مشرق میں واقع سالاما نامی علاقے میں پیش آیا۔ یہ سڑک دارالحکومت کو ساحلی شہر ممباسا سے ملاتی ہے۔ ہلاک ہونے والوں میں سے 14 افراد ایک منی بس میں ایک مذہبی مقام کی طرف جا رہے تھے۔ اس منی بس کو پیچھے سے آنے والی ایک لاری نے ٹکر ماری جسے قبل ازیں ایک اور گاڑی ٹکرا گئی تھی۔

بقیہ 1

کی فوری اور موثر کارروائی چار حملہ آور گرفتار اسلحہ برآمد جبکہ دیگر رات کی تاریکی میں فرار ہوگئے پولیس کے مطابق دیگر حملہ آوروں کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں دریں اثناء جھل مگسی کوٹڑہ کے مختلف علاقوں میں مسلح افراد کی ناکہ بندی روڈ چیکنگ مسلح افراد کی شدید فائرنگ عوام میں سخت خوف وہراس پھیل گیا پولیس کے مطابق اتوار کے روز مسلح افراد نے جھل مگسی گنداواہ روڈ کوٹڑہ اور دیگر نواحی علاقوں میں مین روڈ اور لنک روڈز پر اچانک ناکہ بندی کرکے چیکنگ شروع کردی عینی شاہدین کے مطابق مسلح افراد جن کی تعداد درجنوں میں تھی جدید اسلحے واکی ٹاکی وکمیونیکیشن سسٹم سے لیس تھے چیکنگ کے دوران انہوں نے لوگ کے شناختی کارڈ و دیگر دستاویزات چیکنگ کرتے رہے جبکہ مختلف ایریاز میں شدید فائرنگ بھی کی گئی جس سے مقامی عوام میں خوف وہراس پھیل گیا بعد ازاں وہ فرار ہوگئے

بقیہ 2

سپاری 14 پان پراگ غیرملکی سگریٹ ودیگر مضر صحت نان کسٹم پیڈ اشیاء برآمد کرلی گئی جن کی مالیت کروڑوں روپے بتائی جارہی ہے پولیس نے کوچ کو تحویل میں لیکر ڈرائیور سمیت تین افراد کو گرفتار کرکے مزید تحقیقات شروع کردی ہے

بقیہ 3

قدر خدمات انجام دے رہے ہیں، ان کی محنت اور خدمات احترام اور تحسین کی مستحق ہیں۔انہوں نے کہا کہ بچیوں کی تعلیم کے فروغ میں خواتین اساتذہ کا کردار نہایت اہم ہے، ایک تعلیم یافتہ بچی آگے چل کر اپنے خاندان اور معاشرے میں مثبت تبدیلی کا ذریعہ بنتی ہے اور اس پورے سفر میں استاد کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے میں تعلیمی نظام کی بہتری، اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے اور تدریسی معیار بہتر بنانے پر توجہ دے رہی ہے۔تعلیمی اداروں کو فعال اور تدریسی عمل کو موثر بنانا صوبے میں معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے ضروری ہے۔صوبائی مشیر نے مزید کہا کہ اساتذہ کو جدید تدریسی تربیت، بہتر تعلیمی ماحول اور ضروری سہولیات کی فراہمی تعلیمی معیار میں بہتری کے لیے ضروری ہے، کیونکہ معیاری تعلیم کا براہ راست تعلق ایک قابل اور بااختیار تدریسی نظام سے ہے۔ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ اساتذہ کی محنت کے اثرات کلاس روم تک محدود نہیں رہتے بلکہ نسلوں تک منتقل ہوتے ہیں، اس لیے استاد کا احترام اور اس کی خدمات کا اعتراف ایک مہذب اور علم دوست معاشرے کی پہچان ہے۔

بقیہ 4

نازک حالت میں ہسپتال منتقل ملزمان فرار ہوگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب ربی گوٹھ اعظم کوٹ کے مقام پر نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے قبائلی رہنما میر گلزار چاکرانی بگٹی شدید زخمی ہوگیا جبکہ واقعے کے بعد ملزمان فرار ہوگئے پولیس نے زخمی کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کردیا گیا جہاں انکی حالت نازک بتائی جارہی ہے

بقیہ 5

ایک لاکھ روپے نقد انعام دینے کا اعلان کیا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم اساتذہ کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (BBISE) کے چیئرمین محمد اسحاق، ملک رشید کاکڑ اور لیاقت علی ہزارہ سمیت پرائیویٹ تعلیمی اداروں کے اساتذہ کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ اساتذہ کرام کی اتنی بڑی تعداد میں شرکت اس امر کا ثبوت ہے کہ ہمارے معاشرے میں تعلیم، علم اور استاد کے مقام کو آج بھی خصوصی اہمیت حاصل ہے۔پانچ اکتوبر کو ہر سال عالمی یوم اساتذہ کے طور پر منانے کا بنیادی مقصد اساتذہ کے عظیم کردار، گرانقدر خدمات اور معاشرتی وقار کو اجاگر کرنا اور دنیا بھر میں تعلیم کے فروغ کیلئے اُن کی انتھک کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ دنیا کے ہر مہذب معاشرے میں استاد کو عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔استاد کسی بھی قوم کا محسن ہوتا ہے۔استاد کا احترام کسی جغرافیے، نسل، زبان یا رنگ تک محدود نہیں بلکہ یہ پوری انسانیت کی مشترکہ قدر ہے۔دنیا کے مختلف معاشروں میں تہذیبیں بدلتی رہیں، نظام تبدیل ہوتے رہے لیکن استاد کا بنیادی کردار ہمیشہ برقرار رہا ہے۔گورنر مندوخیل نے کہا موجودہ حکومت بلوچستان میں تعلیم کے فروغ اور لکھا پڑھا بلوچستان کے خواب کو عملی حقیقت میں تبدیل کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔ہماری کوشش ہے کہ تعلیم کے مواقع کو وسیع کیا جائے اور بالخصوص صوبے کے دورافتادہ اور پسماندہ علاقوں کے ان بچوں تک بھی تعلیم کی روشنی پہنچائی جائے جو غربت، فاصلے یا بنیادی سہولیات کی کمی کے باعث تعلیمی مواقع سے محروم رہ جاتے ہیں۔گورنر مندوخیل نے کہا کہ ماں کی گود بچے کیلئے اولین [illegible]

بقیہ 6

[illegible]

بقیہ 7

[illegible]

کے باعث تمام عوام کو اپنے سرومال کے تحفظ کا سنگین مسئلہ درپیش ہیا ور لوگ بنیادی مسائل کے حل کی بجائے امن وامان قائم کرنے کے مطالبات کررہے ہیں

بقیہ 8

الاؤنسز اور ملازمت کا مستقل تحفظ فراہم نہیں کیا جا رہا۔پشتونخوا ایس او ضلع چمن نے کہا کہ ایک طرف حکومت بلوچستان تعلیمی ایمرجنسی اور تعلیم کے فروغ کے دعوے کرتی ہے، جبکہ دوسری جانب تعلیمی اداروں میں خدمات انجام دینے والے ایس بی کے اور کنٹریکٹ اساتذہ کو معاشی مشکلات سے دوچار کیا جا رہا ہے۔تنخواہوں سے بیسک پے کی کٹوتی اور ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2026 سے محرومی کسی صورت قابل قبول نہیں۔پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع چمن نے حکومت بلوچستان سے پرزور مطالبہ کیا کہ ایس بی کے اور کنٹریکٹ اساتذہ کی تنخواہوں سے کی گئی بیسک پے کی کٹوتی فوری طور پر واپس لی جائے، ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2026 دونوں کیڈرز کے اساتذہ کو بلاامتیاز دیا جائے اور ان کے روزگار کو مستقل بنیادوں پر تحفظ فراہم کیا جائے۔پشتونخوا ایس او ضلع چمن نے کہا کہ اساتذہ کے معاشی حقوق کا تحفظ اور انہیں ملازمت کا مستقل تحفظ فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ایس بی کے اور کنٹریکٹ اساتذہ کے ساتھ امتیازی سلوک ختم کرکے ان کے جائز مطالبات فوری طور پر تسلیم کیے جائیں۔

بقیہ 9

بھی مطلوبہ توجہ سے محروم رہا جس کا براہ راست اثر یہاں کے نوجوانوں پر پڑا۔معیاری تعلیمی اداروں، کتب خانوں اور جدید علمی وسائل کی محدود دستیابی کے باعث حب کے بہت سے طلبہ و طالبات کو وہ مواقع میسر نہ آسکے جو ان کا بنیادی حق تھے۔ایسے میں تعلیم کے شعبے کو ترجیح دینا اور نوجوانوں کے لیے جدید تعلیمی سہولیات پیدا کرنا ایک اہم ضرورت بن چکا تھا۔میر علی حسن زہری کی جانب سے تعلیم کے شعبے پر خصوصی توجہ اسی ضرورت کا جواب دکھائی دیتی ہے۔ان کے اقدامات میں یہ پہلو نمایاں ہے کہ ضلع کی ترقی کو صرف سڑکوں، عمارتوں اور بنیادی ڈھانچے تک محدود رکھنے کے بجائے تعلیم، علم، تحقیق اور نوجوانوں کے مستقبل کو بھی ترقی کے بنیادی ستونوں میں شامل کیا جارہا ہے۔جنگی گوٹھ میں قائم کی جانے والی جدید ڈیجیٹل لائبریری طلبہ و طالبات کے لیے ایک اہم تعلیمی سہولت ثابت ہوگی جہاں روایتی کتب کے ساتھ ساتھ آن لائن تعلیمی مواد، تحقیقی معلومات، ڈیجیٹل کتابوں، تعلیمی کورسز اور جدید علمی ذرائع تک رسائی کے مواقع میسر آئیں گے۔خصوصاً دیہی اور دوردراز علاقوں کے نوجوانوں کے لیے اپنے علاقے کے قریب ایسی سہولت کی فراہمی اہمیت رکھتی ہے کیونکہ اس سے انہیں جدید تعلیمی وسائل کے حصول کے لیے دوسرے شہروں کا رخ کرنے کی ضرورت کم ہوگی۔یہ لائبریری صرف ایک عمارت نہیں بلکہ علم، تحقیق اور جدید ٹیکنالوجی سے جڑنے کا ایک نیا دروازہ بنے گی۔ضلع حب کے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے بزرگوں، خواتین، نوجوانوں اور تعلیم دوست افراد نے میر علی حسن زہری کی جانب سے تعلیم دوست اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ میر علی حسن زہری کی تعلیمی اقدامات کے حوالے سے ترجیح اس تصور کو تقویت دیتی ہے کہ کسی بھی علاقے کی حقیقی ترقی اس وقت ممکن ہوتی ہے جب وہاں کے نوجوان تعلیم یافتہ، باصلاحیت اور جدید دنیا کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہوں۔جنگی گوٹھ ڈیجیٹل لائبریری جیسے منصوبوں سے طلبہ کو امتحانات کی تیاری، مسابقتی امتحانات، تحقیق، آن لائن کورسز اور جدید معلومات کے حصول میں مدد مل سکتی ہے، جبکہ نوجوانوں میں مطالعہ اور تحقیق کا رجحان بھی فروغ پائے گا۔یہی وجہ ہے کہ حب میں تعلیمی سہولیات کی بہتری کے لیے جاری اقدامات کو صرف موجودہ نسل کے لیے سہولت نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک تعلیمی سرمایہ کاری کے طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔حب کی ترقی کا سفر اس وقت زیادہ بامعنی ہوسکتا ہے جب تعمیراتی منصوبوں کے ساتھ ساتھ کلاس روم، کتاب، کمپیوٹر، لائبریری اور علم کے دروازے بھی کھلیں۔میر علی حسن زہری کی جانب سے تعلیم کے شعبے پر بڑھتی ہوئی توجہ اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ حب کے نوجوانوں کو جدید تعلیم اور بہتر مواقع فراہم کرنے کی ضرورت کو اہمیت دی جارہی ہے۔تعلیمی اداروں اور جدید سہولیات کے قیام سے وہ بنیاد مضبوط ہوسکتی ہے جس پر مستقبل کی زیادہ تعلیم یافتہ اور باصلاحیت حب کی تعمیر ہوگا۔یہ حقیقت ہے کہ آج ایک لائبریری تعمیر ہورہی ہے، کل یہاں سے سینکڑوں خواب جنم لیں گے۔آج کتاب اور ٹیکنالوجی تک رسائی بڑھ رہی ہے، کل یہی نوجوان حب کی ترقی کی قیادت کریں گے کیونکہ پڑھے گا حب۔۔۔تو بڑھے گا حب۔اور تعلیم یافتہ نوجوان، مضبوط معاشرہ اور ترقی یافتہ حب کی بنیاد رکھیں گے۔

بقیہ 10

گیا ہے لیکن تاحال بجلی بحال نہیں کی گئی۔علاقہ مکینوں نے حکومت بلوچستان اور اعلی حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس صورتحال کا فوری نوٹس لیں، دیہی علاقوں میں بجلی کی فراہمی بلاتاخیر بحال کی جائے اور پانی کے مسئلے کو [illegible]

بقیہ 11

[illegible]

بقیہ 12

[illegible]

بقیہ 13

[illegible]

بقیہ 14

[illegible]

بقیہ 15

[illegible]

بقیہ 16

[illegible]

کیلئے روانہ کردیا اور مذکورہ انجن کو دوبارہ پٹڑی پر چڑھا دیا گیا۔ابتدائی طور پر انجن کے پٹڑی سے اترنے کی وجہ یارڈ میں فش پلیٹ کی چوری بتائی جارہی ہے، تاہم واقعے کی اصل وجہ اور دیگر حقائق کا تعین کرنے کے لیے مزید تحقیقات جاری ہیں۔جناح پیپلز ٹرین سروس بحال ہے اور معمول کے مطابق چل رہی ہے۔واقعہ یارڈ میں انجن کی شنٹنگ/ ریورسنگ کے دوران پیش آنے کے باعث ٹرین کے معمول کے آپریشن پر کوئی اثر نہیں پڑا اور مسافروں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔کوئٹہ میں تقریباً ایک ہفتہ قبل شروع کی گئی جناح پیپلز ٹرین کا انجن کچلاک ریلوے اسٹیشن کے یارڈ میں پٹڑی سے اتر گیا تاہم کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ریلوے حکام کے مطابق 4 اکتوبر کو انجن نمبر 5120 معمول کی شنٹنگ کے دوران لائن نمبر 3 پر ریورس کرتے ہوئے پٹڑی سے اترا۔حکام کا کہنا ہے کہ ابتدائی طور پر فش پلیٹ کی چوری کو حادثے کی وجہ قرار دیا جارہا ہے تاہم اصل وجہ جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔تاہم کچلاک پولیس کے ایک عہدے دار نے ریلوے حکام کی جانب سے فش پلیٹ یا نٹ بولٹ چوری کے دعوے کو مسترد کرتے ہوئے بتایا ہے کہ ٹریک کے نیچے لگے لکڑی کے سلیپر بوسیدہ اور ناقص حالت میں تھے جس کے باعث پٹڑی بیٹھنے سے انجن پٹڑی سے اترا۔واقعے کے بعد ریلوے کی جانب سے سلیپر تبدیل کرنے کا کام بھی شروع کیا گیا ہے۔ریلوے حکام کے مطابق متبادل انجن فراہم کرکے ٹرین کو صبح 10 بج کر 15 منٹ پر کچلاک سے سریاب روانہ کیا گیا جو ساڑھے 11 بجے سریاب پہنچ گئی جبکہ پٹڑی سے اترنے والے انجن کو بھی دوبارہ ٹریک پر چڑھا دیا گیا۔جناح پیپلز ٹرین سروس سریاب سے کچلاک تک 32 کلومیٹر فاصلے کے لیے شروع کی گئی ہے جس کے لیے صوبائی حکومت نے تقریباً تین ارب روپے خرچ کیے ہیں۔منصوبے میں ریلوے اسٹیشنز کی تعمیر و مرمت اور ریلوے ٹریک کی اپ گریڈیشن شامل تھی۔عوامی حلقوں نے واقعے کا نوٹس لے کر ٹریک کے معیار اور ریلوے حکام کی غفلت کی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 17

سے 510 گرام چرس برآمد کرلیا۔قائدآباد پولیس نے محمد عقیل کے قبضے سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلئے دوسری کارروائی میں نجیب اللہ کے قبضے سے 410 گرام چرس برآمد کرلی۔سٹی پولیس نے اکبر احمد سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ اور عاصم کے قبضے سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلئے۔تھانہ عبدالخالق شہید کے عملے نے مہربان کے قبضے سے 2 موٹر سائیکلیں برآمد کرلی۔اور ملزم تھانہ کیچی بیگ، جناح ٹاؤن، سریاب، صدر، سیٹلائٹ ٹاؤن، سول لائن کو مختلف مقدمات میں مطلوب ہیں اسی طرح کچلاک پولیس نے ملزم صدام کے قبضے سے چھینا گیا موٹر سائیکل ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلئے اسی طرح ایس ایچ او بجلی روڈ جاوید بزدار نے علی محمد سے 505 گرام چرس برآمد کرلئے اسی طرح پشتون آباد پولیس نے ملزم دوست محمد کو گرفتار کرلیا پولیس نے تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 18

خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ ن کے نائب صدر و رکن قومی اسمبلی سردار یعقوب خان ناصر، مسلم لیگ ن خواتین ونگ کی صدر و صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی اختر بی بی، سابق وفاقی وزیر خلیل جارج، صوبائی سیکرٹری اطلاعات چوہدری شبیر، فتح جمالی، ترجمان شاکر محمد حسنی، نثار اچکزئی، عامر شیخ، فاطمہ خان، نرگس مینگل، ماہ جبین مینگل، ڈاکٹر آمنہ خان اور دیگر بھی موجود تھے۔جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ یورپ میں خواتین نے آزادی اور اپنے حقوق کے لیے طویل جدوجہد کی اور اس کی بڑی قیمت چکائی، وہاں عمر بڑھنے کے ساتھ خواتین کے مقام اور احترام میں اضافہ ہوتا ہے، تاہم مغربی معاشروں میں خواتین کو ستی افرادی قوت کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے، جبکہ پاکستان اور اسلام میں خواتین کو الگ اور باعزت مقام حاصل ہے۔

بقیہ 19

کے انتقال پر سوگوار خاندان کے تمام افراد سے دلی تعزیت کا اظہار کیا رہنماؤں نے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور خاندان کے تمام افراد کو صبر جمیل عطا کرے۔

بقیہ 20

فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں 2 افراد زخمی ہوگئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

بقیہ 21

بحرانوں کی زد میں ہے، اس کی بنیادی وجہ حکومت کا غیر جمہوری رویہ ہے۔انہوں نے کہا کہ غیر آئینی اقدامات نے ہمیشہ ملک کو بحرانوں اور مسائل سے دوچار کیا۔آئین کی پاسداری کرنے کی دعویداروں نے سیاسی مزاحمت سے آئین کو پاؤں تلے روندا ہے انہوں نے کہا کہ ملک مزید آئینی، سیاسی اور معاشی بحران کے متحمل نہیں۔سیاسی افراتفری اور سازشوں سے نظام منجمد ہے۔محاذ آرائی اور انتقامی سیاست ملک کے سیاسی، معاشی اور سماجی ڈھانچے کو کمزور کررہی ہیں۔موجودہ درپیش بحرانی کیفیت سے نکالنے کے لیے حکمرانوں کو آئین کی پاسداری کا راستہ اختیار کرنا ہوگا۔بدقسمتی سے ملک میں حکمرانوں کی انا اور غیر سنجیدہ رویہ سے ملک کو نا قابل تلافی نقصان پہنچایا ہے انہوں نے کہا کہ ملک میں آئین کی بالادستی کے بجائے غیر جمہوری قوتوں کا راج ہے۔اس روش کے نتیجے میں پارلیمنٹ اور عدلیہ کی آزادی سلب ہو رہی ہے، جس سے آئینی ڈھانچہ تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے۔طاقت، ہٹ دھرمی اور انا کے ذریعے مسائل کو سلجھانے کے بجائے مزید الجھایا جارہا ہے۔

بقیہ 22

گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن سخت احتجاج پر مجبور ہوگی بی ایس ڈی آئی (BSDI) کے ٹھیکے سرعام ہوٹلوں میں بیٹھ کر فروخت کئے جارہے ہیں اور اسی بنڈنگ میں بھی ریٹس تبدیل کرکے اپنے من پسند ٹھیکیداروں کو نوازنے کا سلسلہ جاری ہے جو کسی بھی صورت قابل قبول نہیں، سیاسی جماعتیں کرپشن اور کمیشن مافیا کے خلاف ہمارے ساتھ ملکر آواز بلند کریں تاکہ صوبے کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جاسکے۔یہ بات انہوں نے کوئٹہ کے مقامی ہال میں آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے مرکزی، ڈویژنل اور ضلعی عہدیداروں کی تقریب حلف برداری کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس موقع پر جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر و سینیٹر مولانا عبدالواسع نے نو منتخب عہدیداروں سے حلف لیا۔تقریب میں صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، اے این پی کے رہنما و رکن بلوچستان اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی، مسلم لیگ (ن) کے رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل، اے این پی کے رہنما ملک امان اللہ خان کاکڑ نے بھی شرکت کی۔مقررین نے کہا کہ اسوقت بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال انتہائی مخدوش ہے آئے روز ٹھیکیداروں کی مشینری کو نذر آتش اور مزدوروں کو اغواء اور قتل کیا جارہا ہے، جس سے ترقیاتی عمل متاثر ہورہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر صاحبان بی ایس ڈی آئی کے منصوبے فروخت کرنے کی بجائے اپنی توجہ امن وامان کی بہتری پر دیں تاکہ صوبے بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ بی ایس ڈی آئی (BSDI) نے جب کام شروع کیا تو ٹینڈرز کا عمل میرٹ پر ہورہا تھا جسکا ہم نے خیر مقدم کیا تھا لیکن اب بی ایس ڈی آئی کے ٹھیکے سرعام ہوٹلوں میں بیٹھ کر فروخت ہورہے ہیں جو کسی بھی صورت ہمیں قابل قبول نہیں ہے اسکے خلاف ہم بھرپور آواز بلند کریں گے۔انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے آن گوئنگ منصوبوں کیلئے بجٹ میں جو رقم مختص کی ہے وہ انتہائی کم ہے جس سے منصوبوں کی بروقت تکمیل ممکن نہیں ہے حکومت نئے منصوبے شروع کرنے کی بجائے پہلے جو منصوبے شروع کئے گئے ہیں انہیں مکمل کرنے کیلئے 100 فیصد فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنائے۔انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن چاہتی ہے کہ بی پیپرا (BPPRA) کا ٹینڈر نظام ایسا ہو جہاں پر اہل ٹھیکیدار کو برابر مواقع ملیں تمام شرائط واضح ہوں تکنیکی دستاویزات بروقت اور آسانی سے دستیاب ہوں اور کسی بھی ٹھیکیدار کو غیر ضروری تکنیکی یا انتظامی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے اگر ای ٹینڈرنگ یا ای پروکیورمنٹ کے نظام میں کسی بھی قسم کی تکنیکی خرابی یا شکایت ملے تو اسے فوری طور پر روکا جائے تاکہ شفاف مقابلے کے اصول متاثر نہ ہوں۔انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کسی ادارے یا فرد کے خلاف نہیں ہے بلکہ ٹھیکیداروں کے مفاد اور کرپشن وکمیشن مافیا کے خلاف ہے اور کسی کو یہ اجازت نہیں دیں گے کہ وہ ٹھیکیداروں کی حق تلفی کریں اگر کہیں بھی ٹھیکیداروں کی حق تلفی ہوگی تو ہم بھرپور آواز بلند کریں گی۔انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کی کوششوں سے اب صوبے کے دور دراز علاقوں میں چھوٹے چھوٹے ٹھیکیداروں کو کام ملنا شروع ہوگئے ہیں

جس سے ان میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔

بقیہ 23

ڈرائیور پر فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں اس کے پاؤں کے انگوٹھے میں گولی لگی، جبکہ حملہ آور ٹرک اور اس میں لدی جانوروں کی کھالیں اپنے ساتھ لے گئے۔پولیس کے مطابق واقعے کے بعد ڈرائیور اور کلینرز براہ راست نوشکی چلے گئے، جس کے باعث واقعے کی اطلاع پولیس کو تاخیر سے ملی۔پولیس کا کہنا ہے کہ مذکورہ ٹرک سیکیورٹی اسکواڈ کی حفاظتی نگرانی کے بغیر سفر کر رہا تھا۔اطلاع ملنے پر پولیس اہلکار جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور واقعے کی مزید تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

بقیہ 24

ثناء درانی نے کہا کہ بلوچستان کی سرزمین صرف پہاڑوں، صحراؤں اور وسائل کا نام نہیں بلکہ ماؤں کی دعاؤں، بہنوں کی قربانیوں اور بیٹیوں کے خوابوں کی سرزمین ہے جب تک خواتین کو امن کے عمل میں شامل نہیں کیا جائے گا اس وقت پائیدار امن کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں بنایا جاسکتا۔کیونکہ بلوچستان ایک قبائلی صوبہ جس کو روایات کی امین سرزمین کہا جاتا تھا لیکن آج اس کو روایات سے ہٹ کر مختلف گھمبیر مسائل میں دھکیل دیا گیا ہے۔جس کی وجہ سے آئے روز کی بدامنی، خون خرابہ اور بے یقینی کی کیفیت نے ہر شخص سمیت خواتین اور بچوں کو بھی ذہنی کوفت اور مسائل سے دوچار کر رکھا ہے۔مسلسل خونریزی، لاشوں کو اٹھانے، دھماکوں، فائرنگ کی آوازوں نے ہر شخص کو ذہنی تناؤ کا شکار بنادیا ہے۔خصوصاً خواتین، بچے اور بزرگ شہری بے چینی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔متاثرہ علاقوں سے بڑی تعداد میں خاندانوں کی اہلخانہ کے ہمراہ عارضی طور پر نقل مکانی نے ان کی مشکلات بڑھادی ہیں۔اوران علاقوں میں مکین خواتین، بالخصوص حاملہ خواتین اور بیمار خواتین، بزرگوں کو طبی سہولیات کے لئے ہسپتالوں تک رسائی نہ ہونے کی وجہ سے وہ علاج سے محروم ہیں اسی طرح تعلیمی ادارے بند ہونے کی وجہ سے اساتذہ اپنی ڈیوٹی پر نہیں جاسکتے اور بچے علم کی زیور سے محروم ہو رہے ہیں۔

بقیہ 25

کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت کاروباری برادری اور سرمایہ کاروں کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافے کے لیے جامع حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔کاروباری افراد کو درپیش مسائل کے حل اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے مؤثر پالیسی اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔سیدال خان ناصر نے کہا کہ خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (SIFC) کے پلیٹ فارم سے کاروباری شخصیات اور سرمایہ کار بھرپور استفادہ کر سکتے ہیں۔اس سے تجارت کے فروغ، سرمایہ کاری میں اضافے اور سرمایہ کاروں کو درپیش مسائل کے حل میں مدد مل رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان قدرتی حسن، متنوع موسم، بہترین آب وہوا اور قدرتی وسائل سے مالا مال ملک ہے۔سیاحت، تجارت، صنعت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں موجود وسیع مواقع سے استفادہ کرکے ملکی معیشت کو مزید مستحکم کیا جاسکتا ہے۔ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں اور حکومت معیشت کے استحکام، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے کے لیے مزید اقدامات کررہی ہے۔حکومت اور کاروباری برادری کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی تعاون ملکی معاشی ترقی کے لیے نہایت اہم ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں سیکیورٹی کی صورتحال میں بھی بہتری آرہی ہے، جس میں افواج پاکستان اور سیاسی وعسکری قیادت کی جامع اور مؤثر حکمت عملی کا اہم کردار ہے۔بہتر امن وامان اور معاشی استحکام ایک دوسرے سے منسلک ہیں اور پائیدار ترقی کے لیے دونوں شعبوں میں مسلسل پیش رفت ضروری ہے۔سیدال خان ناصر نے کہا کہ وہ وقت دور نہیں جب پاکستان ترقی اور خوشحالی کی نئی منزلیں طے کرے گا اور ترقی یافتہ ممالک کی صف میں نمایاں مقام حاصل کرے گا۔موجودہ مشکل حالات میں ملکی قیادت کی جانب سے پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے کی جانے والی کوششیں قابل تحسین ہیں۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت، تمام سیاسی جماعتیں، کاروباری برادری اور عوام مل کر قومی ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کریں تو پاکستان کو معاشی طور پر مضبوط، مستحکم اور خوشحال ملک بنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 26

، جبکہ ضرورت پڑنے پر گرفتاری بھی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ عوامی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے گا اور سرکاری وعوامی مقامات پر غیر قانونی قبضے یا تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی۔کارروائی میں متعلقہ تھانے کے ایس ایچ او، ڈی ایس پی اور مارکیٹ کمیٹی کے نمائندگان بھی شریک تھے۔

بقیہ 27

نے تاجروں کو ہدایت کی کہ غیر قانونی گٹکا، پان پراگ اور دیگر مضر صحت اشیاء کی فروخت سے گریز کریں، سرکاری نرخ نامے کی پابندی یقینی بنائیں اور دکانوں و کاروباری مراکز میں صفائی ستھرائی کا خصوصی خیال رکھیں۔انہوں نے واضح کیا کہ خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 28

کہ استاد قوم کے مستقبل کے معمار ہیں اور ان کی محنت کو قدر کی نگاہ سے دیکھنا چاہیے۔تقریب کے دوران طلبہ و طالبات نے مختلف ٹیبلو پیش کیے، جنہیں شرکاء نے سراہا۔تقریب کے اختتام پر گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، چیئرمین بلوچستان بورڈ محمد اسحاق، لیاقت ہزارہ، ملک رشید کاکڑ، نواز پندرانی، حضرت علی کوثر، آغا رؤف سجاد، زیب الرحمن، جمیل کاسی، سلیم ناصر اور دیگر نے نمایاں خدمات انجام دینے والے اساتذہ میں شیلڈز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔تقریب میں اساتذہ، طلبہ اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔

بقیہ 29

مسافروں، ٹرانسپورٹرز، مریضوں، تاجروں اور عام شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔حکومت کے مطابق شاہراہ کی بندش سے ضروری اشیاء، خدمات اور لوگوں کی نقل وحرکت متاثر ہونے کے ساتھ امن وامان کی صورتحال میں پیچیدگیاں پیدا ہونے کا خدشہ بھی ہے۔حکم نامے کے تحت این 25 کو بند یا کسی بھی طریقے سے ٹریفک کے لیے رکاوٹ بنانا، احتجاج، دھرنا، جلوس یا ایسا اجتماع منعقد کرنا جس سے ٹریفک کی روانی متاثر ہو، ممنوع ہوگا۔شاہراہ پر گاڑی، رکاوٹ یا کوئی دوسری چیز رکھ کر ٹریفک میں خلل ڈالنے پر بھی پابندی ہوگی۔حکومت نے سوراب، خضدار اور وڈھ کے ڈپٹی کمشنرز اور پولیس حکام کو حکم پر عملدرآمد یقینی بنانے اور این 25 پر ٹریفک کی بلاتعطل روانی برقرار رکھنے کی ہدایت کی ہے۔حکم نامے کے مطابق اس پابندی کا نفاذ 3 اکتوبر 2026 سے اگلے تین ماہ تک رہے گا۔

بقیہ 30

کے ہلاک کیا گیا ہے۔پولیس نے نعش ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے ہسپتال کے مردہ خانے میں رکھ دی اور مزید کارروائی شروع کردی۔کوہلو کے علاقے سے پولیس نے ایک شخص کی نعش قبضے میں لے لی۔پولیس کے مطابق اتوار کو کوہلو کے علاقے ناران سے پولیس نے ایک نامعلوم شخص کی نعش قبضے میں لیکر ڈی ایچ کیو ہسپتال کوہلو منتقل کردی نعش کی فوری طور پر شناخت نہیں ہوسکی۔پولیس نے نعش ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے ہسپتال کے مردہ خانے میں رکھ دی اور مزید کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 31

مشترکہ مقصد کے لیے متحد ہوں۔ہمیں یہ سوچنا چاہیے کہ ہماری آج کی محنت آنے والی نسل کا مستقبل بنائے گی۔اگر اساتذہ آپس میں اتحاد، احترام اور تعاون کے ساتھ کام کریں گے تو اس کا مثبت اثر براہ راست بچوں پر پڑے گا۔آئیں ہم اپنے اختلافات ختم کریں، ایک دوسرے کا احترام کریں اور صرف بچوں کے بہتر مستقبل، معیاری تعلیم اور ایک بہتر معاشرے کی تشکیل کو اپنا مقصد بنائیں۔یاد رکھیں، ہماری ذمہ داری صرف بچوں کو پڑھانا نہیں بلکہ انہیں ایک اچھا انسان اور ذمہ دار شہری بنانا بھی ہے۔آج ہم بچوں کے لیے جو کردار ادا کریں گے، کل وہی بچے ہمارے معاشرے کی تصویر بنیں گے۔یہ بات اساتذہ کے دن کی مناسبت سے خطاب کرتے ہوئے کیا ان کا کہنا تھا کہ آئیں ہم سب مل کر ضلع خضدار میں تعلیم کو ہر بچے تک پہنچانا ممکن بنائیں۔کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہے۔اس عظیم مقصد کے حصول میں اساتذہ اپنا بھرپور کردار ادا کریں، کیونکہ آج کا پڑھا لکھا بچہ ہی کل کے بہتر صوبے کا اور بہتر معاشرے کی بنیاد دینے گا۔

بقیہ 32

جمالی میر نیاز خان پندرانی رکن قومی اسمبلی میر خان محمد خان جمالی کے بھتیجے میر حسیب خان جمالی درگاہ سید عبدالستار شاہ بخاری کے سجادہ نشین سید راجن شاہ بخاری درگاہ فیصل فقیر کے معزز شخصیت صوفی فیض محمد فقیر میر محمد ایوب خان جمالی ڈی ایس پی سرکل گنداخہ محمد علی جمالی ایس ایچ او گنداخہ نواب علی جمالی ایس ایچ او باغ ہیڈ ظہیر عباس جمالی ایس ایچ او باغتیل عابد حسین جمالی ایس ایچ او زورگڑھ حاجی خان لاشاری میر صفدر خان جمالی دوداخان بختلانی گنداخہ پریس کلب کے صدر سلیم گوپانگ جنرل سیکرٹری نور حسن جمالی صحافی رجب علی جمالی سمیت بڑی تعداد میں علاقائی معززین سے تعزیت وفاتحہ خوانی کی۔

بقیہ 33

ڈاکٹر ناصر شیخ نے کمشنر مکران اور ان کے وفد کا خیر مقدم کیا اور انہیں ہسپتال کے مختلف شعبوں کا دورہ کرایا۔اس دوران کمشنر مکران نے زیر علاج مریضوں سے براہ راست ملاقات کی اور فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، تشخیصی سہولتوں کی کیفیت اور طبی عملے کے رویے کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کیں۔مریضوں نے ہسپتال کی خدمات پر اطمینان کا اظہار کیا۔دورے کے دوران ہیڈ آف کیمپس ڈاکٹر ناصر شیخ نے کمشنر مکران کو ہسپتال کے روزمرہ آپریشنز کے حوالے سے ایک جامع بریفنگ دی، جس میں روزانہ کی او پی ڈیز، انجام دی جانے والی سرجریوں کی تعداد، طبی وغیر طبی عملے کی دستیابی، ادویات کے ذخائر کی صورتحال، طبی آلات کی کارکردگی، صفائی ستھرائی کے انتظامات اور دیگر انتظامی امور شامل تھے۔انہوں نے بتایا کہ ہسپتال میں روزانہ سینکڑوں مریضوں کو مفت اور معیاری طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں، جبکہ ہسپتال کا طبی عملہ دن رات مریضوں کی خدمت میں مصروف عمل ہے۔کمشنر مکران نے ہسپتال کی کارکردگی، طبی سہولیات اور انتظامی امور پر اطمینان کا اظہار کیا اور ہسپتال انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ 34

گزرنے کے باوجود عمارت کی مناسب مرمت یا ازسرنو تعمیر کے لیے مؤثر اقدامات نہیں کیے گئے۔انہوں نے کہا کہ خستہ حال عمارت میں ملازمین کا روزانہ فرائض انجام دینا تشویش کا باعث ہے، کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے قبل عمارت کا فوری معائنہ کرواکر ضروری مرمت یا نئی عمارت کی تعمیر کے لیے اقدامات کیے جائیں۔عوامی و تعلیمی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلعی ایجوکیشن آفس کی عمارت کی صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ملازمین اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 35

ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے مردہ خانے میں رکھ دیا گیا۔مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

بقیہ 36

کیر مادے کی غیر قانونی نقل وحمل کے لیے دندناتی ہوئی گزرگاہ بنا دیا گیا ہے۔لسبیلہ کے خطے میں ماضی میں بھی مسافر کوچز اور تیل بردار موٹر سائیکلوں کے تصادم کے نتیجے میں المناک سانحات رونما ہوچکے ہیں۔یاد رہے کہ جون 2024 میں اوتھل کے قریب پیش آنے والے ایسے ہی ایک تباہ کن حادثے میں تین افراد لقمہ اجل بنے تھے جبکہ 12 مسافر شدید زخمی ہوئے تھے۔ملک کی اس اہم تجارتی وسافر شاہراہ پر روزانہ ہزاروں کی تعداد میں مسافر کوچز، بڑی مال بردار گاڑیاں اور فیملیز سفر کرتی ہیں۔اس کثیر ٹریفک کے درمیان انتہائی آتش گیر ایرانی پیٹرول کو غیر محفوظ طریقوں سے موٹر سائیکلوں پر لاد کر لانا کسی بھی وقت ایک بڑے انسانی المیے کا پیش خیمہ ثابت ہوسکتا ہے۔ایک چھوٹی سی چنگاری سینکڑوں معصوم جانوں کو خاکستر کرنے کے لیے کافی ہے، اس کے باوجود زمینی حقائق یہ ہیں کہ قانون کی رٹ مکمل طور پر معطل نظر آتی ہے۔عوامی حلقوں، سول سوسائٹی اور روزانہ کی بنیاد پر سفر کرنے والے مسافروں نے کمشنر لسبیلہ ڈویژن، DIG لسبیلہ، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ، SSP لسبیلہ اور پولیس کے اعلیٰ حکام سے فوری طور پر نوٹس لینے کا پرزور مطالبہ کیا ہے۔شہریوں کا دوٹوک موقف ہے کہ سانحات کے بعد صرف روایتی مذمتی بیانات اور امدادی کارروائیوں کے اعلانات کا کوئی فائدہ نہیں، بلکہ اصل ضرورت اس ناسور کے تدارک اور موثر مانیٹرنگ کی ہے۔عوام نے مطالبہ کیا ہے کہ N-25 شاہراہ پر انسانی زندگیوں سے کھیلنے والے اس خطرناک کھیل کا فوری سدباب کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ قومی شاہراہ کو محفوظ سفری کوریڈور بنایا جاسکے۔

بقیہ 37

صاف ستھرا شہر نہ صرف شہریوں کے لیے صحت مند ماحول فراہم کرتا ہے بلکہ شہر کی خوبصورتی، کاروباری سرگرمیوں اور مجموعی تاثر میں بھی بہتری لاتا ہے۔مرکزی انجمن تاجران کے ضلعی صدر باران کلیوال، جنرل سیکرٹری محمد دین خروٹی، سینئر نائب صدر حبیب الرحمن کاکڑ، میڈیا کوآرڈینیٹر غفور خان مندوخیل، نور خان لوون، جمعہ رحیم حرمزئی، محمد رحیم شیرانی، تاجو شیرانی، سہیل حریفال، ثناء اللہ بھٹو شیرانی، حاجی محمدان کاکڑ، حاجی محمدان مندوخیل، یوسف لالا، سعادت حرمزئی اور دیگر کابینہ اراکین نے صفائی مہم کو شہر کے لیے ایک مثبت پیش رفت قرار دیا۔انجمن تاجران نے کہا کہ شہر میں صفائی کا آغاز خوش آئند ہے اور اس کے مثبت نتائج بھی سامنے آنے چاہئیں، تاہم صفائی صرف ایک ماہ کی مہم بن کر نہیں رہنی چاہیے۔شہر کی صفائی ایک مسلسل ذمہ داری ہے، اس لیے صفائی کے عمل کو مستقل بنیادوں پر جاری رکھا جائے اور باقاعدہ شیڈول کے تحت شہر کی گلیوں، سڑکوں، بازاروں، نالیوں اور دیگر علاقوں کی صفائی یقینی بنائی جائے۔انجمن تاجران نے مطالبہ کیا کہ شہر کے مرکزی علاقوں کے ساتھ ساتھ دور دراز اور نظرانداز ہونے والے علاقوں پر بھی خصوصی توجہ دی جائے تاکہ صفائی کی سہولت صرف چند مخصوص مقامات تک محدود نہ رہے۔تاجر رہنماؤں کا کہنا تھا کہ صاف شہر صرف میونسپل کمیٹی کی ذمہ داری نہیں بلکہ شہریوں، تاجروں اور متعلقہ اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔تاجر برادری اپنی دکانوں اور کاروباری مراکز کے سامنے صفائی برقرار رکھنے میں تعاون کرے گی، جبکہ شہریوں سے بھی اپیل ہے کہ کچرا سڑکوں اور گلیوں میں پھینکنے کے بجائے مقررہ مقامات پر ڈالیں۔مرکزی انجمن تاجران نے میونسپل کمیٹی ژوب کی موجودہ صفائی مہم کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ انتظامیہ اس عمل کو وقتی مہم کے بجائے مستقل صفائی کے نظام میں تبدیل کرے گی، تاکہ ژوب کو ایک صاف، خوبصورت اور صحت مند شہر بنانے کا خواب حقیقت کا روپ دھار سکے۔مرکزی انجمن تاجران ژوب کا واضح پیغام ہے صفائی مہم ایک ماہ کے لیے نہیں، ایک صاف اور خوبصورت ژوب کے لیے مستقل ہونی چاہیے۔

بقیہ 38

ویڑ کی بیماری کے تدارک کے لیے محکمہ زراعت کی جانب سے مؤثر رہنمائی اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے، بصورت دیگر دھان کی فصل اور زرعی معیشت کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔کاشتکاروں نے حکومت بلوچستان اور محکمہ زراعت سے مطالبہ کیا ہے کہ متاثرہ علاقوں کا فوری سروے کرایا جائے، زرعی ماہرین کی ٹیمیں بھیجی جائیں اور بیماری کی روک تھام و تدارک کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 39

پاکستان تحریک انصاف پر تنقید کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی کو اپنی پالیسی کے بارے میں واضح فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے یا افغانستان کے ساتھ۔انہوں نے کہا کہ یہ لوگ اپنی دوغلی پالیسی ترک کرنے کو تیار نہیں۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ پی ٹی آئی والے یوٹرن لینے کے ماہر ہیں، یوٹرن لے کر اس پر فخر کرتے ہیں اور کسی ایک بات پر قائم نہیں رہتے۔وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پی ٹی آئی کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ پاکستان کے ساتھ ہے یا افغانستان کے ساتھ، ان کے مطابق سہولیات پاکستان سے حاصل کی جاتی ہیں تاہم ہمدردیاں دہشتگردوں کے ساتھ ہیں۔عطا تارڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی کے پاس جو کچھ ہے، وہ پاکستان نے دیا ہے، لیکن اس کے باوجود ان کا موقف افغانستان کے حق میں نظر آتا ہے کہ ملکی مفاد کے معاملے پر واضح اور دوٹوک پوزیشن اختیار کرنا ہوگی۔انہوں نے کہا کہ یہ جس پالیسی کی بات کرتے ہیں یہ دہشتگردوں کو کور دینے کے مترادف ہے، بیانات ایسے وقت میں سامنے آئے ہیں جب وفاقی حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان خیبر پختونخوا میں امن وامان اور انسداد دہشتگردی سمیت مختلف امور پر اختلافات برقرار ہیں۔وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات نے الزام عائد کیا کہ خیبر پختونخوا حکومت کو انسداد دہشتگردی کیلئے 700 ارب روپے مل چکے ہیں، اس کے باوجود دہشتگردی کے خلاف موثر اقدامات کی کوئی خواہش نظر نہیں آتی، ان کے مطابق صوبائی حکومت دہشتگردوں کو تحفظ دینے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی کالعدم تحریک طالبان پاکستان کی بی ٹیم اور افغان طالبان کی سی ٹیم ہے، خیبر پختونخوا میں دہشتگردی پھیلانے کی ذمہ داری صوبائی حکومت پر عائد ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کسی کو بھی ملک میں امن وامان خراب کرنے کی اجازت نہیں دے گی، خیبر پختونخوا کے عوام کی جان و مال کا تحفظ اور دہشتگردی کا خاتمہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔عطا تارڑ نے استفسار کیا کہ خیبر پختونخوا حکومت وفاقی اپیکس کمیٹی اجلاسوں میں شرکت کیوں نہیں کرتی؟ وزیراعلی خیبر پختونخوا اور کابینہ افغان طالبان حکومت کی دہشت گردی کی سرپرستی کی مذمت کیوں نہیں

کرتے؟ انہوں نے کہا کہ نیشنل ایکشن پلان پر عمل نہ ہونے سے خیبر پختونخوا میں دہشت گردی بڑھی اور معیشت متاثر ہوئی، ریاست پی ٹی آئی کو پرانے بیانیے اور بیان بازی سے عوام کو الجھانے کی اجازت نہیں دے گی۔

بقیہ 40

دہشت گردی بانی پی ٹی آئی لے کر آئے، اسمبلی کی تقاریر اور میڈیا کا ریکارڈ اس بات کا گواہ ہے، ٹی وی پر ان سے اس معاملے پر مناظرہ بھی کیا جاسکتا ہے۔وزیر دفاع نے کہا کہ مرکز سے اقتدار جانے کے بعد خیبر پختونخوا کے ہر وزیر اعلی نے وفاق پر حملہ کیا، جبکہ 9 مئی اس کے علاوہ ہے، ان کا الزام تھا کہ خیبر پختونخوا کی قیادت سرکار کا مال خود بھی لوٹتی ہے اور دہشت گردوں کو بھتے کی صورت میں حصہ دیتی ہے۔خواجہ آصف نے کہا کہ آپ دہشت گردوں کے پارٹنر ہیں اور خیبر پختونخوا میں بہنے والے خون سے آپ کے ہاتھ بھی رنگے ہیں، قوم بھی آپ سے حساب لے گی اور خدا بھی۔وزیر دفاع نے کہا کہ اسلام آباد ہمارے وطن کی وحدت اور وفاق کی علامت ہے، جبکہ یہ 25 کروڑ پاکستانیوں کی شناخت ہے، شہدا اپنے مقدس خون سے اس کی آبیاری کرتے ہیں۔خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان نے ایک سال قبل اپنے ازلی دشمن کا غرور مٹی میں ملایا، جبکہ پاکستانی عوام اور بہادر افواج اندرونی و بیرونی دشمنوں سے ٹکرانے کا حوصلہ رکھتے ہیں۔

بقیہ 41

انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ کو اسلام آباد کی حدود میں داخل ہونے نہیں دیا جائے گا۔رانا ثناء اللہ نے کہا کہ کسی بھی قسم کے انتشار کو قانون کی طاقت سے روکا جائے گا۔

بقیہ 42

انکاری ہے۔رانا ثناء اللہ نے کہا کہ دو تین دفعہ ڈرافٹ میں تبدیلی کی تاہم اس کے باوجود صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنا کردار ادا کرنے اور وفاقی حکومت کی پالیسی کے مطابق تعاون کرنے پر تیار نہیں، دہشتگردی کیخلاف تعاون نہ کرنے کی بات کسی طور پر قابل قبول نہیں، اس وجہ سے معاہدہ نہیں ہوسکا۔رانا ثناء اللہ نے کہا کہ عمران خان کی ملاقات، علاج معالجے سے متعلق باتیں چھوٹی باتیں تھیں، انہیں یقین دلایا تھا کہ قانون اور جیل ضابطوں کے مطابق پہلے بھی عمل ہورہا ہے اور اب بھی عمل ہوگا، اگر آپ ملاقاتوں کو سیاسی مقاصد کیلئے استعمال نہیں کریں گے تو رکاوٹ نہیں ڈالیں گے۔رانا ثناء اللہ نے واضح کیا کہ لانگ مارچ کو اسلام آباد کی حدود میں داخل ہونے نہیں دیا جائیگا، کسی بھی قسم کے انتشار کو قانون کی طاقت سے روکا جائے گا۔حکومتی مذاکراتی کمیٹی کی رکن شیری رحمان نے کہا کہ ہم نے ان کے خدشات سنے ہیں، 4 مرتبہ ڈرافٹ تبدیل کیا گیا، دہشتگردی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرسکتے، لانگ مارچ اور دوسری چیزوں پر انہوں نے ایگریمنٹ سے انکار کردیا ہے۔

بقیہ 43

پر تفصیلی غور کیا گیا۔نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا حکومت سے ہونے والے مذاکرات پر وزیراعظم کو آگاہ کیا کہ خیبر پختونخوا حکومت تحریری معاہدے پر دستخط اور 72 گھنٹوں میں عملدرآمد کا منصوبہ دینے پر رضامند ہوئی تھی تاہم مذاکرات کے حتمی مرحلے میں طے شدہ نکات سے پیچھے ہٹنے کا فیصلہ کیا۔ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے کئے گئے فیصلوں پر سختی سے عملدرآمد کرانا ہوگا، کسی کو ملک یا صوبے کا امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، دہشتگردی کے خلاف ریاست کا موقف واضح ہے، امن و سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔وزیراعظم اور وزیر داخلہ کے درمیان ملاقات میں خیبر پختونخواہ میں امن وامان اور دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے آئندہ کی حکمت عملی پر بھی غور کیا گیا۔نجی ٹی وی کے مطابق ملاقات میں خیبر پختونخواہ کی صورتحال پر آئندہ کے ممکنہ اقدامات زیر غور آئے، امن وامان کی بحالی اور ریاستی رٹ یقینی بنانے کیلئے مختلف آپشنز اور آئندہ لائحہ عمل پر مشاورت کی گئی۔

بقیہ 44

ہے اور گڈ گورننس میں مضبوط بلدیاتی نظام کا اہم کردار ہے، مضبوط ادارے ہی ملک کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کر سکتے ہیں۔

بقیہ 45

اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی، مسلم لیگ (ن) کے رکن بلوچستان اسمبلی زرک خان مندوخیل، اے این پی کے رہنما ملک امان اللہ خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان قدرتی معدنیات سے مالا مال ہونے کے باوجود پسماندگی اور غربت کا شکار ہے، صوبے کے وسائل کو بروئے کار لا کر بلوچستان سمیت ملک کی معیشت کو مضبوط بنایا جاسکتا ہے، صوبے میں امن و امان کی صورتحال اس قدر خراب ہے کہ ایک ضلع سے دوسرے ضلع تک سفر کرنا بھی مشکل ہو گیا ہے، کنٹریکٹرز کی مشینری جلائی جا رہی ہے اور متاثرین کی دادرسی کا موثر نظام نظر نہیں آتا، آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کی ترقی و خوشحالی اور تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں۔یہ بات انہوں نے کوئٹہ کے مقامی ہوٹل میں آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے مرکزی، ڈویژنل اور ضلعی عہدیداروں کی تقریب حلف برداری سے خطاب کرتے ہوئے کہی تقریب سے آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر میر عبدالسلام لانگو، چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل، جنرل سیکرٹری ملک مجیب اللہ مہترزئی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین کبزئی، وائس چیئرمین میر شکیل لہڑی، نوابزادہ دارا خان جوگیزئی، حاجی قدیر قریشی، عیسیٰ روشان، شاہ باران کاکڑ، سردارزادہ مقبول احمد لانگو اور دیگر نے بھی خطاب کیا تقریب میں بلوچستان بھر سے آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں اور ٹھیکیداروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر و سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام اصولوں کی جماعت ہے، ٹھیکیداروں اور کنٹریکٹرز کے مسائل حل کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے حکومت نے نظریاتی جماعتوں اور مختلف ایسوسی ایشنز پر پابندیاں عائد کر رکھی ہیں ایسی صورتحال میں سیاسی وسماجی شعور رکھنے والے افراد کیسے سامنے آئیں گے۔

بقیہ 46

، راجا جلیل، یاسر صدیق کیانی، شاہد حامد عباسی، جمشید کیانی اور راجا تسیم کیانی شامل ہیں۔اس موقع پر آٹھوں ارکان نے پاکستان اور افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ کالعدم تنظیموں سے دور رہیں اور کسی بھی اشتعال انگیز سرگرمی کا حصہ نہ بنیں۔شرکا نے تاجروں اور عوام سے 4 اکتوبر کی جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی کال مسترد کرنے اور احتجاجی سرگرمیوں میں شرکت سے گریز کرنے کی بھی اپیل کی۔تجزیہ کاروں کے مطابق 8 فعال ارکان کی لاتعلقی اس بات کا واضح اظہار ہے کہ عوام انتشار پسند عناصر اور کالعدم ایکشن کمیٹی کی منفی سرگرمیوں کو مسترد کرتے ہوئے امن، استحکام اور ریاستی نظم کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ 47

جنگ میں نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد نہیں کرنا چاہتی۔انہوں نے کہا کہ انسداد دہشت گردی کے معاملے پر پی ٹی آئی کی مذاکراتی ٹیم کے پی کے ٹیم سے مایوس ہوئی۔داخلہ طلال چوہدری نے کہا کہ دہشت گردی کی جنگ پاکستان کے استحکام کی جنگ ہے، اس میں تعاون کریں۔

بقیہ 48

صنعا، میدی، باقم، الجوف، مرب، البیضا اور تعز کے محاذ شامل تھے جن میں آپریشنل توجہ کا مرکز تعز کے محاذ تھے جہاں کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹرز، کیمپوں، بھرتیوں کے مراکز، عسکری ذخائر، اسلحہ و گولہ بارود کے گوداموں اور عسکری رسد کی لائنوں کو نشانہ بنایا گیا۔انہوں نے مزید کہا کہ ابتدائی میدانی تخمینوں کے مطابق ان کارروائیوں کے نتیجے میں کم از کم سات سو ملیشیا اہلکار ہلاک ہوئے، تز ویراتی اور انتہائی قیمتی عسکری اہداف تباہ ہوئے اور ایک سو ستر عسکری گاڑیاں تباہ ہوئیں جس سے ملیشیا کی جنگی صلاحیت پر براہ راست اثر پڑا اور شہریوں کے گھروں اور دیہاتوں پر حملے جاری رکھنے کی اس کی صلاحیت محدود ہو گئی۔یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب یمنی مسلح افواج پاپولر ریزسٹنس اور جنگی طیاروں کی پشت پناہی سے یمن کے جنوب مغرب میں واقع تعز صوبے کے تمام جنگی محاذوں پر حوثی ملیشیا کے خلاف شدید لڑائی لڑ رہی ہیں۔یمنی سرکاری فوج نے سامع کے محاذ پر اہم میدانی پیش رفت حاصل کی ہے جس کے دوران وہ ملیشیا کو جانی و مالی نقصان پہنچانے کے بعد قلعہ سامع اور اس کے اردگرد کے علاقوں پر کنٹرول حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئی ہے۔صبح کے ابتدائی اوقات میں یمنی سرکاری فوج نے حوثی ملیشیا کی طرف سے شدید فائرنگ کی آڑ میں جبل ہان اور شہر کے مغربی محاذ کے دیگر مقامات پر کیے جانے والے وسیع حملے کو ناکام بنا دیا جہاں وہ حملے کو پسپا کرنے اور متعدد عناصر کے ہلاک، زخمی اور گرفتار ہونے کے بعد ملیشیا کو پیچھے ہٹنے اور فرار ہونے پر مجبور کرنے میں کامیاب ہوگئی۔اسی دوران مسلح افواج مزاحمتی فورسز کی مدد سے الشمایتین، المعافر اور جبل حبشی کے اضلاع کے جنگی محاذوں پر حوثی ملیشیا کے خلاف شدید جنگ لڑ رہی ہیں اور سامع میں ملیشیا کے باقی ماندہ عناصر کا تعاقب بھی جاری رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ 49

اپنے بیان میں ہمایوں خان نے کہا کہ ملک کو مزید سیاسی کشیدگی نہیں بلکہ امن، استحکام اور قومی اتفاق رائے کی ضرورت ہے، خیبر پختونخوا کے عوام احتجاجی سیاست، سڑکوں کی بندش اور مسلسل سیاسی بے یقینی کے متحمل نہیں ہوسکتے۔انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے دروازے کھلے رکھنا ہی جمہوری سیاست کی اصل روح اور قومی ذمہ داری ہے۔ہمایوں خان نے کہا کہ سیاسی قیادت انا اور ضد سے بالاتر ہوکر عوامی مسائل کے حل کو اپنی اولین ترجیح بنائے، خیبر پختونخوا میں امن و امان، روزگار، تعلیم اور بنیادی سہولیات کے مسائل فوری سیاسی توجہ کے متقاضی ہیں۔ہمایوں خان نے کہا کہ سڑکوں کی بندش اور سیاسی محاذ آرائی سے عام شہری، تاجر اور کاروباری طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں، وفاق اور خیبر پختونخوا کے درمیان بہتر رابطہ اور مؤثر ورکنگ ریلیشن شپ دہشت گردی کے خلاف مشترکہ کوششوں کو مضبوط بنا سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں سیاسی قوتوں کو ٹکراؤ بڑھانے کے بجائے مذاکرات کے ذریعے قومی مسائل کا قابل عمل حل تلاش کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مضبوطی سیاسی استحکام، صوبائی ہم آہنگی اور عوام کو ریلیف دینے والی سنجیدہ سیاست سے وابستہ ہے۔

بقیہ 50

انہوں نے کہا کہ چھوٹی چھوٹی چیزیں تھیں لیکن نتائج تک نہیں پہنچ سکے، بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا معاملہ حل نہیں ہوسکا۔علامہ ناصر عباس نے کہا کہ ہماری کوشش تھی کسی نتیجے پر پہنچ سکیں لیکن ڈیڈ لاک برقرار رہا۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے ذاتی معالج تک رسائی کے معاملے پر ڈیڈ لاک ہے جبکہ دہشت گردی معاملہ پر نیشنل ایکشن پلان کے حوالے سے ان کے تحفظات تھے۔

بقیہ 51

ذرائع کا کہنا ہے کہ صدر اور وزیراعظم نے جمہوری انداز میں مسائل کے حل کے لیے حکومتی مذاکراتی کمیٹی کی کوششوں کو سراہا۔وزیراعظم شہباز شریف نے مذاکرات کے میزبان اور سہولت کار اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔وزیراعظم نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی نے مذاکرات کی کامیابی کے لیے بہترین انداز میں اپنی بھرپور کوششیں کیں۔حکومتی ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے لانگ مارچ کی صورت میں وفاقی حکومت کے ممکنہ اقدامات اور آئینی آپشنز کے استعمال پر بھی مشاورت جاری ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت موجودہ سیاسی صورتحال میں آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے آئندہ کا لائحہ عمل طے کرنے کے لیے مختلف آپشنز کا جائزہ لے رہی ہے۔

بقیہ 52

فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ جب صوبے کی صورتحال ایسی ہوجاتی ہے تو صدر، وزیراعظم اور دیگر ادارے سمجھیں تو ایمرجنسی لگنے کی گنجائش ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبہ بچانے کے لیے اگر ایمرجنسی لگانا پڑی تو ضرور لگائیں گے، اگر ایمرجنسی وغیرہ لگ جاتی ہے تو میں اکیلا ہی ان کے لیے کافی ہوں، ابھی یہ چھپ رہے ہیں، گرفتاریاں دے رہے ہیں، میں ان کی طرح بھڑکیں نہیں مارتا، جب میدان لگے گا پھر میں ان کو دیکھ لوں گا۔فیصل کریم کنڈی نے سوال کرتے ہوئے کہا کہ لانگ مارچ ہو رہا ہے؟ کیا پشاور میں کچھ ہو رہا ہے، کوئی کارنر میٹنگ ہوئی، کوئی بینر دیکھا، لانگ مارچ میں ہم نے صرف خود ساختہ گرفتاریاں اور روپوشیاں دیکھیں۔گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ یہ صوابی کراس کرکے تو دکھائیں، ان کے پاس کوئی پلاننگ نہیں ہے، یہ چاہتے ہیں مہینہ ایک مہینہ لگ جائے لیکن صوابی نہ آئے۔دریں اثنا پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پی ٹی آئی قیادت کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے اگر پی ٹی آئی نے دہشت گردی کے خلاف وفاق کا ساتھ نہیں دیا تو پھر شاید خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی یا گورنر راج کی طرف جانا پڑے۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ہر دوسرے دن دہشت گردی کے واقعات ہو رہے ہیں اور پی ٹی آئی کا دھیان سیاست پر ہے، نہیں چاہتے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگا کر دہشت گردی کا مقابلہ کرنا پڑے۔بلاول نے کہا کہ پی ٹی آئی کا احتجاج بڑی حد تک کامیاب ہوچکا ہے، اسلام آباد دس دن سے بند پڑا ہے۔انہوں نے پی ٹی آئی کو مشورہ دیا کہ اب پی ٹی آئی لانگ مارچ ختم کر کے معاملے کا سیاسی حل نکالے، سیاسی بحران کو قومی مفاد سے الگ رکھے۔

بقیہ 53

، لدھڑ میں سپرد خاک کر دیا گیا۔بھارتی اشتعال انگیزی میں شہید قصور کے شہریوں کے اہلخانہ نے کہا کہ اگر بزدل بھارتی فورسز میں اتنی ہمت ہے تو پاکستانی قوم سے آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مقابلہ کریں۔سرحدی علاقوں کے شہریوں نے بھی بھارتی فورسز کے گھناؤنے اقدام کو شرمناک عمل قرار دیا

بقیہ 54

کے اثرات پورے ملک بشمول کراچی تک پھیل سکتے ہیں۔اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ کراچی منی پاکستان ہے، ملک کے کسی بھی حصے میں بدامنی کے اثرات کراچی تک پہنچتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی سیکیورٹی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، دہشتگردی پر قابو نہ پایا گیا تو اس کے اثرات پورے ملک بشمول کراچی تک پھیل سکتے ہیں۔

بقیہ 55

ترجمان جے یو آئی اسلم غوری نے کہا کہ مذاکرات ہی سیاسی مسائل کے حل کا جمہوری راستہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن کو کھلے دل کے ساتھ مذاکراتی عمل جاری رکھنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ اختلافات کے باوجود بات چیت کا دروازہ بند نہیں ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ دونوں فریقین اپنے انداز گفتگو میں نرمی پیدا کریں۔اسلم غوری نے کہا کہ سیاسی کشیدگی کا خاتمہ مذاکرات اور باہمی مفاہمت سے ہی ممکن ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کو سیاسی استحکام کی ضرورت ہے، حکومتی رویہ میں لچک کا مظاہرہ کرے۔اسلم غوری نے کہا کہ مذاکرات میں پیش رفت کے لیے لچک اور سیاسی بصیرت کا مظاہرہ ضروری ہے۔ترجمان جے یو آئی نے کہا کہ اختلاف رائے جمہوریت کا حصہ ہے۔مسائل کا حل تصادم نہیں مذاکرات ہیں۔

بقیہ 56

سے ملتے ہیں، ایسی صورتحال میں مذاکرات کیسے کامیاب ہوسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت اور اس کے اتحادی فراخ دلی کے ساتھ 12 گھنٹے پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات میں بیٹھے، پی ٹی آئی کی موجودہ ٹیم بھی مذاکرات کی کامیابی چاہتی تھی اور مذاکرات کے دوران پی ٹی آئی کی ٹیم بات مان چکی تھی، اس کے باوجود مذاکرات ناکام ہوگئے۔سینیٹر زاہد خان نے کہا کہ موجودہ صورتحال خیبر پختونخوا کے لیے المناک ہے، المیہ ہے کہ ایسے حکمران صوبے پر مسلط ہیں۔

بقیہ 57

دیا۔کار میں سوار خاتون اور بچے سمیت ایک ہی خاندان کے پانچ افراد موقع پر ہی دم توڑ گئے جب کہ حادثے کے فوری بعد ٹرک ڈرائیور جائے وقوعہ سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو ادارے جائے حادثہ پر پہنچ گئے۔ریسکیو عملے نے حادثے کا شکار کار کو کاٹ کر اس میں سے لاشیں نکالیں اور ہسپتال منتقل کیں۔دوسری جانب پولیس نے ٹرک کو تحویل میں لے لیا جبکہ ڈرائیور کی تلاش شروع کر دی ہے۔

بقیہ 58

خیبر پختونخوا دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کا فرنٹ لائن صوبہ ہے، گزشتہ کئی برس کے دوران یہاں پولیس، سی ٹی ڈی، اسپیشل برانچ اور دیگر سیکیورٹی اداروں کے اہلکاروں نے عوام کے تحفظ اور امن کے قیام کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے ہیں ان قربانیوں کے باوجود صوبے کو مسلسل دہشت گردی کے خطرات، محدود مالی وسائل اور دشوار جغرافیائی حالات کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے ان چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پولیس کو مضبوط اور جدید خطوط پر استوار کرنے پر توجہ دی ہے، رواں مالی سال پولیس کے لیے تقریبا 191 ارب روپے کا بجٹ مختص کیا گیا ہے اس بجٹ کے ذریعے اہلکاروں کی تنخواہوں اور فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ جدید اسلحہ، بلٹ پروف گاڑیوں، اے پی سی ایس، تھرمل کیمروں، ڈرونز، اینٹی ڈرون سسٹمز، جیمرز اور جدید مواصلاتی آلات کی فراہمی یقینی بنانے کی کوشش کی جارہی ہے اس کے علاوہ پولیس، سی ٹی ڈی اور اسپیشل برانچ کی استعداد بڑھانے کے لیے 31 ارب روپے کا خصوصی پیکیج بھی منظور کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کا مؤثر مقابلہ صرف روایتی کارروائیوں سے ممکن نہیں اس کے لیے مضبوط پولیس، بروقت اور درست انٹیلی جنس، جدید نگرانی کے نظام اور اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ ضروری ہے اسی مقصد کے تحت سیف سٹی منصوبوں، جدید کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹمز اور سی ٹی ڈی و اسپیشل برانچ کی استعداد میں اضافے پر کام کیا جارہا ہے تاکہ دہشت گردوں کی نقل وحرکت پر نظر رکھی جا سکے، خطرات کی بروقت نشاندہی ہو اور کسی بھی ممکنہ حملے کا فوری جواب دیا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا اپنے محدود وسائل کے باوجود دہشت گردی کے خلاف اپنی ذمہ داری پوری کررہا ہے تاہم پائیدار امن کے لیے وفاقی حکومت، صوبائی حکومت، سیکیورٹی اداروں اور عوام کے درمیان مضبوط تعاون ناگزیر ہے، امن صرف خیبر پختونخوا کی نہیں بلکہ پورے پاکستان کی ضرورت اور مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ 59

مارچ 2027 میں متوقع ہے، حیدرآباد اور سکھر الیکٹرک سپلائی کمپنیوں کی نجکاری اپریل سے جون 2027 جبکہ پشاور، ہزارہ، لاہور اور ملتان ڈسکوز کی نجکاری دسمبر 2027 تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا، کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی نجکاری کے منصوبے میں شامل نہیں۔ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے بجلی کے شعبے میں ایک ہزار 675 ارب روپے کے گردشی قرضے پر تحفظات کا اظہار کیا اور 200 یونٹ تک بجلی صارفین کے لیے کراس سبسڈی ختم کرنیکا مطالبہ کیا، حکومت کی جانب سے جنوری 2027 سے 200 یونٹ تک صارفین کو بی آئی ایس پی کے ذریعے ٹارگٹڈ سبسڈی دینے کی تجویز زیرغور ہے۔ذرائع کے مطابق حکومت نے مالی سال 27-2026 کے لیے بجلی کے شعبے میں 830 ارب روپے کی سبسڈی مختص کررکھی ہے، گزشتہ مالی سال 10 ڈسکوز نے 299 ارب روپے کا نقصان کیا جبکہ انہیں 551 ارب روپے کی سبسڈی دی گئی، یوں ڈسکوز پر مجموعی سالانہ مالی بوجھ 850 ارب روپے تک پہنچ گیا۔آئی ایم ایف نے ڈسکوز کی نجکاری کے مجوزہ طریقہ کار پر بھی سوالات اٹھائے ہیں، حکومت نجکاری کے بعد بھی ملک بھر میں یکساں بجلی ٹیرف برقرار رکھنے کا ارادہ رکھتی ہے، جس کے تحت موثر ڈسکوز کے صارفین بھی کمزور کمپنیوں کے نقصانات کا بوجھ اٹھائیں گے۔ذرائع کے مطابق حکومت ڈسکوز کے پرانے اربوں روپے کے واجبات الگ کرکے اسپیشل پرپز وہیکل میں منتقل کرنے کا منصوبہ بھی رکھتی ہے، فریقین میں اتفاق رائے نہ ہونے کی صورت میں اسٹاف لیول معاہدے کیلئے ورچوئل مذاکرات ہوں گے، آئی ایم ایف جائزہ مشن آئندہ چند روز میں پاکستان سے واپس روانہ ہوجائے گا۔

بقیہ 60

انہوں نے کہا کہ ہمارا لانگ مارچ اسٹیکٹ ہے، لانگ مارچ ہوگا۔بیرسٹر گوہر نے کہا کہ لانگ مارچ کی آڑ میں کوئی ایسا اقدام نہیں ہونا چاہئے جس سے صوبے کے عوام میں تناؤ پیدا ہو۔انہوں نے کہا کہ کسی چیز کو آخری نہیں کہنا چاہئے، سیاست میں کوئی چیز آخری نہیں ہوتی۔انہوں نے کہا کہ فریقین میں مذاکرات کے اگلے مرحلے پر اتفاق نہیں ہوا۔

بقیہ 61

سلام اور ملک وقوم کیلئے نئی تعلیم یافتہ نسل پیدا کرنے پر انہیں خراج تحسین پیش کرنا ہے۔اس موقع پر اساتذہ کے مسائل بھی اجاگر کئے جائیں گے تاکہ ان کے حل کیلئے اقدامات کرکے اساتذہ کو درپیش مشکلات کا ازالہ ہوسکے اور وہ یکسوئی کے ساتھ نوجوان نسل کو زیور تعلیم سے آراستہ کرسکیں۔عالمی یوم اساتذہ منانے کا بنیادی مقصد اساتذہ کے کردار اور اہمیت کو اجاگر کرنا، انہیں تعلیمی شعبے میں مزید موثر کردار ادا کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کرنا اور اس امر کو یقینی بنانا ہے کہ اساتذہ مستقبل کے معماروں کی تعلیمی و تربیتی ضروریات پوری کرنے میں اپنا کردار بھرپور انداز میں جاری رکھیں۔اس موقع پر قومی اخبارات اساتذہ کی اہمیت اور کردار کے حوالے سے خصوصی مضامین شائع کریں گے جبکہ الیکٹرانک میڈیا پر بھی خصوصی رپورٹس نشر کی جائیں گی۔

بقیہ 62

رکھ رہا ہوں۔انہوں نے کہا کہ پوری قوم کو یہ علم ہونا چاہیے کہ ان میں سے ایک ڈیمانڈ بھی غیر آئینی و قانونی نہیں ہے، ہمیں دوسرے درجے کا شہری سمجھا جا رہا ہے، ہمارے ساتھ ریاست پر قابض لوگ سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہے ہیں، یہ ہمارے ڈیمانڈز تھے، ہیں اور رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں سیاسی استحکام، آئین و قانون کی بالادستی، جمہوری عمل کے تسلسل، قومی یکجہتی، امن وامان کے قیام اور تمام سیاسی و قومی معاملات کو باہمی مشاورت اور مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کے لیے درج ذیل امور پر اتفاق رائے کیا جائے گا۔سہیل آفریدی کی جانب سے شیئر کئے گئے مسودہ کے مطابق وزیر اعظم پاکستان اور دونوں ایوانوں میں قائدین حزب اختلاف کے درمیان باقاعدہ ملاقات کا اہتمام کیا جائیگا جس میں ملک کو درپیش تمام اہم سیاسی، قومی، آئینی، قانونی اور جمہوری معاملات، بالخصوص زیر التوا امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا جائیگا۔

بقیہ 63

آرڈینیٹر اختیار ولی نے کہا کہ پاکستان میں ہمیشہ کے لیے دھرنے اور انتشار کی سیاست کی گنجائش ختم کردی گئی ہے، امید ہے اچھی خبریں آئیں گی۔انہوں نے کہا کہ مذاکرات کی میز پر آنا ہی بڑی بات ہے، وزیراعظم نے کئی بار پی ٹی آئی کو مذاکرات کی دعوت دے کر بڑے دل کا مظاہرہ کیا، ہماری اتحادی جماعتوں کا کردار بھی لائق تحسین رہا۔

بقیہ 64

نجی ٹی وی سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ ملک کی سلامتی ہر سیاسی معاملے سے مقدم ہے، پی ٹی آئی کوئی الحال دھرنا مئوخر کردینا چاہیے، حکومت مذاکرات کیلئے مکمل اختیارات کے ساتھ بیٹھی تھی، پی ٹی آئی مطالبات کیلئے واضح مینڈیٹ کے ساتھ مذاکرات کرے۔سعد رفیق نے کہا کہ سیاسی اختلافات کو ملک میں تقسیم کا سبب نہیں بننا چاہیے، دہشت گردی سے شہری متاثر ہیں، موجودہ حالات میں اتحاد ضروری ہے، بلدیاتی نمائندوں کو صرف عہدے نہیں مکمل اختیارات بھی دینا ہوں گے، میئر، ناظم اور کونسلرز کو اپنے علاقوں میں کام کا اختیار ہو۔انہوں نے کہا کہ صرف پنجاب نہیں چاروں صوبوں میں چھوٹے یونٹس بننے چاہئیں، صوبوں کی تقسیم سے پہلے ایسی پارلیمنٹ ضروری ہے جس پر سوال نہ اٹھے۔

بقیہ 65

سہ پہر ایک بجے لکی مروت کے گنڈی چوک سے شروع ہونے کا بتایا گیا جہاں مختلف اضلاع سے آنے والے قافلے شریک ہونے کا بتایا گیا۔اعلان کے مطابق اتوار کو 4 اکتوبر کو دوپہر ایک بجے ٹانک، ڈیرہ اسماعیل خان، جنوبی وزیرستان، شمالی وزیرستان، بنوں اور لکی مروت کے قافلے گنڈی چوک لکی مروت سے لانگ مارچ میں شامل ہونے جبکہ رات قیام کرک کے قریب کرنے کا بتایا گیا۔(آج) پیر 5 اکتوبر کو دوپہر 12 بجے کرک کے عوام بھی لانگ مارچ کا حصہ بنیں گے اور قافلہ ساڑھے 12 بجے وہاں سے روانہ ہوکر رات کوہاٹ کے قریب قیام کرے گا۔منگل 6 اکتوبر کو دوپہر 12 بجے کوہاٹ، ہنگو، کرم اور اورکزئی کے قافلے شریک ہوں گے۔کوہاٹ سے قافلہ پشاور کی جانب روانہ ہوگا اور رات پشاور کے متی کے قریب قیام کیا جائے گا۔بدھ 7 اکتوبر کو پشاور کے بڈھ بیر سے دوپہر ساڑھے 12 بجے قافلہ روانہ ہوگا، جہاں خیبر ضلع کے عوام بھی لانگ مارچ میں شامل ہوں گے۔پشاور کے دیگر حلقوں کے قافلے کوہاٹ روڈ پل اور موٹروے ٹول پلازہ پر مارچ کا حصہ بنیں گے، جبکہ رات چارسدہ انٹرچینج کے قریب قیام ہوگا۔جمعرات 8 اکتوبر کو دوپہر ساڑھے 12 بجے چارسدہ انٹرچینج سے روانگی ہوگی، جہاں چارسدہ اور مہمند کے قافلے شامل ہوں گے۔اعلان کے مطابق 8 اکتوبر کو خیبر پختونخوا بھر کے عوام خیرآباد میں جمع ہوں گے اور وہیں رات قیام کریں گے، لانگ مارچ کے اگلے مرحلے کا اعلان بھی خیرآباد میں کیا جائے گا۔دوسری جانب خیبر پختونخوا پولیس حکام کے مطابق ممکنہ لانگ مارچ کے لئے سیکورٹی انتظامات مکمل کرلیے گئے ہیں، جس جس ضلع میں قافلہ جائے گا وہاں ایس او پیز کے تحت سیکورٹی آرڈر جاری ہوگا۔پولیس حکام کے مطابق اہلکار امن و امان کی صورتحال کے پیش نظر سیکورٹی پلان کے تحت تعینات کیے جائیں گے، ڈرونز اور سرویلنس کیمروں سے بھی سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا جائے گا

بقیہ 66

کے سامنے پیش کرکے ایک اور بھارتی فالس فلیگ کا پردہ چاک کر دیا۔تاریخی ہزیمت پر پردہ ڈالنے کے لئے گودی میڈیا نے مضحکہ خیز انداز میں من گھڑت نانوں کا پرچار شروع کر دیا۔ایک بھارتی ٹی وی نے بتایا کہ حوالدار آصف کی شخصی تفصیلات اور شکل تو میچ کر گئیں لیکن اب اس کا ڈی این اے بھی میچ کر کے دکھائیں۔جھوٹے انکاؤنٹر کی گمشدہ لاش جوائنڈین چنارکور کے پاس ہے، اس گمنام لاش کا فورینسک اور ڈی این اے پاکستان سے طلب کرنا؟ گودی میڈیا کا نہایت احمقانہ تبصرہ ہے۔حوالدار آصف کی تصاویر اور شناختی کارڈ کو ثبوت بنا کر جھوٹے دعوے بائنڈین میڈیا اور اداروں نے کیے، پاکستان نے صرف حقیقت بتائی۔ہمیشہ کی طرح پاکستان کے حقیقت پر مبنی بیانیے کی بین الاقوامی میڈیا میں پذیرائی ہوئی۔

اسلام آباد: وزارت اطلاعات و نشریات اور ڈی جی سی کے باہمی اشتراک سے اسلام آباد میں باہم تعارف کی رنگا رنگ تقریب کے موقع پر گروپ فوٹو

ڈیرہ مراد جمالی میں سی ٹی ڈی انسپکٹر کے گھر پر مسلح افراد کا حملہ



آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کا ژوب پہنچنے پر پولیس کا چاک و چوبند دستہ سلامی پیش کر رہا ہے

پولیس عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی، محمد طاہر

ڈیرہ مراد جمالی: مسافر کوچ سے سپاری، پان پراگ، غیر ملکی سگریٹ برآمد

اندھیرے میں بھی قوم کو محسن اور علم کی شمع روشن کرنے والا ہیں، معمار جعفر خان مندوخیل

استاد کونسل کے کردار اور مستقبل کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

بارکھان کے علاقے میں پولیس کے ساتھ مسلح افراد کی فائرنگ سے شخصیت شہید زخمی

برآمدات میں بہتری خوش آئند ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

متقدرہ کے اشاروں پر چلنے والی حکومت نے ملک کو بند گلی میں دھکیل دیا، مولانا عبدالرحمن رفیق

ہمیں قومی اتحاد و اتفاق کی راہ اپنانی ہوگی، پشتونخوا نیپ

میر علی حسن زہری کا تعلیم کے شعبہ میں ایک اور انقلابی اقدام، عوام کا خراج تحسین

افتتاح کے ایک ہفتے بعد جناح پیپلز ٹرین کا انجن پٹری سے اتر گیا

بارکھان مختلف دیہی علاقوں میں کئی ماہ سے بجلی معطل، پینے کے پانی کا شدید بحران

کنٹریکٹ اور SBK اساتذہ کے ساتھ ناانصافی ترک کی جائے، پشتونخوا ایس او

گوادر: بلوچستان ترقیاتی ادارہ ایکٹ 2026 اور محکمہ فشریز میں اصلاحات پر مشاورتی اجلاس

خواتین سیاسی عمل میں فعال کردار ادا کریں، جمال شاہ کاکڑ

قلعہ عبداللہ کے ایک شخص کے قتل کے خلاف احتجاج

بلوچستان لیبر فیڈریشن کے رہنماؤں کا علاء الدین مینگل کے انتقال پر اظہار افسوس

کھیتران برادری کی حق تلفی کو کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، عبدالسلام اچکزئی

خواتین کو امن کے عمل میں شامل نہ کرکے تک پائیدار امن نہیں آئیگا، ثنا درانی

دالبندین نوکنڈی روڈ پر مسلح افراد کی کارروائی، گاڑیاں چھین لیں

خان زمان کے بھانجے حاجی علاء الدین مینگل انتقال کر گئے

کوہلو کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا

حکمرانوں نے ملک کو تاریخ کے انتہائی نازک اور خطرناک موڑ پر کھڑا کردیا ہے، جمعیت نظریاتی

تاجر کاروباری شخصیات اور ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، ناصر سیدال

اساتذہ کے عالمی دن کے موقع پر بلوچستان پرائیویٹ اسکولز ورک کی تقریب

اسسٹنٹ کمشنر اسرار احمد مندوخیل کا بازار کا دورہ

خضدار، اساتذہ معاشرے کی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، نادرہ سالاری

بلوچستان حکومت نے قومی شاہراہوں پر احتجاج، دھرنوں اور اجتماعات پر پابندی لگادی

اوتھل، قومی شاہراہ پر موٹر سائیکل سائیکلوں پر ایرانی پٹرول کی اسمگلنگ جاری

مرحوم منصور خان جمالی کی وفات پر تعزیت و فاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری

کمشنر مکران کا بی ڈی اے پاک چائنہ فرینڈشپ ہسپتال کا اچانک دورہ

ڈیرہ بگٹی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو افراد زخمی

ژوب میں ایک ماہ کی خصوصی صفائی مہم کا آغاز

کوہلو ضلع کوہستان مری میں محکمہ ایجوکیشن کا ضلعی دفتر خستہ حالی کا شکار ہو گیا

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کانسی روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر
روزنامہ عوام
302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر 2832255 فیکس 2832244

کوئٹہ: گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، چیئرمین بلوچستان بورڈ محمد اسحاق، لیاقت ہزارہ، ملک رشید کاکڑ اور دیگر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں